مفید عالمی معلومات

سوالاً جواباً

الیاس عادل

فہرست ابواب

ابتدائیہ

اللہ تعالےٰ اور اس کے رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام کے نام سے میں نے ابتداء کی ہے ۔ میرے لیے یہ کوئی نیا کام نہ تھا ۔ اس لیے میں یہ جانتا تھا کہ یہ کام انتہائی محنت طلب اور جانفشانی کے ساتھ ساتھ عرق ریزی کا ہے ۔ چنانچہ میں نے بحرِ معلومات کی اتھاہ گہرائیوں میں ڈوب کر موتی چُننے کی کوشش کی ہے اس سلسلہ میں مجھے اپنے پبلشر اور استادِ محترم جناب آغا اشرف کا تعاون خاص طور پر حاصل رہا ۔

میں انسان ہوں اور خطا کا پُتلا ہوں اس لیے ہو سکتا ہے کہیں کوئی غلطی ہو گئی ہو لیکن دیدہ دانستہ میں نے کسی بھی غلطی کی گنجائش پیدا کرنے کی کوشش نہیں کی ۔ اس کتاب میں کوشش کی گئی ہے کہ عالمِ دنیا کی جتنی بھی زیادہ سے زیادہ معلومات ہیں وہ قارئین تک پہنچ جائیں ۔ معلومات کی دنیا میں کوئی بھی کتاب حرفِ آخر ہونے کا دعویٰ نہیں کر سکتی کیونکہ آغازِ کائنات سے تا ابد نت نئی معلومات کے دفینے پھوٹتے رہیں گے ۔

میں اپنی اس کوشش میں کس حد تک کامیاب رہا ہوں اس کا فیصلہ کتاب پڑھنے والے بخوبی کرسکتے ہیں میں صرف اتنا کہہ سکتا ہوں کہ یہ کتاب معلومات کی دنیا میں ایک اچھا اور خوب صورت اضافہ ہے۔

محمد الیاس عادل

ایم اے سیاسیات

قرآن مجید

س: دنیا میں سب سے زیادہ کون سی کتاب پڑھی جاتی ہے؟

ج: قرآن مجید۔

س: قرآن مجید کی کل آیات کی تعداد کتنی ہے؟

ج: قرآن مجید کی کل آیات کی تعداد چھ ہزار چھ سو چھیاسٹھ ہے۔ لیکن حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت کے مطابق آیات کی تعداد چھ ہزار چھ سو سولہ ہے۔

س: قرآن مجید کے حروف کی کل تعداد کتنی ہے؟

ج: تین لاکھ تیئیس ہزار چھ سو اکہتر۔

س: قرآن مجید کتنے حصوں میں تقسیم ہے؟

ج: تیس حصوں میں۔

س: ہر پارے میں کتنے رکوع ہوتے ہیں؟

ج: ایک پارہ میں پندرہ سے بیس تک رکوع ہوتے ہیں۔

س: ایک رکوع میں کتنی آیات ہوتی ہیں؟

ج: ایک رکوع میں کم و بیش دس آیات ہوتی ہیں۔

س: پورے قرآن مجید میں رکوع کی تعداد کتنی ہے؟

ج: پانچ سو چالیس۔

س: قرآن مجید کی کل کتنی منزلیں ہیں؟

ج: سات۔

س: پہلی منزل کی ابتداء کہاں سے ہوتی ہے؟

ج: سورۃ فاتحہ تا تاخر سورۃ نساء۔

س: دوسری منزل کی ابتداء کہاں سے ہوتی ہے؟

ج: از ابتداء سورۃ مائدہ تا انتہائے سورۃ توبہ۔

س: تیسری منزل کی ابتداء کہاں سے ہوتی ہے؟

ج: از ابتدائے سورۃ یونس تا انتہائے سورۃ النحل۔

س: چوتھی منزل کی ابتداء کہاں سے ہوتی ہے؟

ج: ابتدائے سورۃ بنی اسرائیل سے سورۃ فرقان تک۔

س: پانچویں منزل کی ابتداء کہاں سے ہوتی ہے؟

ج: ابتدائے سورۃ الشعرا تا انتہائے سورۃ یٰسین۔

س: چھٹی منزل کی ابتداء کہاں سے ہوتی ہے؟

ج: ابتدائے سورۃ والصف تا انتہائے الحجرات۔

س: ساتویں منزل کی ابتداء کہاں سے ہوتی ہے؟

ج: ابتدائے سورۃ ق تا آخر قرآن والناس تک۔

س: قرآن مجید کا دل کس سورۃ کو کہتے ہیں؟

ج: سورۃ یٰسین۔

س: قرآن مجید کی دلہن کس سورۃ کو کہتے ہیں؟

ج: سورۃ الرحمٰن۔

س: قرآن مجید کی سب سے بڑی سورۃ کون سی ہے؟

ج: سورۃ البقرہ۔

س: قرآن مجید کی کون سی سورۃ کے آغاز میں بسم اللہ نہیں ہے؟

ج: سورۃ توبہ۔

س: قرآن مجید کی کون سی سورۃ میں دو مرتبہ بسم اللہ آئی ہے؟

ج: سورۃ النمل۔

س: آیت کے معنی کیا ہیں؟

ج: آیت کے لغوی معنی نشانی ہیں۔

س: سورۃ کے معنی کیا ہیں؟

ج: سورۃ کے معنی عربی زبان میں رفعت و عظمت کے ہیں۔

س: لفظ سورۃ کا استعمال قرآن مجید میں کتنی دفعہ ہوا ہے؟

ج: سات دفعہ۔

س: البقرہ سے والناس تک قرآن مجید کی سورتوں کی تعداد کتنی ہے؟

ج: ایک سو چودہ۔

س: قرآن مجید میں مکی سورتیں کتنی ہیں؟

ج: ۶۵ (متفق علیہ) 65

س: قرآن مجید میں مدنی سورتیں کتنی ہیں؟

ج: ۱۸ (متفق علیہ) 18

س: مکی یا مدنی ہونے کے بارے میں کتنی سورتوں میں اختلاف ہے؟

ج: ۳۱ 31

س: وحی کسے کہتے ہیں؟

ج: وہ کلام یا اشارہ جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے نبیوں اور رسولوں کی طرف بھیجا جاتا ہے "وحی" کہلاتا ہے۔

س: برصغیر میں سب سے پہلے قرآن مجید کا ترجمہ کون سی زبان میں ہوا؟

ج: سندھی۔

س: برصغیر میں سب سے پہلے قرآنِ مجید کی تفسیر کس نے لکھی؟

ج: مولانا عثمان خیرآبادی نے۔

س: یہ تفسیر کس زبان میں لکھی گئی؟

ج: فارسی میں۔

س: یہ تفسیر کس عہد میں لکھی گئی؟

ج: سلطان ناصرالدین محمود کے دور میں۔

س: ہندوستان میں سب سے زیادہ قرآن مجید کی خدمت کس نے کی؟

ج: سلسلۂ چشتیہ کے بزرگوں نے۔

س: مغل بادشاہ بابر نے کس رسم الخط میں قرآن مجید لکھا؟

ج: خطِ بابری میں۔

س: بابر نے اپنے ہاتھ سے لکھا ہوا قرآن مجید کہاں بھیجا؟

ج: مکہ مکرمہ۔

س: ایک ورق پر قرآن مجید کس نے لکھا؟

ج: مولانا علی متقی نے۔

س: تفسیر سواطع الالہام کس نے لکھی؟

ج: فیضی نے۔

س: اس تفسیر کی خوبی کیا ہے؟

ج: اس میں کوئی منقوط حرف استعمال نہیں کیا گیا۔

س: پہلی وحی میں کتنی آیات نازل ہوئیں؟

ج: پانچ۔

س: قرآن مجید میں کل کتنے کلمات ہیں؟

ج: چھیاسی ہزار چار سو تیس۔

س: آخری وحی کون سی ہے؟

ج: سورۃ البقرہ کی آیت ۲۸۱ یا المائدہ کی آیت ۳۔

س: کتنے صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کاتبانِ وحی میں شمار ہوتے ہیں؟

ج: چالیس۔

س: قرآن مجید میں آیات کی کتنی اقسام ہیں؟

ج: دس اقسام۔

س: آیاتِ تسبیح میں کل کتنی آیات ہیں؟

ج: ایک سو۔

س: آیاتِ نہی میں کل کتنی آیات ہیں؟

ج: ایک ہزار۔

س: آیاتِ تحلیل کی تعداد کتنی ہے؟

ج: دو سو پچاس۔

س: آیاتِ وعدہ کی تعداد کتنی ہے؟

ج: ایک ہزار۔

س: آیاتِ امر کی تعداد کتنی ہے؟

ج: ایک ہزار۔

س: آیاتِ وعید کی تعداد کتنی ہے؟

ج: ایک ہزار۔

س: آیاتِ تحریم کی تعداد کتنی ہے؟

ج: دو سو پچاس۔

س: آیاتِ قصص کی تعداد کتنی ہے؟

ج: ایک ہزار۔

س: آیاتِ مثال کی تعداد کتنی ہے؟

ج: ایک ہزار۔

س: متفرقہ آیات کتنی ہیں؟

ج: چھیاسٹھ۔

س: قرآن مجید میں کل کتنے نقطے ہیں؟

ج: ۱۰۵۶۸۴۔

س: سب سے پہلے کاتبِ وحی کون ہیں؟

ج: حضرت زید بن ثابت رضؓ۔

س: قرآن مجید میں کل کتنے زبر ہیں؟

ج: ۵۳۲۲۳۔

س: قرآن مجید میں کل کتنے شد ہیں؟

ج: ۱۲۷۴۔

س: قرآن مجید میں کل کتنے زیر ہیں؟

ج: ۳۹۵۸۲۔

س: قرآن مجید میں کل کتنے پیش ہیں؟

ج: ۸۸۰۴

س: قرآن مجید میں کل کتنی مدات ہیں؟

ج: ۱۷۷۱۔

س: قرآن مجید کون سے مہینے میں نازل ہوا؟

ج: رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں۔

س: قرآن مجید کی سب سے پہلی وحی کس جگہ نازل ہوئی؟

ج: غارِ حرا میں۔

س: غارِ حرا کہاں واقع ہے؟

ج: غارِ حرا مکہ مکرمہ سے تین میل شارع عرفات پر جبل النور کی پہاڑیوں پر واقع ہے۔

س: اردو میں قرآن مجید کا سب سے پہلا ترجمہ اور تفسیر کس نے لکھی؟

ج: مولانا قاضی محمد معظم سنبھلی نے سب سے پہلے اردو میں ترجمہ و تفسیر لکھی۔

س: یہ ترجمہ و تفسیر کب لکھی گئی؟

ج: سنہ ۱۱۳۱ھ میں۔

س: تفسیر کے معنی کیا ہیں؟

ج: تشریح کرنا۔ واضح کرنا۔ پردہ ہٹانا۔

س: قرآن مجید کے سب سے پہلے مفسر کون ہیں؟

ج: نبیِ رحمت علیہ الصلوٰۃ والسلام۔

س: قرآن مجید کی اب تک کتنی تفاسیر لکھی جا چکی ہیں؟

ج: بارہ سو سے زیادہ۔

س: سب سے پہلے لاطینی زبان میں قرآن مجید کا ترجمہ کس نے کیا؟
ج: فرانس کے راہب پطرس نرابلس نے۔
س: یہ ترجمہ کب کیا گیا؟
ج: ۱۱۴۳ء میں۔
س: لاطینی زبان میں یہ ترجمہ شدہ قرآن مجید کب شائع ہوا؟
ج: ۱۵۴۳ء میں۔
س: یہ ترجمہ شدہ قرآن مجید کس جگہ سے شائع کیا گیا؟
ج: سوئٹزرلینڈ سے۔
س: یونانی اور ہسپانی زبانوں میں قرآن مجید کا ترجمہ کس نے کیا؟
ج: ان دونوں زبانوں میں قرآن مجید کا ترجمہ نہیں ہوا۔
س: قرآن مجید کا عبرانی زبان میں ترجمہ کس نے کیا؟
ج: ہرمن رکنڈرف نے۔
س: عبرانی زبان میں ترجمہ شدہ یہ قرآن مجید کب شائع ہوا؟
ج: ۱۸۵۷ء میں۔
س: جرمن زبان میں قرآن مجید کا ترجمہ سب سے پہلے کس نے کیا؟
ج: مارٹن لوتھر نے۔
س: جرمن زبان میں ترجمۃ القرآن معہ تفسیر کب شائع ہوئی؟
ج: ۱۹۳۸ء میں۔
س: ولندیزی زبان میں سب سے پہلا ترجمہ کس نے کیا؟
ج: شوئیگر نے۔
س: روسی زبان میں سب سے پہلے ترجمہ کب شائع ہوا؟

ج: ۱۷۷۶ء میں۔
س: فارسی زبان میں قرآن مجید کا ترجمہ کس نے کیا؟
ج: شیخ سعدیؒ نے۔
س: گجراتی زبان میں قرآن مجید کا ترجمہ کس نے کیا؟
ج: حاجی غلام علی اور حاجی اسماعیل رحمانی نے۔
س: جاپانی زبان میں سب سے پہلے قرآن مجید کا ترجمہ کس نے کیا؟
ج: شیخ عبدالرشید ابراہیم نے۔
س: جاوی زبان میں قرآن مجید کا سب سے پہلے ترجمہ کس نے کیا؟
ج: سمارنگ ڈگری ابن بوکھنڈل نے۔
س: برمی زبان میں قرآن مجید کا ترجمہ کس نے کیا؟
ج: احمد اللہ نے۔
س: انگریزی زبان میں سب سے پہلے قرآن مجید کا ترجمہ کس نے کیا؟
ج: لیٹن نے۔
س: انگریزی زبان میں قرآن مجید کا ترجمہ سب سے پہلے کب شائع ہوا؟
ج: ۱۶۴۸ء میں۔
س: تفسیر حقانی کس کی تصنیف ہے؟
ج: سید شاہ حقانی نبیرہ شاہ برکت اللہ مارہروی کی۔
س: بنگالی زبان میں سب سے پہلے ترجمۂ قرآنِ مجید کس نے کیا؟
ج: غلام اکبر علی نے۔
س: بنگالی زبان میں قرآنِ مجید کا سب سے پہلے ترجمہ کب شائع ہوا؟
ج: ۱۸۶۸ء میں۔

س: بنگالی زبان میں قرآن مجید کے اب تک کتنے تراجم ہوئے ہیں؟

ج: ۱۴ سے زیادہ۔

س: پشتو زبان میں قرآن مجید کی تفسیر سب سے پہلے کس نے لکھی؟

ج: حضرت مولانا علامہ مراد علی نے۔

س: اس تفسیر کا نام کیا ہے؟

ج: تفسیر یسیر

س: یہ تفسیر کب لکھی گئی؟

ج: ۱۲۸۲ ہجری میں۔

س: سندھی زبان میں قرآن مجید کا ترجمہ سب سے پہلے کس نے کیا؟

ج: اخوند عزیز اللہ متعلوی نے۔

س: یہ ترجمہ کب کیا گیا؟

ج: ۱۱۶۰ ہجری میں۔

س: قرآن مجید کا سب سے پہلے ہندی زبان میں ترجمہ کب ہوا؟

ج: ۱۸۸۳ء میں۔

س: سواحلی زبان میں قرآن مجید کا ترجمہ سب سے پہلے کب شائع ہوا؟

ج: ۱۹۲۳ء میں۔

س: یوگنڈی زبان میں سب سے پہلے قرآن مجید کا ترجمہ کس نے کیا؟

ج: مولانا رحمت علی نے۔

س: قرآن مجید میں لفظ "امام" کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: ۱۲ مرتبہ۔

س: قرآن مجید میں نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو کتنی مرتبہ "یا ایہا النبی" کہا گیا ہے؟

ج: ۱۱ مرتبہ۔

س: قرآن مجید میں سب سے زیادہ ذکر کس نبی کا کیا گیا ہے؟

ج: حضرت موسیٰ علیہ السلام کا۔

س: قرآن مجید میں کتنی مرتبہ خیرات دینے کا حکم دیا گیا ہے؟

ج: ۱۵۰ مرتبہ۔

س: قرآن مجید میں کتنی مرتبہ نماز کا حکم دیا گیا ہے؟

ج: ۷۰۰ مرتبہ۔

س: قرآن مجید میں کتنی مرتبہ دعا مانگنے کا حکم دیا گیا ہے؟

ج: ۷۰ سے زیادہ مرتبہ۔

س: حضرت موسیٰ علیہ السلام کو کل کتنے معجزات عطا ہوئے؟

ج: نو۔

س: کونسا بادشاہ ہر سال اپنے ہاتھ سے قرآن مجید لکھتا تھا؟

ج: سلطان ابراہیم غزنوی۔

س: حضرت عثمان غنیؓ کی شہادت کے وقت خون مبارک جس قرآن مجید پر لگا وہ کہاں محفوظ ہے؟

ج: تاشقند میں۔

س: سونے کے تاروں سے قرآن مجید کس جگہ لکھا گیا؟

ج: لاہور میں۔

س: اس کی خطاطی کس نے کی؟

ج: حافظ محمد اعظم نے۔

س: اس کے کل صفحات کی تعداد کتنی ہے؟

ج: ۱۲۱۴ ۔

س: گولڈن قرآن مجید کا وزن کتنا ہے؟

ج: تقریباً ساڑھے چار من ۔

س: اس پر لاگت کتنی آئی ہے؟

ج: تقریباً تین لاکھ روپے ۔

س: یہ قرآن مجید کس کمپنی نے تیار کیا؟

ج: تاج کمپنی لاہور ۔

س: قرآن مجید کی کس سورۃ میں قرآن مجید کو عظیم کہا گیا ہے؟

ج: سورۃ الحجر میں ۔

س: کنزالایمان فی ترجمۃ القرآن کے مترجم و مفسر کا نام کیا ہے؟

ج: مترجم حضرت مولانا احمد رضا خان فاضل بریلی شریف ۔ مفسر مولانا نعیم الدین مرادآبادی ۔

س: کس پارے میں اُم المومنین بی بی زینب سلام اللہ علیہا کا ذکر ہے؟

ج: بائیسویں پارے میں ۔

س: کس پارے میں فرمایا گیا ہے کہ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی گستاخی کفر ہے؟

ج: پارہ نمبر ۱، ۲۲، ۱۰، ۲۳، ۵، ۹، ۱۸، ۲۸ ۔

س: مقام محمود کا ذکر کس پارے میں ہے؟

ج: پارہ نمبر ۵ رکوع ۹ ۔

س: کس پارہ میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی یہ صفت بیان کی گئی ہے کہ آپ نہ کبھی بھٹکے ہیں اور نہ کبھی بھولے ہیں؟

ج: پارہ نمبر ۲۷ رکوع ۵ ۔

س: کس پارہ میں درود شریف پڑھنے کا حکم دیا گیا ہے؟

ج: پارہ نمبر ۲۲ رکوع ۴ ۔

س: مکہ معظمہ کی قسم اللہ تعالیٰ نے کس پارہ میں کھائی ہے؟

ج: آخری پارہ میں ۔

س: معجزہ شق القمر کا ذکر کس پارہ میں ہے؟

ج: ستائیسویں پارہ میں ۔

س: عربی رسم الخط کس نے ایجاد کیا تھا؟

ج: حضرت اسماعیل علیہ السلام نے ۔

س: ناحق قتل کے بارے میں وعید کس سورۃ میں آئی ہے؟

ج: سورۃ المائدہ میں ۔

س: زنا کی ممانعت کا حکم کس سورۃ میں ہے؟

ج: سورۃ بنی اسرائیل ۔ سورۃ النساء ۔ سورۃ النور اور الشعراء میں ۔

س: جوا اور شراب کی حرمت کا ذکر کس سورۃ میں ہے؟

ج: سورۃ البقرہ میں ۔

س: سود کی ممانعت اور وعید کس سورۃ میں ہے؟

ج: سورۃ البقرہ میں ۔

س: جھوٹ سے بچنے کا حکم کس سورۃ میں ہے؟

ج: سورۃ الجاثیہ ۔ سورۃ الحج ۔

س: تکبر کرنے والوں پر وعید کس سورۃ میں آئی ہے؟

ج: سورۃ الاعراف میں ۔

س: ظلم کرنے کی ممانعت کا حکم کس سورۃ میں ہے؟

ج: سورۃ الفرقان ۔ سورۃ آلِ عمران ۔

س: وعدہ پورا کرنے کی تاکید کس سورۃ میں ہے؟

ج: سورۃ بنی اسرائیل میں ۔

س: جھوٹی گواہی پر وعید کس سورۃ میں ہے؟

ج: سورۃ النساء میں ۔

س: رشوت کی ممانعت کا حکم کس سورۃ میں ہے؟

ج: سورۃ البقرہ میں ۔

س: چوری اور ڈاکے کی سزا کا ذکر کس سورۃ میں ہے؟

ج: سورۃ المائدہ میں ۔

س: طعنے دینا اور چغلی کرنا اس کی ممانعت کا حکم کس سورۃ میں ہے؟

ج: سورۃ القلم میں ۔

س: جھوٹی تہمت پر سزا کا حکم کس سورۃ میں ہے؟

ج: سورۃ النور میں ۔

س: بدگمانی اور غیبت سے بچنے کا حکم کس سورۃ میں ہے؟

ج: سورۃ الحجرات میں ۔

س: حسد سے ممانعت کا حکم کس سورۃ میں ہے؟

ج: سورۃ النساء ۔

س: فریب کرنے پر سزا کا حکم کس سورۃ میں ہے؟

ج: سورۃ النحل میں ۔

س: ریاکاری سے بچنے کا ذکر کس سورۃ میں ہے؟

ج: سورۃ البقرہ میں ۔

س: امانت میں خیانت نہ کرنے کا حکم کس سورۃ میں ہے؟

ج: سورۃ الانفال میں ۔

س: ناپ تول میں کمی پر وعید کس سورۃ میں آئی ہے؟

ج: سورۃ المطففین میں ۔

س: ارمنی زبان میں قرآن مجید کا سب سے پہلے ترجمہ کس نے کیا؟

ج: امیر خانیانے ۔

س: یہ ترجمہ کب شائع ہوا؟

ج: ۱۹۱۹ء میں ۔

س: قرآن مجید میں حرف "ی" کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: ۴۵۹۱۹ مرتبہ ۔

س: قرآن مجید میں حرف "ہ" کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: ۱۹۰۷۰ مرتبہ ۔

س: قرآن مجید میں حرف "م" کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: ۲۶۵۳۵ مرتبہ ۔

س: قرآن مجید میں حرف "و" کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: ۴۸۸۷۲ مرتبہ ۔

س: قرآن مجید میں حرف "ق" کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: ۶۸۱۳ مرتبہ ۔

س: قرآن مجید میں حرف "ت" کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: ۱۲۷۶ مرتبہ ۔

س: قرآن مجید میں حرف "ع" کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: ٩٢٢٠ مرتبہ۔

س: قرآن مجید میں حرف "خ" کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: ٢٤١٦ مرتبہ۔

س: قرآن مجید میں حرف "ض" کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: ١٣٠٧ مرتبہ۔

س: قرآن مجید میں حرف "م" کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: ١١٧٩٣ مرتبہ۔

س: قرآن مجید میں حرف "س" کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: ٥٩٩١ مرتبہ۔

س: حروفِ مقطعات سے کیا مراد ہے؟

ج: قرآن مجید کے وہ الفاظ جن کے معنی اللہ تعالیٰ اور رسولِ کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے سوا کوئی نہیں جانتا۔

س: بوہیمیہ زبان میں سب سے پہلا ترجمۂ قرآن مجید کس نے کیا؟

ج: غلی نے۔

س: یہ ترجمہ کب شائع ہوا؟

ج: ١٩٢٥ء میں۔

س: چینی زبان میں قرآن مجید کا ترجمہ سب سے پہلے کب شائع ہوا؟

ج: ١٩٢٣ء میں۔

س: پنجابی زبان میں سب سے پہلا قرآن مجید کا ترجمہ کس نے کیا؟

ج: حافظ محمد لکھوی نے۔

س: برصغیر میں فارسی زبان میں سب سے پہلا ترجمہ کس نے کیا؟

ج: حضرت شاہ ولی اللہ نے۔

س: آخری وحی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر کب نازل ہوئی؟

ج: ٣ ربیع الاول ١١ھ کو۔

س: آخری وحی کے کاتب کون ہیں؟

ج: حضرت ابی بن کعبؓ۔

س: سب سے پہلے بسم اللہ کس نے لکھی؟

ج: حضرت خالد بن سعیدؓ نے۔

س: حضرت حفصہؓ نے کس سے قرآن مجید لکھوایا تھا؟

ج: حضرت عمرؓ بن رافع سے۔

س: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی زندگی میں کتنی مرتبہ قرآن مجید لکھا؟

ج: چار مرتبہ۔

س: سونے کے پانی سے سب سے پہلے قرآن مجید کس نے لکھا؟

ج: جناب قطبہ نے۔

س: سونے کے پانی سے سب سے پہلے قرآن مجید کس کے عہد میں لکھا گیا؟

ج: حضرت امیر معاویہؓ کے عہد میں۔

س: عام طور پر قرآن مجید کس رسم الخط میں لکھا جاتا ہے؟

ج: خطِ نسخ میں۔

س: قرآن مجید میں تلاوت کے وقت سجدوں کی تعداد کتنی ہے؟

ج: ١٤ مقامات پر سب متفق ہیں جبکہ ایک پر اختلاف ہے۔

س: قرآن مجید میں " ذ " کتنی مرتبہ آیا ہے ؟

ج: ۴۶۷۷ مرتبہ۔

س: قرآن مجید میں حرف "ش" کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: ۲۱۱۵ مرتبہ۔

س: قرآن مجید میں " ح " کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: ۹۷۳ مرتبہ۔

س: قرآن مجید میں " ط " کتنی مرتبہ آیا ہے ؟

ج: ۱۲۷۷ مرتبہ۔

س: قرآن مجید میں " ت " کتنی مرتبہ آیا ہے ؟

ج: ۱۱۹۹ مرتبہ۔

س: قرآن مجید میں " غ " کتنی مرتبہ آیا ہے ؟

ج: ۲۲۰۸ مرتبہ۔

س: قرآن مجید میں " و " کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: ۲۵۵۳۶ مرتبہ۔

س: قرآن مجید میں " ب " کتنی مرتبہ آیا ہے ؟

ج: ۱۱۴۲۸ مرتبہ۔

س: قرآن مجید میں " لا " کتنی مرتبہ آیا ہے ؟

ج: ۳۷۲۰ مرتبہ۔

س: قرآن مجید میں " ل " کتنی مرتبہ آیا ہے ؟

ج: ۳۴۳۲ مرتبہ۔

س: قرآن مجید میں "ز" کتنی مرتبہ آیا ہے ؟

ج: ۱۵۹۰ مرتبہ۔

س: قرآن مجید میں "ن" کتنی مرتبہ آیا ہے ؟

ج: ۴۰۱۹۰ مرتبہ۔

س: قرآن مجید میں " ج " کتنی مرتبہ آیا ہے ؟

ج: ۳۲۷۳ مرتبہ۔

س: قرآن مجید میں " ظ " کتنی مرتبہ آیا ہے ؟

ج: ۸۴۲ مرتبہ۔

س: قرآن مجید میں " ک " کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: ۹۵۰۰ مرتبہ۔

س: قرآن مجید میں " ص " کتنی مرتبہ آیا ہے ؟

ج: ۲۰۱۲ مرتبہ۔

س: قرآن مجید میں " ف " کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: ۸۴۹۹ مرتبہ۔

س: قرآن مجید میں " د " کتنی مرتبہ آیا ہے ؟

ج: ۵۶۰۲ مرتبہ۔

س: کون سے حروف ایسے ہیں جو قرآن مجید میں ایک بھی نہیں ؟

ج: چ اور گ۔

س: کس وجہ سے ان حروف کا دخول قرآن مجید میں نہیں ہے ؟

ج: اس لیے کہ یہ حروف عربی کے حروف تہجی میں ہی نہیں ہیں۔

س: مکمل صورت میں نازل ہونے والی پہلی سورۃ کون سی تھی ؟

ج: سورۃ فاتحہ۔

س: قرآن مجید میں حضرت جبرائیل علیہ السلام کا ذکر کتنی مرتبہ ہوا ہے؟
ج: تین مرتبہ۔
س: قرآن مجید کا پہلا سجدہ کس سورۃ میں آتا ہے؟
ج: سورۃ الاعراف میں۔
س: قرآن مجید کا دوسرا سجدہ کس سورۃ میں آتا ہے؟
ج: سورۃ الرعد میں۔
س: قرآن مجید کا تیسرا سجدہ کس سورۃ میں آتا ہے؟
ج: سورۃ النحل میں۔
س: قرآن مجید کا چوتھا سجدہ کس سورۃ میں آتا ہے؟
ج: سورۃ بنی اسرائیل میں۔
س: قرآن مجید کا پانچواں سجدہ کس سورۃ میں آتا ہے؟
ج: سورۃ مریم میں۔
س: قرآن مجید کا چھٹا سجدہ کس سورۃ میں آتا ہے؟
ج: سورۃ الحج میں۔
س: قرآن مجید کا ساتواں سجدہ کس سورۃ میں آتا ہے؟
ج: سورۃ الفرقان میں۔
س: قرآن مجید کا آٹھواں سجدہ کس سورۃ میں آتا ہے؟
ج: سورۃ النمل میں۔
س: قرآن مجید کا نواں سجدہ کس سورۃ میں آتا ہے؟
ج: سورۃ السجدہ میں۔
س: قرآن مجید کا دسواں سجدہ کس سورۃ میں آتا ہے؟

ج: سورۃ ص میں۔
س: قرآن مجید کا گیارھواں سجدہ کس سورۃ میں آتا ہے؟
ج: سورۃ حٰمٓ السجدہ میں۔
س: قرآن مجید کا بارھواں سجدہ کس سورۃ میں آتا ہے؟
ج: سورۃ القمر میں۔
س: قرآن مجید کا تیرھواں سجدہ کس سورۃ میں آتا ہے؟
ج: سورۃ الانشقاق میں۔
س: قرآن مجید کا چودھواں سجدہ کس سورۃ میں آتا ہے؟
ج: سورۃ العلق میں۔
س: حضرت ادریس علیہ السلام کا ذکر قرآن مجید کی کتنی سورتوں میں آیا ہے؟
ج: دو میں۔ سورۃ مریم اور سورۃ انبیاء
س: قرآن مجید میں آلِ یعقوب کا ذکر کتنی جگہ آیا ہے؟
ج: دو جگہ۔ یوسفؑ ۔ مریمؑ
س: قرآن مجید میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کا اسم مبارک کتنی مرتبہ آیا ہے؟
ج: چھیاسٹھ مرتبہ۔
س: قرآن مجید میں ابی لہب کا ذکر کتنی مرتبہ ہوا ہے؟
ج: صرف ایک جگہ۔
س: قرآن مجید میں ابلیس کا ذکر کتنی مرتبہ ہوا ہے؟
ج: دس مرتبہ۔

س: قرآن مجید میں احمد کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: ایک مرتبہ۔

س: قرآن مجید میں محمد کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: چار مرتبہ۔ 4

س: قرآن مجید میں حضرت اسحاق علیہ السلام کا ذکر کتنی مرتبہ ہوا ہے

ج: دس مرتبہ۔

س: قرآن مجید میں اسرائیل کا لفظ کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: دو مرتبہ۔

س: قرآن مجید میں حضرت اسماعیل علیہ السلام کا اسم مبارک کتنی بار آیا ہے؟

ج: آٹھ بار۔

س: قرآن مجید میں حضرت الیاس علیہ السلام کا نامِ مبارک کتنی آیا ہے؟

ج: تین دفعہ۔

س: قرآن مجید میں حضرت ایوب علیہ السلام کا ذکر کتنی جگہ ہوا ہے؟

ج: چار جگہ۔

س: قرآن مجید میں بنی آدم کا لفظ کتنی جگہ پر آیا ہے؟

ج: چار جگہ پر۔

س: قرآن مجید میں بنی اسرائیل کا لفظ کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: سورۃ البقرہ سے سورۃ الصف تک چالیس مرتبہ۔

س: قرآن مجید میں ثمود کا ذکر کتنی مرتبہ ہوا ہے؟

ج: ۲۳ مرتبہ۔ 2-3

س: قرآن مجید میں جالوت علیہ السلام کا ذکر کتنی مرتبہ ہوا ہے؟

ج: ۳ مرتبہ۔ 3

س: قرآن مجید میں حضرت داؤد علیہ السلام کا ذکر کتنی مرتبہ ہوا ہے؟

ج: سولہ مرتبہ۔ 16

س: قرآن مجید میں ذوالقرنین کا لفظ کتنی جگہوں پر استعمال ہوا ہے؟

ج: تین جگہوں پر۔ 3

س: قرآن مجید میں ذوالکفل علیہ السلام کا نام کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: ایک مرتبہ۔ 1

س: قرآنِ مجید میں ذوالنون کا لفظ کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: ایک مرتبہ۔ 1

س: قرآن مجید میں روح القدس کا لفظ کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: چار مرتبہ۔ 4

س: قرآن مجید میں آلِ روم کا ذکر کتنی مرتبہ ہوا ہے؟

ج: ایک مرتبہ۔ 1

س: قرآن مجید میں حضرت زکریا علیہ السلام کا ذکر کتنی مرتبہ ہوا ہے؟

ج: سات مرتبہ۔ 7

س: قرآن مجید میں حضرت زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ذکر کتنی مرتبہ ہوا ہے؟

ج: ایک مرتبہ۔ 1

س: حضرت زید رضی اللہ تعالیٰ کا ذکر کس سورۃ میں ہوا ہے؟

ج: الاحزاب ع ۹۔

س: قرآن مجید میں سامری کا نام کتنی دفعہ آیا ہے؟

ج: دو دفعہ۔

س: قرآن مجید میں حضرت سلیمان علیہ السلام کا اسم مبارک کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: پندرہ مرتبہ۔

س: قرآن مجید میں حضرت صالح علیہ السلام کا ذکر کتنی جگہوں پر ہوا ہے؟

ج: نو جگہوں پر۔

س: قرآن مجید میں حضرت شعیب علیہ السلام کا ذکر کتنی جگہوں پر ہوا ہے؟

ج: بارہ جگہوں پر۔

س: قرآن مجید میں عاد کا ذکر کتنی مرتبہ ہوا ہے؟

ج: تئیس مرتبہ۔

س: قرآن مجید میں عزیر علیہ السلام کا اسم مبارک کتنی دفعہ آیا ہے؟

ج: ایک دفعہ۔

س: قرآن مجید میں عزیز کا لفظ کتنی جگہوں پر آیا ہے؟

ج: دو جگہوں پر۔

س: قرآن مجید میں حضرت عیسٰے علیہ السلام کا اسم مبارک کتنی م آیا ہے؟

ج: تئیس مرتبہ۔

س: قرآن مجید میں غلام کا لفظ کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: تین مرتبہ۔

س: قرآن مجید میں فرعون کا نام کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: چوتیس مرتبہ۔

س: قرآن مجید میں قارون کا نام کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: چار مرتبہ۔

س: قرآن مجید میں حضرت لقمان کا ذکر کتنی جگہوں پر ہوا ہے؟

ج: دو جگہوں پر۔

س: قرآن مجید میں حضرت لوط علیہ السلام کا اسم مبارک کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: ۲۶ مرتبہ۔

س: قرآن مجید میں یاجوج و ماجوج کا ذکر کتنی جگہوں پر ہوا ہے؟

ج: دو جگہوں پر۔

س: قرآن مجید میں ہاروت و ماروت کا ذکر کتنی مرتبہ ہوا ہے؟

ج: ایک مرتبہ۔

س: قرآن مجید میں حضرت مریم کا اسم مبارک کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: ۳۵ مرتبہ۔

س: قرآن مجید میں مسیح کا لفظ کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: گیارہ مرتبہ۔

س: قرآن مجید میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کا ذکر کتنی مرتبہ ہوا ہے؟

ج: ۱۲۸ مرتبہ۔

س: قرآن مجید میں حضرت میکائیل علیہ السلام کا اسم مبارک کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: ایک مرتبہ۔

س: قرآن مجید میں نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ازواج مطہرات کو کتنی جگہوں پر خطاب کیا گیا ہے؟

ج: دو جگہوں پر۔

س: قرآن مجید میں حضرت نوح علیہ السلام کا اسم مبارک کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: چالیس مرتبہ۔

س: قرآن مجید میں حضرت ہارون علیہ السلام کا اسم مبارک کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: اٹھارہ مرتبہ۔

س: قرآن مجید میں ہامان کا ذکر کتنی مرتبہ ہوا ہے؟

ج: چار مرتبہ۔

س: قرآن مجید میں حضرت ہود علیہ السلام کا اسم مبارک کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: سات مرتبہ۔

س: قرآن مجید میں حضرت یحییٰ علیہ السلام کا اسم مبارک کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: پانچ مرتبہ۔

س: قرآن مجید میں حضرت یعقوب علیہ السلام کا اسم مبارک کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: چودہ مرتبہ۔

س: قرآن مجید میں حضرت یوسف علیہ السلام کا اسم مبارک کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: ۲۶ مرتبہ۔

س: قرآن مجید میں حضرت یونس علیہ السلام کا اسم مبارک کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: چار مرتبہ۔

س: قرآن مجید میں حضرت آدم علیہ السلام کا ذکر کتنی مرتبہ ہوا ہے؟

ج: سترہ مرتبہ۔

س: قرآن مجید میں آذر کا نام کتنی دفعہ آیا ہے؟

ج: صرف ایک جگہ۔

س: آذر کا نام کس سورۃ میں آیا ہے؟

ج: سورۃ الانعام ع ۹۔

س: قرآن مجید میں آلِ ابراہیم کا لفظ کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: دو مرتبہ۔

س: قرآن مجید میں آلِ ابراہیم کا لفظ کن سورتوں میں آیا ہے؟

ج: آلِ عمران ع ۴۔ النساء ع ۷۔

س: قرآن مجید میں آلِ داؤد کا لفظ کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: صرف ایک مرتبہ۔

س: قرآن مجید میں آلِ عمران کا لفظ کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: ایک مرتبہ۔

س: قرآن مجید میں آلِ فرعون کا ذکر کتنی مرتبہ ہوا ہے؟

ج: تیرہ مرتبہ۔

س: قرآن مجید میں آلِ لوط کا لفظ کتنی مرتبہ استعمال ہوا ہے؟

ج: چار مرتبہ۔

س: قرآن مجید میں آلِ موسیٰ آلِ ہارون کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: ایک مرتبہ۔

س: علامہ جلال الدین سیوطی رحمتہ اللہ علیہ نے کتنی عمر میں قرآنِ مجید حفظ کیا تھا؟

ج: آٹھ سال کی عمر میں۔

س: سید اشرف جہانگیر سمنانی رحمتہ اللہ علیہ نے کتنی عمر میں قرآن مجید حفظ کیا؟

ج: سات سال کی عمر میں (ساتوں قرأت کے ساتھ)

س: امام شافعیؒ نے کتنی عمر میں قرآن مجید حفظ کیا تھا؟

ج: سات سال کی عمر میں۔

س: حضرت سہل بن عبداللہ تستری رحمتہ اللہ علیہ نے کتنی عمر میں قرآن مجید حفظ کیا تھا؟

ج: چھ سال کی عمر میں۔

س: حضرت سفیان بن عینیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کتنی عمر میں قرآن مجید حفظ کیا تھا؟

ج: صرف چار سال کی عمر میں۔

س: کس امام نے صرف سات روز میں قرآن مجید مکمل حفظ کیا تھا؟

ج: امام محمد بن حسن رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ۔

س: کس ہستی نے صرف تین روز میں قرآن مجید حفظ کر لیا تھا؟

ج: ہشام ابن کلبیؒ نے۔

س: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عہد خلافت میں کتنے حفاظ شہید ہوئے؟

ج: سات سو۔

س: یہ حفاظ کیسے شہید ہوئے؟

ج: مسیلمہ کذاب کے ساتھ جنگ کرتے ہوئے؟

س: حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے سورۃ البقرہ کو کتنی مدت میں حفظ کیا تھا؟

ج: بارہ سال میں۔

س: قرآن مجید دیکھ کر پڑھنا زیادہ افضل ہے یا زبانی؟

ج: دیکھ کر پڑھنا زیادہ افضل ہے۔

س: سب سے زیادہ غنی کون ہے؟

ج: فرمانِ نبویؐ کے مطابق حافظِ قرآن۔

س: کس صحابیؓ نے ایک رکعت میں پورا قرآن مجید پڑھا؟

ج: حضرت عثمان غنیؓ نے۔

س: آپؓ کے علاوہ کس صحابیؓ نے ایک رکعت میں پورا قرآن مجید پڑھا؟

ج: حضرت سعید بن جبیرؓ نے۔

س: حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کس جگہ ایک رکعت میں یوں قرآن مجید پڑھا؟

ج: خانہ کعبہ میں۔

س: حضرت تمیم داری رضی اللہ تعالیٰ عنہ ایک رکعت میں کتنا قرآن مجید پڑھتے تھے؟

ج: پورا قرآن مجید۔

س: کون سے امام ایک رکعت میں پورا قرآن مجید پڑھتے تھے؟

ج: امام اعظم ابو حنیفہؒ۔

س: امام ابو حنیفہ رحمتہ اللہ علیہ کا اس طرح قرآن مجید پڑھنا کتنی مدت تک رہا؟

ج: تیس سال تک یہ معمول رہا۔

س: امام ابو حنیفہ رحمتہ اللہ علیہ رمضان المبارک میں کتنے قرآن مجید ختم کرتے تھے؟

ج: اکسٹھ قرآن پاک۔

س: کس ہستی نے بعد نمازِ عشاء سے لیکر صبح تک ایک پاؤں پر کھڑے ہوکر قرآنِ مجید ختم کیا؟

ج: حضور غوث الاعظمؓ نے۔

س: حضور غوث الاعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا یہ عمل کتنی مدت تک رہا؟

ج: پندرہ برس تک۔

س: قرآن مجید کو بلا وضو پڑھنا جائز ہے یا نہیں؟

ج: قرآن مجید کو بغیر وضو کے زبانی پڑھ سکتے ہیں مگر باوضو پڑھنا اچھا ہے۔

س: قرآن مجید کو زبانی پڑھنا بھی کب جائز نہیں؟

ج: خروج ریح کی حالت میں۔

س: قرآن مجید کے کس پارہ میں صرف ایک سورۃ ہے؟

ج: دوسرے پارے میں۔

س: قرآن مجید کے آخری پارے میں کتنی سورتیں ہیں؟

ج: ۳۷۔

س: قرآن مجید کی سورۃ کوثر کب نازل ہوئی تھی؟

ج: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے صاحبزادے حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے وصال مبارک کے موقع پر۔

س: سورۂ جن کس لفظ سے شروع ہوتی ہے؟

ج: "قل" سے۔

س: قرآن مجید کی کتنی سورتیں ایک ساتھ نازل ہوئیں؟

ج: دو۔ سورۃ الفلق اور سورۃ الناس۔

س: سورۂ نصر کو اور کس نام سے پکارا جاتا ہے؟

ج: سورۃ الوداع۔

س: سورۂ سبع ثانی کسے کہتے ہیں؟

ج: سورۂ فاتحہ کو۔

س: قرآن مجید کے حروف پر اعراب کس نے لگوائے تھے؟

ج: حجاج بن یوسف نے۔

س: قرآن مجید کو قبر کے نزدیک پڑھنا کس امام کے نزدیک مکروہ ہے؟

ج: امام اعظم ابو حنیفہؒ کے نزدیک۔

س: کس امام کے نزدیک مکروہ نہیں؟

ج: امام محمدؒ۔

س: آیت الکرسی کس سورہ میں ہے؟

ج: سورۃ البقرہ میں۔

س: قرآن مجید کا سب سے پہلے نازل ہونے والا لفظ کونسا ہے؟

ج: اقراء۔

س: احسن القصص کس سورۃ کو کہتے ہیں؟

ج: سورۃ یوسف کو۔

س: قرآن مجید میں مکہ کو کس نام سے بیان کیا گیا ہے؟

ج: بکہ کے نام سے۔

س: سب سے پہلے نازل ہونے والی سورۃ کا نام کیا ہے؟

ج: سورۂ علق۔

س۔ جلدی سے بتایئے کہ سورۃ الکوثر میں کتنی مرتبہ حرف "م" آیا ہے۔

ج۔ ایک بار بھی نہیں۔

س: اس صحابی کا نام بتایئے جس کی قرآن مجید خوش الحانی میں پڑھنے پر حضور علیہ السلام نے تعریف کی؟

ج: حضرت سالمؓ۔

س: قرآن مجید کتنے عرصہ میں نازل ہوا؟

ج: ۲۲ سال ۵ ماہ تقریباً۔

نبیٔ رحمت علیہ الصلوٰۃ والسلام

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی جائے ولادت کون سی متبرک جگہ ہے؟

ج: مکۃ المکرمہ۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کس ساعت دنیا میں تشریف لائے؟

ج: صبح صادق کے وقت۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے والدِ ماجد کا اسم مبارک کیا ہے؟

ج: حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی والدہ ماجدہ کا اسم مبارک کیا ہے؟

ج: حضرت بی بی آمنہ سلام اللہ علیہا۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے والدِ ماجد کا انتقال کب ہوا؟

ج: آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ولادت سے پیشتر۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی والدہ ماجدہ کا انتقال کب ہوا؟

ج: جب آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی عمر مبارک چھ سال تھی۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے دادا جان کا نام کیا تھا؟

ج: حضرت عبدالمطلب۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی دادی کا اسم مبارک کیا تھا؟
ج: بی بی فاطمہ سلام اللہ علیہا۔
س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے دادا جان کا انتقال کب ہوا؟
ج: جب آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی عمر مبارک آٹھ سال تھی۔
س: پہلی وحی کے وقت حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی عمر مبارک کتنی تھی۔
ج: چالیس برس۔
س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے پر دادا کا نام مبارک کیا ہے؟
ج: جناب ہاشم۔
س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے دادا جان کا اسم مبارک کیا ہے؟
ج: جناب عبدالمطلب۔
س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے کتنے چچا تھے؟
ج: دس۔
س: جناب عبدالمطلب کی کس بیوی سے جناب عبداللہ پیدا ہوئے؟
ج: بی بی فاطمہ۔
س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے والد محترم کی شادی کے وقت عمر کیا تھی؟
ج: بیس برس تقریباً۔
س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اپنے والدِ محترم کے انتقال کے کتنے عرصے بعد پیدا ہوئے؟
ج: دو ماہ بعد۔
س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا قد مبارک کتنا تھا؟
ج: بہت ہی موزوں اور میانہ قد مبارک تھا۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا رنگ مبارک کیسا تھا؟
ج: سرخ و سفید رنگ تھا۔
س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی پیشانی مبارک کیسی تھی؟
ج: پیشانی چوڑی اور ابرو پیوستہ تھے۔
س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا چہرہ مبارک کیسا تھا؟
ج: سُرخ و سفید اور ہلکا لمبی بہت ہی خوبصورت، بہت زیادہ گوشت نہ تھا۔
س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے منہ مبارک کا دہانہ کیسا تھا؟
ج: دہانہ مبارک کشادہ تھا۔
س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے دندان مبارک کیسے تھے؟
ج: دندان مبارک بہت پیوستہ نہ تھے یعنی انتہائی خوبصورت چمکدار۔
س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی گردن مبارک کیسی تھی؟
ج: گردن مبارک اونچی اور سیدھی بہت ہی خوبصورت تھی۔
س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا سر مبارک کیسا تھا؟
ج: سر مبارک بڑا مگر انتہائی مناسب خوبصورت۔
س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا سینہ مبارک کیسا تھا؟
ج: سینہ مبارک کشادہ اور فراخ تھا۔
س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے سر کے بال مبارک کیسے تھے؟
ج: سر کے بال مبارک نہ بہت پیچیدہ تھے اور نہ بالکل سیدھے تھے۔
س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ریش مبارک کیسی تھی؟
ج: ریش مبارک گھنی تھی۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی مبارک آنکھیں کیسی تھیں؟
ج: مبارک آنکھیں سیاہ سرمگیں تھیں۔
س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی مبارک پلکیں کیسی تھیں؟
ج: مبارک پلکیں بڑی بڑی تھیں۔
س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے شانے مبارک کیسے تھے؟
ج: شانے مبارک گوشت سے پر اور مونڈھوں کی ہڈیاں بڑی تھیں۔
س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ناف مبارک سے اوپر کا حصہ کیسا تھا؟
ج: سینہ مبارک سے لے کر ناف مبارک تک بالوں کی باریک ہلکی لکیر تھی۔
س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے شانے اور کلائیاں کیسی تھیں؟
ج: کلائیوں اور شانوں پر بال تھے اور کلائیاں لمبی تھیں۔
س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی مبارک ہتھیلیاں کیسی تھیں؟
ج: مبارک ہتھیلیاں گوشت سے پُر اور چوڑی تھیں۔
س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے پاؤں مبارک کیسے تھے؟
ج: پاؤں مبارک کی ایڑیاں نازک اور ہلکی تھیں پاؤں کے تلوے درمیان سے ذرا خالی تھے۔
س: کیا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا سایہ تھا؟
ج: نہیں۔
س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی مہرِ نبوت کس جگہ تھی؟
ج: دونوں شانوں کے درمیان مہر نبوت بنی ہوئی تھی۔
س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو کس رنگ کا لباس پسند تھا؟

ج: سبز اور سفید رنگ کا۔
س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کون سا لباس پہنتے تھے؟
ج: کرتا اور تہہ بند۔
س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سر مبارک پر کیا باندھتے تھے؟
ج: عمامہ۔
س: کیا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام خالی عمامہ سر پہ باندھتے تھے؟
ج: نہیں بلکہ عمامہ کے نیچے ٹوپی بھی پہنتے تھے۔
س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے عمامہ کی لمبائی کتنی تھی؟
ج: ۷ گز۔
س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اوڑھنے والی چادر کی لمبائی چوڑائی کتنی ہوتی تھی؟
ج: لمبائی چار گز اور چوڑائی سوا دو گز۔
س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو کس رنگ کا لباس سخت ناپسند تھا؟
ج: شوخ سرخ رنگ۔
س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام دورانِ سفر دوسری چیزوں کے علاوہ کون سی سات چیزیں ہمیشہ ساتھ رکھتے تھے؟
ج: سرمہ دانی۔ کنگھا۔ تیل۔ مسواک۔ آئینہ۔ لکڑی کی ایک باریک کھپچی قینچی۔
س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو سب سے زیادہ کون سی خوشبو پسند تھی؟
ج: مشک اور عود کی خوشبو۔
س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ازواجِ مطہرات کی تعداد کتنی تھی؟

ج: تیرہ۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا سب سے پہلا نکاح کن کے ساتھ ہوا؟

ج: حضرت خدیجہؓ بنت خویلد قریشیہ کے ساتھ۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا آخری نکاح کن کے ساتھ ہوا؟

ج: حضرت میمونہؓ بنت حارث ہلالی بن حزن۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بیٹیوں کی تعداد کتنی ہے؟

ج: چار۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے صاحبزادے حضرت ابراہیمؓ کن کے بطن مبارک سے تھے؟

ج: حضرت ماریہ قبطیہؓ کے بطنِ مبارک سے۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اولاد میں سب سے پہلے کون پیدا ہوئے؟

ج: حضرت قاسم رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: حضرت قاسم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کن کے بطن مبارک سے پیدا ہوئے؟

ج: حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بطن مبارک سے۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی سب سے بڑی صاحبزادی کا اسم مبارک کیا ہے؟

ج: حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: حضور علیہ السلاۃ والسلام کے سب سے چھوٹے صاحبزادے کا نام کیا تھا؟

ج: حضرت ابراہیم رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی پسندیدہ غذائیں کون سی ہیں؟

ج: ثرید۔ گوشت۔ پنیر۔ چھوہارا۔ دودھ۔ حلوہ اور شہد۔

س: ابولہب کا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے کیا رشتہ تھا؟

ج: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا چچا تھا۔

س: کیا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کبھی کسی کے لیے بددعا مانگی؟

ج: کبھی نہیں۔

س: اُمّ المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا پر جھوٹی تہمت کس نے تراشی تھی؟

ج: عبداللہ بن ابی نے۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کس دھات کی انگوٹھی پہنتے تھے؟

ج: چاندی کی۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کس ہاتھ کی کس انگلی میں انگوٹھی پہنتے تھے؟

ج: سیدھے ہاتھ کی چوتھی انگلی میں۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی انگوٹھی پر کیا لکھا ہوتا تھا؟

ج: محمد رسول اللہ۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے پاس کتنی تلواریں تھیں؟

ج: تین۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تلواروں کے نام کیا تھے؟

ج: ذوالفقار۔ ماثور اور تبار۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کس رنگ کے گھوڑے کو پسند فرماتے تھے؟

ج: سرخ رنگ کے گھوڑے کو۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی کتنی اونٹنیاں تھیں؟

ج: دو۔

س: ان اونٹنیوں کا نام کیا تھا؟

ج: عقباء اور قصواء۔

س: کون سی روٹی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کبھی نہیں کھائی تھی؟

ج: باریک آٹے کی چپاتی۔

س: کھانے میں کون سی چیز آپ ناپسند فرماتے تھے؟

ج: کچا پیاز اور لہسن۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نمازوں کی ادائیگی کیسے فرماتے تھے؟

ج: فرض نماز مسجد میں اور سنتیں اور نوافل حجرہ مبارک میں پڑھتے تھے

س: صحابہ کرام رضوان اللہ اجمعین حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو کیسے مخاطب کرتے تھے؟

ج: یا رسول اللہ کہہ کر۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر سب سے پہلے عورتوں میں سے کون ایمان لایا؟

ج: حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر بچوں میں سے سب سے پہلے کون ایمان لایا؟

ج: حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر جوانوں میں سب سے پہلے کون ایمان لائے؟

ج: حضرت ابوبکر صدیقؓ۔

س: غلاموں میں سب سے پہلے کون ایمان لایا؟

ج: حضرت زید بن حارثؓ۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کس پہاڑی پر چڑھ کر اسلام کی دعوت کا آغاز کیا؟

ج: صفا۔

س: یہ پہاڑی کس جگہ واقع ہے؟

ج: مکہ معظمہ میں۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے چچا ابوطالب کی وفات کب ہوئی؟

ج: نبوت کے دسویں سال ماہ شوال میں۔

س: حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا وصال کب ہوا؟

ج: ابوطالب کی وفات کے تین دن بعد۔

س: نبوت کے دسویں سال کو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کیا نام دیا؟

ج: غم کا سال۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے طائف کا سفر کب اختیار کیا؟

ج: ماہ شوال کے آخر میں نبوت کے دسویں سال۔

س: اس سفر میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ہمراہ کون تھے؟

ج: حضرت زیدؓ بن حارث۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو معراج شریف کب ہوئی؟
ج: نبوت کے پانچویں سال۔
س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے غارِ ثور میں کتنے دن قیام فرمایا؟
ج: تین دن۔
س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام غارِ ثور سے کس دن مدینہ ہجرت کے لیے نکلے؟
ج: بروز پیر ربیع الاول سنہ ۱ھ۔
س: اس سفر کے لیے غارِ ثور میں اونٹنیاں کس نے پہنچائیں؟
ج: عامر بن فہیرہؓ نے۔
س: اس سفر میں راستہ بتلانے کے لیے کون ساتھ تھے؟
ج: عبداللہ بن اریقط۔
س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو معراج شریف جسمانی ہوئی تھی یا روحانی؟
ج: جسمانی۔
س: شق صدر کا واقعہ کہاں پیش آیا؟
ج: چاہِ زمزم کے پاس۔
س: معراج شریف کی رات حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی سواری کا نام کیا ہے؟
ج: براق۔
س: براق کی رفتار کتنی ہے؟
ج: یہ ایسی تیز رفتار تھی کہ جہاں نظر کی حد ختم ہو وہاں اس کا پہلا قدم

پڑتا تھا۔
س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام بیت المقدس کے کس مقام پر اترے؟
ج: "بابِ محمد" کے مقام پر۔
س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی امامت میں تمام انبیاء و ملائکہ نے کتنی رکعت نماز ادا کی؟
ج: دو رکعت۔
س: معراج کی رات جبرئیل علیہ السلام نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے سامنے کس چیز کے پیالے پیش کیے تھے؟
ج: دودھ اور شراب کے۔
س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کونسا پیالہ قبول فرمایا تھا؟
ج: دودھ کا۔
س: جنگِ بدر کا واقعہ کب پیش آیا؟
ج: ہجرت کے دوسرے برس۔
س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو سب سے بڑا معجزہ کیا عطا ہوا؟
ج: قرآن مجید۔
س: مدینہ منورہ پہنچ کر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے سب سے پہلا کام کیا کیا؟
ج: مسجد اور مدرسہ کی بنیاد رکھی۔
س: اس مسجد اور مدرسہ کا نام کیا تھا؟
ج: مسجد نبوی اور مدرسہ صفہ۔
س: کس مسجد کی تعمیر میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنے دستِ مبارک

سے حصہ لیا۔

ج: مسجد نبوی۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کس تاریخ کو حج کا ارادہ فرمایا؟

ج: ۲۶ ذیقعدہ ۱۰ھ بروز ہفتہ۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے حجۃ الوداع میں کتنے خطبے ارشاد فرمائے؟

ج: تین۔

س: پہلا خطبہ کب اور کس جگہ ارشاد فرمایا؟

ج: ۹ ذی الحج کو میدانِ عرفات میں۔

س: دوسرا خطبہ کب اور کس جگہ ارشاد فرمایا؟

ج: ۱۰ ذی الحج کو مقامِ منیٰ میں۔

س: تیسرا خطبہ کب اور کس جگہ ارشاد فرمایا؟

ج: ۱۱ یا ۱۲ ذی الحج کو مقامِ منیٰ میں۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے حجۃ الوداع کے کتنے روز بعد وصال فرمایا؟

ج: ۸۱ روز بعد۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی علالت کا آغاز کس تاریخ کو ہوا؟

ج: بروز چہار شنبہ ۱۸ یا ۱۹ صفر۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو غسل کس نے دیا؟

ج: حضرت علیؓ نے۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی لحد مبارک کس نے کھودی؟

ج: حضرت ابوطلحہ انصاریؓ نے۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے شاہِ حبشہ کو خط کب بھیجا تھا؟

ج: ۶ھ میں۔

س: یہ خط کون لے کر گئے تھے؟

ج: حضرت عمرو بن امیہ ضمریؓ۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ہرقل قیصر روم کو کب خط بھیجا تھا؟

ج: صلح حدیبیہ کے بعد۔

س: اس خط کو کون لے کر گئے تھے؟

ج: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے خوبصورت صحابی حضرت دحیہ کلبی رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: ایران کے شہنشاہ خسرو پرویز کے نام خط کون لے کر گئے تھے؟

ج: حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن حذافہ سہمی۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے مقوقسِ مصر بنیامین کے نام خط کب بھیجا تھا؟

ج: ہجرت کے ساتویں برس، موسم گرما کے آغاز میں۔

س: اس خط کو کون لے کر گئے تھے؟

ج: حضرت حاطبؓ بن ابی بلتعہ۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام غزوۂ تبوک کے لیے کب لشکر لے کر گئے؟

ج: رجب المرجب ۹ھ۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو یہودیوں نے کب زہر آلود گوشت کھلایا؟

ج: فتح خیبر کے بعد۔

س: کس جگہ یہ واقع پیش آیا؟
ج: خیبر کے میدان میں ہی۔
س: کس جادوگر نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر جادو کیا تھا؟
ج: لبید بن اعصم نے۔
س: حضور علیہ الصلوٰۃ نے کتنے غزوات میں حصہ لیا؟
ج: ستائیس۔ 27
س: سب سے پہلا غزوہ کب ہوا؟
ج: اوائل صفر میں دو ہجری کو۔
س: اس غزوہ کا نام کیا ہے؟
ج: اوائل صفر میں دو ہجری کو۔
س: اس غزوہ کا نام کیا ہے؟
ج: غزوۂ ابواء یا غزوۂ ودان۔
س: اس غزوہ میں اسلامی لشکر کی تعداد کتنی تھی؟
ج: اسلامی لشکر ساٹھ مہاجرین پر مشتمل تھا۔
س: اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے کیا تخلیق کیا؟
ج: نورِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم تمام موجودات سے ۹ لاکھ سال پہلے تخلیق کیا گیا تھا۔
س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے والدِ محترم حضرت عبداللہ کہاں دفن ہیں؟
ج: دارالنابغہ (مدینہ منورہ)
س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ولادت کے وقت کونسا موسم تھا؟

ج: موسم بہار۔
س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ختنے کس نے کیے؟
ج: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام ختنہ کیے ہوئے اور ناف بریدہ پیدا ہوئے۔
س: ولادت کے بعد سب سے پہلے جس یہودی عالم نے آپ کی نبوت کی گواہی آپ کو دیکھ کر دی اس کا نام کیا تھا؟
ج: یوسف۔
س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو ابو لہب کی کس کنیز نے دودھ پلایا؟
ج: ثوبیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔
س: ثوبیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا کونسا بیٹا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا رضاعی بھائی ہے؟
ج: مسروح۔
س: حلیمہ سعدیہ کا کونسا بیٹا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا رضاعی بھائی ہے؟
ج: ضمرہ۔
س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کتنی عمر میں چلنا شروع کیا؟
ج: چار ماہ کی عمر میں۔
س: کتنی عمر میں آسانی سے بھاگ سکتے تھے؟
ج: سات ماہ۔
س: کتنی عمر میں باتیں کرنا شروع کیں؟
ج: آٹھ ماہ کی عمر میں۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کتنی عمر میں بچوں کے ساتھ تیر اندازی شروع کی؟

ج: دس ماہ کی عمر مبارک میں۔

س: حلیمہ سعدیہ اسلام لائی تھیں؟

ج: حلیمہ کے اسلام میں اختلاف ہے۔

س: کیا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے رضائی بھائی ضمرہ نے اسلام قبول کیا تھا؟

ج: وہ ظہورِ نبوت سے پہلے فوت ہوگیا تھا۔

س: حضرت عبدالمطلب کی عمر وفات کے وقت کتنی تھی؟

ج: ایک سو دس سال سے زیادہ۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے شام کا سفر کب اختیار کیا اور کس عمر میں؟

ج: بارہ سال دو ماہ دس دن کی عمر مبارک میں۔

س: اس سفر کے دوران کس مقام پر بحیرہ نامی راہب سے ملاقات ہوئی؟

ج: مقام کعرہ۔

س: یہ مقام کس جگہ پر واقع ہے؟

ج: یہ مقام بصریٰ اور اس کے درمیان چھ میل کے فاصلے پر ایک گاؤں ہے۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی طرف سے خطبہ کس نے پڑھا؟

ج: حضرت ابو طالب نے۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے سب سے بڑے ہمسائے کون تھے؟

ج: ابولہب اور عقبہ بن ابی معیط۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی کنیت کیا تھی؟

ج: ابوالقاسم۔

س: حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو کہاں دفن کیا گیا؟

ج: مکہ معظمہ کے قبرستان مقبرہ حجون میں۔

س: حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو کس ہستی نے قبر میں اُتارا؟

ج: جنابِ رسولِ کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے۔

س: حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ کتنا عرصہ رہیں؟

ج: پچیس سال۔

س: جناتِ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت میں کس مقام پر حاضر ہو کر ایمان لائے؟

ج: بطن نخلہ کے مقام پر۔

س: ان جنات کی تعداد کتنی تھی؟

ج: سات۔

س: اس وقت حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کیا کر رہے تھے؟

ج: صبح کی نماز ادا فرما رہے تھے۔

س: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا نکاح کب ہوا؟

ج: ماہِ شوال بعثت کے دسویں سال۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام خانہ کعبہ میں کس جگہ نماز ادا فرماتے تھے؟

ج: رکن یمانی اور حجرِ اسود کے درمیان۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے معراج کی رات آسمانوں پر کس کے نعلین مبارک کی آواز سُنی؟

ج: حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نعلین مبارک کی۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کن کے گھر سے معراج شریف کو گئے؟

ج: حضرت ام ہانی۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو قرآن مجید میں کس نام سے پکارا گیا؟

ج: محمد (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

س: انجیل میں کس نام سے پکارا گیا؟

ج: احمد (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

س: تورات میں کس نام سے پکارا گیا؟

ج: حامد۔

س: زبور میں کس نام سے پکارا گیا؟

ج: محمود۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام معراج کی شب پہلے آسمان کے کس دروازے سے داخل ہوئے؟

ج: باب الحفظ سے۔

س: اس دروازے کو کس نے کھولا؟

ج: اسماعیل نامی فرشتہ نے۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی پہلے آسمان پر کس سے ملاقات ہوئی؟

ج: حضرت آدم علیہ السلام سے۔

س: معراج کی شب دوسرے آسمان کے کس دروازے سے داخل ہوئے؟

ج: قیدوم سے۔

س: اس دروازے پر کس نے استقبال کیا؟

ج: حضرت اسرافیل علیہ السلام نے۔

س: اس آسمان پر کن سے ملاقات ہوئی؟

ج: حضرت یحییٰ علیہ السلام اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے۔

س: تیسرے آسمان کے کس د ازے سے داخل ہوئے۔

ج: زیلون سے۔

س: تیسرے آسمان پر کن سے ملاقات ہوئی؟

ج: حضرت یوسف علیہ السلام سے۔

س: چوتھے آسمان کا نام کیا ہے؟

ج: زبون۔

س: چوتھے آسمان پر کس سے ملاقات ہوئی؟

ج: حضرت موسیٰ علیہ السلام سے (ایک روایت میں ہے چھٹے آسمان پر ملاقات ہوئی۔)

س: بی بی مریم، فرعون کی بیوی آسیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور موسیٰ علیہ السلام کی والدہ کو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کون سے آسمان پر دیکھا؟

ج: چوتھے آسمان پر۔

س: چوتھے آسمان پر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا استقبال کس نے کیا؟

ج: حضرت عزرائیل علیہ السلام نے۔

س: پانچویں آسمان کا نام کیا ہے؟

ج: البیانیقون۔

س: اس آسمان کے دربان کا نام کیا ہے؟

ج: ادسقطائیل فرشتہ۔

س: پانچویں آسمان پر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ملاقات کن سے ہوئی؟

ج: حضرت ابراہیم علیہ السلام۔ حضرت اسماعیل علیہ السلام۔ حضرت اسحاق علیہ السلام۔ حضرت لوط علیہ السلام۔ حضرت یعقوب علیہ السلام سے۔

س: چھٹے آسمان کے دربان کا نام کیا ہے؟

ج: روعائیل فرشتہ۔

س: چھٹے آسمان پر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ملاقات کن سے ہوئی؟

ج: حضرت نوح علیہ السلام۔ حضرت ادریس علیہ السلام اور حضرت میکائیل علیہ السلام سے (ایک روایت میں فرمایا کہ حضرت ادریس علیہ السلام کو چوتھے آسمان پر دیکھا)

س: ساتویں آسمان کے دربان کا نام کیا ہے؟

ج: روحائیل فرشتہ۔

س: اس آسمان پر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے کن کی ملاقات ہوئی؟

ج: حضرت اسرافیل علیہ السلام۔ (ایک روایت کے مطابق حضرت ابراہیم علیہ السلام سے بھی ساتویں آسمان پر ملاقات ہوئی)

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اللہ تعالیٰ سے ہم کلامی کس مقام پر ہوئی؟

ج: قابَ قوسین کے مقام پر۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام غارِ ثور سے مدینہ منورہ جاتے ہوئے راستے میں کس کے گھر ٹھہرے؟

ج: ام معبد عاتکہ بنت خزاعیہ کے گھر۔

س: ام معبد کا گھر کس مقام پر واقع ہے؟

ج: مقام قدید میں۔

س: مقام قدید کے کس گھرانے نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے دستِ مبارک پر اسلام قبول کیا؟

ج: ام معبد اور اس کے خاوند نے۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اسلام کا پہلا خطبہ کس مقام پر پڑھا؟

ج: بطن بتولی کے مقام پر۔

س: کس دن یہ خطبہ پڑھا گیا؟

ج: جمعۃ المبارک کے دن جمعہ کی نماز کے وقت۔

س: اس نماز میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ نمازیوں کی تعداد کتنی تھی؟

ج: ایک سو۔

س: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ رخصتی کب ہوئی؟

ج: ماہ شوال سنہ ۱ھ میں۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا یہودیوں کے ساتھ صلح نامہ کب ہوا؟

ج: ہجرت کے پہلے سال۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ابوتراب کی کنیت کب عطا کی؟

ج: ہجرت کے دوسرے سال۔

س: جنگِ بدر میں مسلمانوں کے پاس کتنے جھنڈے تھے؟
ج: تین۔
س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے مہاجروں کا جھنڈا کس کو عطا فرمایا؟
ج: جناب مصعب بن عمیر کو۔
س: قبیلہ خزرج کا جھنڈا کس کو عطا فرمایا؟
ج: جناب المنذر کو۔
س: قبیلہ اوس کا جھنڈا کس کو عطا فرمایا؟
ج: جناب سعد بن معاذ کو۔
س: بدر کے میدان میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے سینہ مبارک کا بوسہ کس نے لیا تھا؟
ج: جناب سوادؓ نے۔
س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے مسجد ضرار کو منہدم کرنے کے لیے کس کو بھیجا تھا؟
ج: حضرت مالک بن الاہشتم اور حضرت معن بن عدی کو۔
س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر مرض الموت کا شدت سے آغاز کس جگہ ہوا تھا؟
ج: حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے حجرۂ مبارک میں۔
س: بوقت وصال حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کس کے حجرۂ مبارک میں قیام پذیر تھے؟
ج: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے حجرۂ مبارک میں۔
س: وصال سے کتنے روز قبل حضرت جبرائیل علیہ السلام عیادت کیلئے آئے؟
ج: تین روز قبل۔
س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو لباس اتار کر غسل دیا گیا؟
ج: ہرگز نہیں بلکہ انہی کپڑوں میں ہی غسل دیا گیا۔
س: غسل کے وقت انصار میں سے کون شامل تھا؟
ج: حضرت اوس بن خولیؓ۔
س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کس لڑائی میں منجنیق کا استعمال بھی کیا؟
ج: طائف اور حنین کی لڑائیوں میں۔
س: قیامت کے روز سب سے پہلے قبر سے کون ہستی نکلے گی؟
ج: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔
س: قیامت کے دن اولادِ آدم کا سردار کون ہو گا؟
ج: حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام۔
س: قیامت میں سب سے پہلے شفاعت کون کرے گا؟
ج: حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام۔
س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کثرتِ صوم وصلوٰۃ سے کس صحابی کو روکا تھا؟
ج: حضرت عبداللہ بن عمروؓ کو۔
س: کون سے صحابی نعت گو شاعر تھے؟
ج: حضرت حسان بن ثابتؓ۔
س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے والد محترم حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا پہلا نام کیا تھا؟
ج: عبدالدار۔

س: نعتیہ قصیدۂ بردہ کن کی تصنیف ہے؟

ج: امام محمد بن سعید بوصیری کا۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام فتح مکہ کے موقع پر کون سی سورت تلاوت فرما رہے تھے؟

ج: سورۂ فتح۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے آخری نماز کون سی پڑھائی؟

ج: نماز مغرب۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے دادا حضرت عبدالمطلبؓ کی کنیت کیا تھی؟

ج: ابوالحارث۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے حجۃ الوداع کے موقع پر اپنے دست مبارک سے کتنے اونٹ قربان کیے؟

ج: ۶۳۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی انگوٹھی پر کتنے الفاظ کندہ تھے؟

ج: تین۔

س: وہ تین الفاظ کیا تھے؟

ج: محمدؐ رسول اللہ۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے سب سے پہلے کس صحابی کی نماز پڑھائی تھی؟

ج: حضرت اسعد بن زرارہؓ۔

س: کس مسجد میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو قبلہ بدلنے کا حکم؟

ج: مسجد بنو سلمہ۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی انگوٹھی کن صحابیؓ نے بنائی تھی؟

ج: حضرت یعلیؓ نے۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے آزاد کردہ غلام حضرت زید بن حارثؓ کس لڑائی میں شہید ہوئے؟

ج: جنگ موتہ میں۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی والدہ محترمہ کس قبیلہ سے تھیں؟

ج: قریش کے قبیلہ بنو زہرہ سے۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے والد محترم حضرت عبداللہ کی کنیت کیا تھی؟

ج: ابوقثم۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی والدہ محترمہ حضرت آمنہ کا انتقال کتنی عمر میں ہوا؟

ج: تیس سال کی عمر مبارک میں۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے کون سے چچا آپ کے رضاعی بھائی بھی ہیں؟

ج: حضرت حمزہؓ۔

س: کس غزوہ میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے دندان مبارک شہید ہوئے تھے؟

ج: جنگ احد میں۔

س: دندان مبارک کی شہادت کا سن کر کس نے اپنے سارے دانت توڑ

پیلے تھے؟

ج: حضرت اویس قرنیؓ نے۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے وصال سے قبل خرقۂ خلافت کس کو پہنچانے کا حکم دیا تھا؟

ج: حضرت اویس قرنیؓ کو۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے پوری عمر مبارک میں کتنی مرتبہ حج کیا؟

ج: صرف ایک مرتبہ۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے وصال کے بعد مسلمانوں کا خلیفہ کن کو مقرر کیا گیا؟

ج: حضرت ابو بکر صدیقؓ کو۔

س: قرآن پاک میں احمد کس پارے میں آیا ہے؟

ج: اٹھائیسویں پارے میں۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے نانا مبارک کا نام کیا تھا؟

ج: جناب وہب۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے حضرت ابو طلحہ انصاری رضی اللہ تعالیٰ کو کیا خطاب عطا کیا تھا؟

ج: نقیب الانصار۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فتح مکہ کے بعد خانہ کعبہ کی چابی کسے عطا کی؟

ج: حضرت عثمان بن طلحہؓ کو۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی دایہ کا نام بتائیں جو ولادت کے وقت موجود تھیں؟

ج: مشہور عشرہ مبشرہ صحابی حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی والدہ ماجدہ محترمہ شفاء۔

س: کس صحابی کو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے سید الشہداء کا خطاب دیا تھا؟

ج: اپنے چچا حضرت حمزہؓ کو۔

س: شیر خدا کا لقب کس کو اور کب عطا ہوا؟

ج: حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو قموص کا قلعہ فتح کرنے پر۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے عمر مبارک میں صرف ایک حج کیا۔ بوقت حج عمر مبارک کتنی تھی؟

ج: ۶۳ سال۔

س: حج کے دوران کس نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا سر مبارک مونڈھا؟

ج: حضرت مضمر بن عبداللہ بن فضلہ نے۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کس جنگ میں ابی بن خلف کی گردن پر نیزہ مارا تھا؟

ج: جنگ اُحد میں۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی غزوہ خندق میں کتنی نمازیں قضا ہوئیں؟

ج: چار۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے غزوہ اُحد میں کتنے دندان مبارک شہید

ہوئے تھے؟

ج: چار۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے حضرت خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کیا خطاب عطا کیا تھا؟

ج: سیف اللہ۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام مکہ معظمہ کے جس مقام پر پیدا ہوئے اس کا نام کیا ہے؟

ج: سوق اللیل۔

س: کوہِ صفا کا دوسرا نام کیا ہے؟

ج: جبلِ فاران۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے عہد میں مسجد نبوی کی تعمیر تک کل کتنی مساجد تھیں؟

ج: نو۔

س: حجۃ الوداع کے موقع پر کس سورۃ کی آیات نازل ہوئیں؟

ج: سورۃ المائدہ۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو کس سن عیسوی میں معراج شریف ہوئی؟

ج: ۶۲۱ عیسوی میں۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فتح مکہ کے موقع پر کتنے افراد کا خون بہانا جائز قرار دیا تھا؟

ج: پندرہ۔

س: ان پندرہ میں سے کتنے افراد کا خون بہایا گیا؟

ج: چار۔

س: باقی گیارہ افراد کا کیا ہوا؟

ج: گیارہ افراد نے اسلام قبول کر لیا تھا۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کس سورۃ سے تبلیغ اسلام کا آغاز کیا؟

ج: سورۃ المدثر۔

س: افضل الانبیاء والمرسلین کن کو کہا جاتا ہے؟

ج: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کس سورۃ کو فاتحہ الکتاب کا نام دیا؟

ج: سورۃ فاتحہ۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے نکاح کے وقت خلفائے راشدین میں سے کون اس نکاح میں شریک تھے؟

ج: حضرت ابوبکر صدیقؓ۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کتنے سال کی عمر مبارک میں شام کا سفر کیا تھا؟

ج: بارہ سال کی عمر مبارک میں۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے حجۃ الوداع کے موقع پر کتنے خطبے ارشاد فرمائے تھے؟

ج: تین۔

س: طائف کے سفر میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو کس نے پناہ دی تھی؟

ج: عتبہ بن ربیعہ نے۔

س: طائف کے سفر سے واپسی پر کس نے پناہ دی تھی؟
ج: حضرت مطعم بن عدی نے۔
س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے (نعوذ باللہ) قتل کا منصوبہ کس جگہ بنایا گیا تھا؟
ج: دارالندوہ میں۔
س: جس دن یہ منصوبہ بنایا گیا اس دن کو کیا کہتے ہیں؟
ج: یوم الزحمتہ۔
س: ہجرت کے موقع پر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام مکہ معظمہ سے نکلتے ہوئے کس سورۃ کی تلاوت فرما رہے تھے؟
ج: سورۃ یٰسین۔
س: ہجرت مدینہ کے دوران کس نے آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام کا تعاقب کیا تھا؟
ج: سراقہ بن مالک نے (جو بعد میں مسلمان ہو گئے تھے)
س: جس گھوڑی پر جناب سراقہ نے تعاقب کیا تھا اس کا نام کیا تھا؟
ج: عوذ۔
س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کس کے کفن کے لیے اپنا کرتہ عطا فرمایا تھا؟
ج: حضرت فاطمہ بنت اسدؓ۔
س: فتح مکہ کے بعد حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے مکہ معظمہ میں کتنی مدت قیام فرمایا؟
ج: صرف اٹھارہ دن۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اس اونٹنی کا کیا نام ہے جو آپ کے وصال کے غم میں کھانا پینا چھوڑ بیٹھی اور اسی حالت میں انتقال کر گئی؟
ج: عقباء۔
س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے دادا حضرت عبدالمطلبؓ کا اصل نام کیا تھا؟
ج: عامر۔
س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے چچا ابو طالبؓ کا اصل نام کیا تھا؟
ج: عمران۔
س: کیا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے کوئی بہن یا بھائی تھے؟
ج: نہیں، آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام کا کوئی حقیقی بھائی یا بہن نہ تھی۔
س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کن خواتین کے بارے میں فرمایا تھا کہ یہ میری والدہ کے بعد میری مائیں ہیں؟
ج: حضرت ام ایمن رضی اللہ عنہا، حضرت حلیمہ سعدیہؓ، حضرت فاطمہ بنت اسدؓ
س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی مکہ سے مدینہ منورہ ہجرت کے وقت عمر مبارک کتنی تھی؟
ج: ۵۲ سال۔
س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے وصال کے چھ ماہ بعد کس ہستی کا انتقال ہوا؟
ج: حضرت فاطمۃ الزہرہؓ۔
س: حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کس نام سے پکارا جاتا تھا؟

ج: میزبان رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کس آخری غزوہ میں حصہ لیا؟

ج: غزوۂ تبوک۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی کون سی زوجہ مطہرہ مصری تھیں؟

ج: حضرت ماریہ قبطیہؓ۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ان چچی کا نام بتائیں جن کے بارے میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا تھا یہ میری والدہ کے بعد میری ماں ہیں؟

ج: حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی والدہ محترمہ حضرت فاطمہ بنتِ اسد رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: حجۃ الوداع کے بعد کتنا عرصہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اس دنیا میں رہے؟

ج: دو ماہ تیرہ دن تقریباً۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے پہلی عید کی نماز کب ادا فرمائی تھی؟

ج: بروز منگل یکم شوال ۲ھ کو (۲ھ)

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں کن پیارے ناموں سے مخاطب کیا ہے؟

ج: یا ایہا المزمل۔ یا ایہا المدثر۔ یٰسین۔ طٰہٰ۔ یا ایہا النبی۔

س: حضرت زید بن حارث رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کس لقب سے پکارا جاتا تھا؟

ج: محبوب رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فتح مکہ کے موقع پر کس صحابی کو اذان دینے کا حکم دیا تھا؟

ج: حضرت بلالؓ کو۔

س: فتح مکہ کے وقت حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ کتنے مسلمان تھے؟

ج: تقریباً دس ہزار۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے حجۃ الوداع کا خطبہ کس مقام پر دیا؟

ج: میدان عرفات میں۔

س: اس موقع پر صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کی تعداد کتنی تھی؟

ج: ایک لاکھ چوبیس ہزار۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی کن صاحبزادی کا لقب سیدالنساء ہے؟

ج: حضرت فاطمہ الزہرہؓ کا۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ان دو پھوپھیوں کا نام کیا ہے جو آپ پر ایمان لائی تھیں؟

ج: حضرت اروٰیؓ۔ اور حضرت صفیہؓ۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام ہجرت مدینہ مدینہ کے وقت اپنے بستر مبارک پر کن کو لٹا کر گئے تھے؟

ج: حضرت علیؓ کو۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کس اونٹ پر بیٹھ کر مدینہ منورہ ہجرت فرمائی؟

ج: القصویٰ نامی اونٹ پر۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ولادت کے وقت حضرت عبدالمطلب کہاں

گئے ہوئے تھے؟

ج: حضرت عبدالمطلب خانہ کعبہ کا طواف کر رہے تھے۔

س: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ذمہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے کیا کام ہوتے تھے؟

ج: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی مسواک اور نعلین مبارک کی حفاظت کا کام۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے غزوۂ اُحد میں سواروں پر کس کو کمانڈر مقرر کیا تھا؟

ج: حضرت زبیرؓ بن العوام کو۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کس کی گذارش پر ستر مبلغین اسلام روانہ کیے تھے؟

ج: جناب ابو برا عامر بن مالک کلابی۔

س: کس سن میں ان مبلغین کی روانگی ہوئی؟

ج: صفر ۴ھ۔

س: ہجرت مدینہ کے دوران مکڑی اور کبوتری کا کیا کردار ہے؟

ج: غارِ ثور کے دہانے پر مکڑی نے جالا تنا تھا اور کبوتری نے انڈے دیے تھے۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے پہلی نماز جمعہ کی امامت کس جگہ فرمائی؟

ج: بستی بنو سالم میں۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی صاحبزادی حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نکاح حضرت علیؓ سے کس غزوہ کے بعد ہوا تھا؟

ج: غزوۂ بدر کے بعد۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کس مہینہ کے بارے میں ارشاد فرمایا تھا کہ یہ میرا مہینہ ہے؟

ج: شعبان المعظم۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو غارِ ثور میں خورد و نوش کی اشیاء کون پہنچاتا تھا؟

ج: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صاحبزادی حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے سب سے پہلے نماز استسقاء کب ادا کی؟

ج: رمضان المبارک کے مہینہ میں ۶ھ۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زوجہ مطہرہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا وصال کب ہوا؟

ج: ۵۷ھ ہجری میں۔

س: علم کا شہر کس نبی کو کہتے ہیں؟

ج: حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے بیعت رضوان کس درخت کے نیچے لی؟

ج: ببول کے درخت کے نیچے۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کن مسلمانوں کی نماز جنازہ پڑھانے سے انکار کر دیتے تھے؟

ج: مقروض مسلمان۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی یمنی چادر کا رنگ کیا تھا؟

ج: سبز۔

س: حضرت ابن ارقم رض کے گھر کو کیا فضیلت حاصل تھی؟

ج: نبوت ملنے کے بعد حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے تبلیغ و عبادت کے لیے حضرت ابن ارقم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مکان کو شرف بخشا تھا۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی کس زوجہ مطہرہ کا انتقال چوراسی سال کی عمر میں ہوا؟

ج: حضرت ام سلمیٰ رض۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زوجہ مطہرہ حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا لقب کیا ہے؟

ج: طاہرہ۔

س: صلح حدیبیہ کی دستاویز حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کس صحابی کو تحریر کرنے کا حکم دیا تھا؟

ج: حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو۔

انبیائے قرآن

س: پیغمبروں کی سرزمین کسے کہا جاتا ہے؟

ج: فلسطین کو۔

س: حضرت آدم علیہ السلام کی توبہ کتنی مدت بعد قبول ہوئی؟

ج: بائیس سال بعد۔ ایک روایت میں سو سال۔ ایک میں دو سو سال بعد

س: حضرت ادریس علیہ السلام کون سے آسمان پر ہیں؟

ج: چوتھے آسمان پر۔

س: حضرت ادریس علیہ السلام کس فن میں ماہر تھے؟

ج: فن کتابت۔

س: حضرت یوسف علیہ السلام کس علم میں ماہر تھے؟

ج: تعبیر خواب اور تاویل احادیث کے علم میں۔

س: کس پیغمبر کو مقام کلیمی عطا ہوا؟

ج: حضرت موسیٰ علیہ السلام۔

س: حضرت موسیٰ علیہ السلام کس وادی میں اللہ تعالیٰ سے ہم کلام ہوئے؟

ج: وادی ایمن۔

س: اللہ تعالیٰ نے کس پیغمبر کو اپنا خلیفہ کہہ کر خطاب کیا؟
ج: حضرت داؤد علیہ السلام۔
س: حضرت سلیمان علیہ السلام کا تخت ایک ماہ کا سفر کتنی مدت میں طے کرتا تھا؟
ج: ایک دن میں۔
س: ابوالبشر کس پیغمبر کو کہتے ہیں؟
ج: حضرت آدم علیہ السلام۔
س: حضرت ادریس علیہ السلام جس مقام پر پیدا ہوئے اب اس جگا شہر آباد ہے؟
ج: کوفہ۔
س: حضرت ابراہیم علیہ السلام کے چچا کا نام کیا تھا؟
ج: آذر۔
س: حضرت موسیٰ علیہ السلام اپنے کتنے ساتھیوں کو کوہِ طور پر سا گئے تھے؟
ج: ستر۔
س: حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قوم کتنے سال تک صحرانوردی کی کا کاٹتی رہی؟
ج: چالیس سال تک۔
س: حضرت آدم علیہ السلام کی عمر بوقت انتقال کتنی تھی؟
ج: ہزار سال۔
حضرت نوح علیہ السلام نے کتنی عمر پائی؟

ج: ۹۵۰ سال۔ ایک روایت کے مطابق ۱۵۰۰ سال۔
س: حضرت شعیب علیہ السلام نے کتنی عمر پائی؟
ج: ۹۹۲ سال۔
س: حضرت ادریس علیہ السلام نے کتنی عمر پائی؟
ج: ۹۶۲ سال۔
س: حضرت ہود علیہ السلام نے کتنی عمر پائی؟
ج: ۲۶۵ سال۔ ایک روایت کے مطابق ۴۶۴ سال۔
س: حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کتنی عمر پائی؟
ج: ۱۹۵ سال۔
س: حضرت اسماعیل علیہ السلام نے کتنی عمر پائی؟
ج: ۱۳۷ سال۔
س: حضرت یعقوب علیہ السلام نے کتنی عمر پائی؟
ج: ۱۲۷ سال۔
س: حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کتنی عمر پائی؟
ج: ۱۲۵ سال۔
س: حضرت اسحاق علیہ السلام نے کتنی عمر پائی؟
ج: ۱۲۰ سال۔
س: حضرت یوسف علیہ السلام نے کتنی عمر پائی؟
ج: ۱۱۰ سال۔
س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کتنی عمر پائی؟
ج: ۶۳ سال۔

س: کس پیغمبر نے اپنی تخلیق کے بعد سب سے پہلے الحمد للہ کے الفاظ ادا

ج: حضرت آدم ؑ نے۔

س: کتنے انبیاء کرام اللہ تعالیٰ کا پیغام لے کر دنیا میں آئے؟

ج: تقریباً ایک لاکھ چوبیس ہزار۔

س: ابوالانبیاء کس پیغمبر کو کہتے ہیں؟

ج: حضرت ابراہیم ؑ کو۔

س: لوہا کس پیغمبر کے ہاتھ میں موم کی طرح ہو جاتا تھا؟

ج: حضرت داؤد علیہ السلام۔

س: زرہ کس نے ایجاد کی؟

ج: حضرت داؤد علیہ السلام نے۔

س: حضرت سلیمان ؑ کس کے بیٹے تھے؟

ج: حضرت داؤد علیہ السلام کے۔

س: حضرت داؤد علیہ السلام کی زوجہ محترمہ کا اسم مبارک کیا تھا؟

ج: بی بی بطشا۔

س: نجیب اللہ کس نبی کا لقب ہے؟

ج: حضرت داؤد علیہ السلام کا۔

س: حضرت داؤد علیہ السلام پر کون سی کتاب نازل ہوئی؟

ج: زبور۔

س: بیت المقدس کی بنیاد کس نے رکھی تھی؟

ج: حضرت داؤد علیہ السلام نے۔

س: حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی میں کتنے انسان سوار تھے؟

ج: چالیس۔

س: حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی کس نام سے پکاری جاتی تھی؟

ج: آرک۔

س: کس پیغمبر کو آرے سے چیرا گیا تھا؟

ج: حضرت زکریا علیہ السلام کو۔

س: حضرت شعیب علیہ السلام کی قوم پر کس وجہ سے عذاب نازل ہوا تھا؟

ج: ناپ تول میں کمی کی وجہ سے۔

س: "ایکہ" کن کی قوم تھیں؟

ج: حضرت شعیب علیہ السلام۔

س: کتنے پیغمبروں کو آسمان پر زندہ اٹھا لیا گیا تھا؟

ج: تین۔

س: ان تینوں پیغمبروں کے نام بتلائیے؟

ج: حضرت عیسیٰ ؑ۔ حضرت ادریس ؑ۔ حضرت الیاس ؑ۔

س: موحدین کسے کہتے ہیں؟

ج: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے قبل انبیاء کرام کو ماننے والوں کو کہتے تھے۔

س: دل کے کڑکنے کی آواز سے کون سی قوم ہلاک ہوئی تھی؟

ج: حضرت صالح ؑ کی۔

س: حضرت یوسف علیہ السلام کی والدہ محترمہ کا نام کیا تھا؟

ج: راخیل۔

س: حضرت یعقوب علیہ السلام نے کس ملک میں انتقال فرمایا؟

ج: مصر۔

س: عبر کس پیغمبر کا نام تھا؟

ج: حضرت ہود علیہ السلام کا۔

س: حضرت شیث علیہ السلام کے والد محترم کا اسم مبارک بتلایئے؟

ج: حضرت آدم علیہ السلام۔

س: حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام میں کون سی قدر مشترک ہے؟

ج: دونوں کے باپ نہیں تھے۔

س: حضرت آدمؑ کا لقب کیا ہے؟

ج: صفی اللہ۔

س: حضرت ابراہیم علیہ السلام کا لقب کیا ہے؟

ج: خلیل اللہ۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا لقب کیا ہے؟

ج: حبیب اللہ۔

س: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا لقب کیا ہے؟

ج: روح اللہ۔

س: حضرت موسیٰ علیہ السلام پر کون سی کتاب نازل ہوئی؟

ج: تورات۔

س: حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر کون سی کتاب نازل ہوئی؟

ج: انجیل۔

س: حضرت موسیٰ علیہ السلام کا نکاح کن سے ہوا؟

ج: صفورا سے۔

س: حضرت موسیٰ علیہ السلام کے سسر کا نام کیا تھا؟

ج: حضرت شعیب علیہ السلام

س: حضرت ابراہیم علیہ السلام کے چچا کا ذریعہ معاش کیا تھا؟

ج: وہ بت تراش کر بیچتے تھے۔

س: کس نبی کی نماز جنازہ فرشتوں نے پڑھائی تھی؟

ج: حضرت نوح علیہ السلام کی۔

س: حضرت یعقوب علیہ السلام کی کتنی ازواج مطہرات تھیں؟

ج: چار۔

س: ان چاروں کے اسم مبارک کیا تھے۔

ج: راخیل۔ ملہا۔ لیاہ۔ زلفہ۔

س: خانہ کعبہ کے سب سے پہلے متولی کون تھے؟

ج: حضرت اسماعیل علیہ السلام۔

س: حضرت شیث علیہ السلام اور حضرت ہود علیہ السلام کس کے مشابہ تھے؟

ج: حضرت آدم علیہ السلام کے۔

س: کس پیغمبر کو بچپن میں صندوق میں ڈال کر دریا میں ڈال دیا گیا تھا؟

ج: حضرت موسیٰ علیہ السلام کو۔

س: کس پیغمبر نے اپنی نبوت کی شہادت پیدائش کے بعد اپنی والدہ محترمہ کی گود میں اپنی زبان مبارک سے دی؟

ج: حضرت عیسیٰ علیہ السلام۔

س: اونٹ کا گوشت کس پیغمبر کی شریعت میں حلال نہ تھا؟

ج: حضرت موسیٰ علیہ السلام۔

س: کس پیغمبر کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ وہ دوبارہ زمین پر واپس آئیں گے؟

ج: حضرت عیسیٰ علیہ السلام۔

س: حضرت عیسیٰ علیہ السلام دوبارہ زمین پر آنے کے بعد کس شریعت پر عمل کریں گے؟

ج: شریعت محمدیؐ۔

س: کس پیغمبر نے معراج شریف کی شب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو نماز میں تخفیف کرانے کا بار بار مشورہ دیا تھا؟

ج: حضرت موسیٰ علیہ السلام۔

س: حضرت یعقوب علیہ السلام کی بینائی کس وجہ سے جاتی رہی تھی؟

ج: اپنے بیٹے حضرت یوسف علیہ السلام کی جدائی میں رونے کی وجہ سے۔

س: آصف بن برخیاہ کس پیغمبر کے درباری تھے؟

ج: حضرت سلیمان علیہ السلام کے۔

س: کس پیغمبر نے مکہ مار کر ایک آدمی کو جان سے مار دیا تھا؟

ج: حضرت موسیٰ علیہ السلام۔

س: کس پیغمبر نے نو سو سال تک تبلیغِ دین کی؟

ج: حضرت نوح علیہ السلام۔

س: حضرت آدم علیہ السلام جنت سے نکلنے کے بعد سب سے پہلے کس مقام پر اترے؟

ج: سراندیپ کے پہاڑ پر۔

س: اماں حوا کو کس سرزمین پر اتارا گیا؟

ج: جدہ۔

س: دنیا میں سب سے پہلے سامانِ زراعت کس نے بنایا؟

ج: حضرت آدم علیہ السلام نے۔

س: حضرت آدم علیہ السلام کی دعا کس مقام پر قبول ہوئی؟

ج: مقام منیٰ میں۔

س: حضرت آدم علیہ السلام اور اماں حوا کی ملاقات کس مقام پر ہوئی؟

ج: مقام عرفات پر۔

س: قابیل و ہابیل میں سے قابیل کی بہن کا نام کیا تھا؟

ج: اقلیما۔

س: ہابیل کی بہن کا نام کیا تھا؟

ج: یہود۔

س: حضرت شیث علیہ السلام اور کس لقب سے پکارے جاتے تھے؟

ج: ادریا۔

س: حضرت آدم علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے پہلا خطاب کیا تھا؟

ج: رحمک اللہ۔

س: حضرت آدم علیہ السلام کی مٹی کا خمیر کس فرشتے نے زمین سے لے کر اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں پہنچایا تھا؟

ج: حضرت عزرائیل علیہ السلام نے۔

س: حضرت شیث علیہ السلام کی سگی بہن کا نام کیا تھا؟

ج: حضرت آدم علیہ السلام کی تمام اولاد بہن اور بھائی جوڑے کی شکل میں پیدا ہوتی مگر صرف حضرت شیث علیہ السلام اکلوتے پیدا ہوئے۔

س: حضرت آدم علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے کون سا علم سکھایا؟
ج: علم الاسماء۔
س: حضرت آدم علیہ السلام کو سب سے پہلے کس نے سجدہ کیا؟
ج: حضرت جبرائیل علیہ السلام۔
س: دوسرے نمبر پر کس نے سجدہ کیا؟
ج: حضرت میکائیل علیہ السلام۔
س: تیسرے نمبر پر کس نے سجدہ کیا؟
ج: حضرت اسرافیل علیہ السلام۔
س: چوتھے نمبر پر کس نے سجدہ کیا؟
ج: حضرت عزرائیل علیہ السلام۔
س: ان چاروں کے بعد حضرت آدم علیہ السلام کو کس نے سجدہ کیا؟
ج: تمام ملائکہ نے۔
س: حضرت آدم علیہ السلام کی جنت میں پہلی غذا کیا تھی؟
ج: انگور، خرما اور انجیر۔
س: حضرت آدم علیہ السلام نے کس درخت کے پتوں سے اپنا ڈھانپا تھا؟
ج: انجیر کے پتوں سے۔ ایک روایت کے مطابق عود کے درخت کے پتوں سے۔
س: حضرت آدم علیہ السلام کی اپنی اولاد کتنی تھی؟
ج: انیس لڑکیاں اور اکیس لڑکے۔ ایک روایت کے مطابق بیس لڑکیاں بیس لڑکے مگر حضرت شیث علیہ السلام تنہا پیدا ہوئے تھے۔

س: حضرت شیث علیہ السلام کے بیٹے کا نام کیا تھا؟
ج: جناب انوش۔
س: حضرت آدم علیہ السلام کو غسل کس نے دیا؟
ج: حضرت شیث علیہ السلام نے۔
س: نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟
ج: حضرت شیث علیہ السلام نے چار تکبیروں کے ساتھ نماز جنازہ پڑھائی۔
س: حضرت آدم علیہ السلام کو کس جگہ دفن کیا گیا؟
ج: غار کنز کے مقام پر جو جبل ابو قبیس میں واقع ہے۔
س: کتنی مدت حضرت آدم علیہ السلام وہاں مدفن رہے؟
ج: طوفان نوح علیہ السلام کے وقت تک۔
س: اس کے بعد کہاں مدفن ہوئے؟
ج: طوفان کے وقت حضرت نوح علیہ السلام نے ایک تابوت بنا کر اس میں جسد مبارک کو رکھ کر اپنی کشتی میں رکھ لیا بعد میں سراندیپ کے مقام پر دفن کر دیا۔
س: سب سے پہلے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں توبہ کس نے کی؟
ج: حضرت آدم علیہ السلام۔
س: سب سے پہلے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں کس کی توبہ قبول ہوئی؟
ج: حضرت آدم علیہ السلام کی۔
س: حضرت شیث علیہ السلام کی ولادت کس جگہ ہوئی تھی؟
ج: شام میں۔
س: حضرت شیث علیہ السلام پر کتنے صحیفے نازل ہوئے تھے؟
ج: پچاس:

س: حضرت شیث علیہ السلام کی زوجہ محترمہ کا اسم مبارک کیا تھا؟
ج: محوائلہ۔
س: دنیا میں سب سے پہلے کھجور کا درخت کس نے لگایا؟
ج: حضرت شیث علیہ السلام کے فرزند جناب انوش نے۔
س: حضرت ادریس علیہ السلام کی والدہ محترمہ کا اسم مبارک کیا ہے؟
ج: بی بی بردرہ۔
س: حضرت ادریس علیہ السلام کی ولادت کس سرزمین پر ہوئی؟
ج: مصر کے علاقہ انیف۔
س: دنیا میں تیسرے نمبر پر نبوت کن کو عطا ہوئی؟
ج: حضرت ادریسؑ کو۔
س: حضرت ادریسؑ کی زبان کیا تھی؟
ج: سریانی۔
س: اطلس کا لباس کس نے ایجاد کیا؟
ج: حضرت ادریس علیہ السلام۔
س: حضرت ادریس علیہ السلام پر کتنے صحیفے نازل ہوئے؟
ج: تیس۔
س: سب سے پہلے قلم کا استعمال کس نے کیا؟
ج: حضرت ادریس علیہ السلام نے۔
س: سب سے پہلے جہاد کس پیغمبر نے شروع کرایا؟
ج: حضرت ادریس علیہ السلام۔
س: حضرت ادریس علیہ السلام کی زوجہ مطہرہ کا نام کیا تھا؟

ج: بروفا۔
س: حضرت ادریس علیہ السلام کے صاحبزادے کا نام کیا تھا؟
ج: متوشلخ۔
س: شیخ الانبیاء کس پیغمبر کو کہتے ہیں؟
ج: حضرت نوح علیہ السلام کو۔
س: حضرت نوح علیہ السلام کا اصل نام کیا تھا؟
ج: یشکریا
س: آدم ثانی کس پیغمبر کو کہتے ہیں؟
ج: حضرت نوح علیہ السلام۔
س: کس پیغمبر کی بد دعا سے سب سے پہلے اس کی امت ہلاک ہوئی؟
ج: حضرت نوح علیہ السلام۔
س: تمام پیغمبروں میں سب سے زیادہ عمر کس نے پائی؟
ج: حضرت نوح علیہ السلام۔
س: کشتی کس نے ایجاد کی؟
ج: حضرت نوح علیہ السلام نے۔
س: اس کشتی کو کتنے افراد نے مل کر تیار کیا؟
ج: چھ افراد۔
س: اس کشتی کی لمبائی، چوڑائی اور اونچائی کتنی تھی؟
ج: لمبائی چھ سو ساٹھ گز۔ چوڑائی تین سو تیس گز اور اونچائی تینتیس گز تھی۔
س: اس کشتی میں کتنی منزلیں تھیں؟
ج: تین۔

س: پہلی منزل میں کون سی مخلوق رکھی گئی؟
ج: درندے اور چوپائے۔
س: دوسری منزل کن کے لیے تھی؟
ج: جانور اور پرندے۔
س: تیسری منزل میں کون تھے؟
ج: حضرت نوح علیہ السلام اور ان کے متبعین۔
س: حضرت نوح علیہ السلام نے حضرت آدم علیہ السلام کے جسدِ مبارک کو کس لکڑی کے بنے ہوئے تابوت میں رکھا؟
ج: ساگوان۔
س: چیونٹیاں کشتی کی کس منزل میں تھیں؟
ج: حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی کے ایک گوشے میں۔
س: ابلیس کس طرح کشتی نوح میں داخل ہوا تھا؟
ج: گدھے کی دم سے لٹک کر۔
س: طوفانِ نوح میں کتنے لوگ کشتی کے علاوہ زندہ بچے تھے؟
ج: صرف ایک۔
س: اس کا نام کیا تھا؟
ج: عوج بن عنق۔
س: یہ شخص کس طرح بچ گیا؟
ج: لمبے قد کی وجہ سے۔
س: عوج بن عنق کو اللہ تعالیٰ نے کیوں بچایا؟
ج: اس لیے کہ اس نے حضرت نوح علیہ السلام کو کشتی بنانے میں مدد دی تھی

س: حضرت نوح علیہ السلام کے کتنے بیٹوں نے ایمان قبول کیا تھا؟
ج: تین۔
س: ان تینوں کے نام کیا تھے
ج: سام۔ حام۔ یافث
س: حضرت نوح علیہ السلام کی کتنی بیویوں نے ایمان قبول کیا تھا؟
ج: چار۔
س: حضرت نوح علیہ السلام کے کس بیٹے نے ایمان قبول نہیں کیا تھا؟
ج: کنعان۔
س: حضرت نوح علیہ السلام نے زمین پر حالات معلوم کرنے کے لیے سب سے پہلے کس کو بھیجا؟
ج: کوے کو۔
س: کوے کے بعد کس کو بھیجا؟
ج: کبوتر کو۔
س: حضرت نوح علیہ السلام طوفان رکنے کے بعد کب کشتی سے باہر آئے؟
ج: ہجری مہینے کے حساب سے دسویں محرم کو۔
س: سرمہ لگانے کی ابتداء کس نے کی؟
ج: حضرت نوح علیہ السلام نے۔
س: طوفان کے بعد حضرت نوح علیہ السلام نے کہاں پہلی انسانی بستی بسائی؟
ج: اسی پہاڑ کے دامن میں۔
س: اس بستی کا کیا نام تھا؟
ج: مدینۃ الثمانین۔

س: حضرت نوح علیہ السلام نے اپنا نائب اپنے کس بیٹے کو مقرر کیا تھا؟
ج: جناب سام کو۔
س: حضرت ہود علیہ السلام کی زبان کیا تھی؟
ج: عربی۔
س: حضرت ہود علیہ السلام کا مزار مبارک کہاں ہے؟
ج: رکن یمانی اور مقام زمزم کے درمیان ایک روایت میں ہے کہ صفا و مروہ کے درمیان دفن ہیں۔
س: کتنے پیغمبروں کو قرآن مجید میں قوم کا بھائی کہہ کر پکارا گیا ہے؟
ج: پانچ۔
س: ان میں سے چار کے نام بتائیں؟
ج: حضرت ہود علیہ السلام۔ حضرت صالح علیہ السلام۔ حضرت شعیب علیہ السلام حضرت لوط علیہ السلام۔
س: حضرت ہود علیہ السلام کا عبرانی نام کیا ہے؟
ج: عابر۔
س: حضرت ہود علیہ السلام کی زوجہ محترمہ کا نام کیا تھا؟
ج: لیشا۔
س: حضرت ہود علیہ السلام کے صاحبزادے کا نام کیا تھا؟
ج: شالخ۔
س: حضرت ابراہیم علیہ السلام کی ولادت باسعادت کس کے زمانہ میں ہوئی؟
ج: نمرود بن کنعان کے زمانہ میں۔
س: حضرت ابراہیم علیہ السلام کے والد محترم کا نام کیا تھا؟
ج: تارخ۔
س: حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بت خانہ میں کتنے بتوں کو توڑا تھا؟
ج: تہتر۔
س: حضرت ابراہیم علیہ السلام کو آگ میں ڈالنے کی تجویز کس نے نمرود کو دی تھی؟
ج: ہیزان نامی لعنتی شخص نے۔
س: وہ کس قوم سے تعلق رکھتا تھا؟
ج: قوم ثمود سے۔
س: حضرت ابراہیم علیہ السلام کتنا عرصہ نمرود کی قید میں رہے؟
ج: تقریباً سات سال۔
س: آگ کا الاؤ کتنی اونچائی تک تیار کیا گیا تھا؟
ج: ساٹھ گز کی اونچائی تک۔
س: آتشِ نمرود کہاں جلائی گئی تھی؟
ج: موجودہ شہر کوفہ کے نواح میں۔
س: آتشِ نمرود میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کو کس طرح ڈالا گیا؟
ج: منجنیق سے۔
س: اس وقت یہ منجنیقیں کس نے تیار کر کے دی تھی؟
ج: ابلیس لعین نے جو کہ اس وقت انسانی شکل میں حاضر ہو گیا تھا۔
س: سارہ خاتون کون تھیں؟
ج: حضرت ابراہیم علیہ السلام کے چچا کی صاحبزادی تھیں۔
س: سارہ خاتون نے کب ایمان قبول کیا؟

ج: جس دن حضرت ابراہیم علیہ السلام آتش نمرود میں ڈالے گئے؟

س: نمرود کے خاندان میں سے کس نے اسلام قبول کیا تھا؟

ج: نمرود کی بیٹی نے۔

س: اس کا نام کیا تھا؟

ج: رعضہ خاتون۔

س: حضرت لوط علیہ السلام کا حضرت ابراہیم علیہ السلام سے کیا رشتہ تھا؟

ج: حضرت ابراہیم علیہ السلام حضرت لوط علیہ السلام کے چچا تھے۔

س: حضرت ابراہیم علیہ السلام کی زوجہ مطہرہ کا اسم مبارک کیا تھا؟

ج: حضرت سارہ خاتون۔

س: حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دوسری زوجہ مطہرہ کا اسم گرامی کیا تھا؟

ج: بی بی حاجرہ۔

س: حضرت اسماعیل علیہ السلام کس کے بطن سے پیدا ہوئے؟

ج: حضرت بی بی حاجرہ کے۔

س: "اسماعیل" کے معنی عربی زبان میں کیا ہیں؟

ج: اللہ کی اطاعت کرنے والا۔

س: سب سے پہلے مسواک، کلی اور پانی سے استنجا کس نے کیا؟

ج: حضرت ابراہیم علیہ السلام۔

س: سب سے پہلے ناخن تراشنے، مونچھیں پست کرنے، بغل اور غیر ضروری بال صاف کرنے والی پہلی شخصیت کا نام بتایئے؟

ج: حضرت ابراہیم علیہ السلام۔

س: سب سے پہلے کن کی ریش مبارک میں سفید بال نمودار ہوئے؟

ج: حضرت ابراہیم علیہ السلام۔

س: کیا اس سے قبل کسی کے بال سفید ہوتے تھے؟

ج: اس سے قبل کسی کے بال سفید نہیں ہوتے تھے۔

س: سب سے پہلے ختنہ کس نے ایجاد کیا؟

ج: حضرت ابراہیم علیہ السلام۔

س: حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کتنی عمر میں ختنہ فرمایا؟

ج: اسی سال کی عمر میں۔

س: کس مقام پر ختنہ فرمایا؟

ج: ملک شام کے مقام قدوم میں۔

س: سب سے پہلے کس شخصیت نے پاجامہ پہنا؟

ج: حضرت ابراہیم علیہ السلام نے۔

س: سب سے پہلے جوتے پہننے والی کون شخصیت تھی؟

ج: حضرت ابراہیم علیہ السلام۔

س: مال غنیمت کو سب سے پہلے تقسیم کرنے والی شخصیت کون تھی؟

ج: حضرت ابراہیم علیہ السلام۔

س: راہ حق میں سب سے پہلے ہجرت کرنے والی شخصیت کون تھی؟

ج: حضرت ابراہیم علیہ السلام۔

س: حضرت ابراہیم علیہ السلام پر کتنے صحیفے نازل ہوئے تھے؟

ج: بیس۔

س: حضرت ابراہیم علیہ السلام کس مقام پر مدفون ہیں؟

ج: مقام جبرون پر۔

س: ابوالعرب کس پیغمبر کا لقب ہے؟

ج: حضرت اسماعیل علیہ السلام کا۔

س: حضرت اسماعیل علیہ السلام کی پہلی شادی کس سے ہوئی؟

ج: عمارہ بنت سعد بن اسامہ جریہمہ۔

س: یہ کس قبیلے سے تعلق رکھتی تھیں؟

ج: قبیلہ جرہم سے۔

س: حضرت اسماعیل علیہ السلام کی دوسری شادی کن سے ہوئی؟

ج: ہالہ بنت حارث سے۔

س: حضرت اسحاق علیہ السلام کا حضرت اسماعیل علیہ السلام سے کیا رشتہ تھا؟

ج: سوتیلے بھائی تھے۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا مختلف صحیفوں میں کس نام مبارک سے ذکر کیا گیا ہے؟

ج: روحا۔ اور لایا۔ ایا۔ فارقلیط۔ منحوک۔ مشفح۔ امیدا۔ ماذ ماذ۔ مختار۔ روح الحق۔ مقیم السنتہ۔ مقدس۔ حرزالامین۔ تیثم نبی الملاحم۔ قتال۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا پہلے آسمان پر اسم مبارک کیا ہے؟

ج: مجتبیٰ۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا دوسرے آسمان پر اسم مبارک کیا ہے؟

ج: مرتضیٰ۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا تیسرے آسمان پر اسم مبارک کیا ہے؟

ج: مزکی۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا چوتھے آسمان پر اسم مبارک کیا ہے؟

ج: مجیب۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا پانچویں آسمان پر اسم مبارک کیا ہے؟

ج: محب۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا چھٹے آسمان پر اسم مبارک کیا ہے؟

ج: مظہر۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ساتویں آسمان پر اسم مبارک کیا ہے؟

ج: مقرب۔

س: زمین کے پہلے طبقے میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا اسم مبارک کیا ہے؟

ج: معظم۔

س: زمین کے دوسرے طبقے میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا اسم مبارک کیا ہے؟

ج: میحل۔

س: زمین کے تیسرے طبقے میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا اسم مبارک کیا ہے؟

ج: احب۔

س: زمین کے چوتھے طبقے میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا اسم مبارک کیا ہے؟

ج: مشرف۔

س: زمین کے پانچویں طبقے میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا اسم مبارک کیا ہے؟

ج: مطہر۔

س: زمین کے چھٹے طبقے میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا اسم مبارک کیا ہے؟

ج: امین اللہ۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو حاملینِ عرش کس مبارک نام سے پکارتے ہیں؟

ج: مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم۔

س: زمین کے ساتویں طبقے میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا اسم مبارک کیا ہے؟

ج: نوراللہ۔

س: "کرسی" کی پیشانی پر کیا لکھا ہوا ہے؟

ج: رسول اللہ۔

س: لوحِ محفوظ پر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا اسم مبارک کیا لکھا ہے؟

ج: صفی اللہ۔

س: شجرِ طوبیٰ کے اوراق پر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا اسم مبارک کیا لکھا ہوا ہے؟

ج: صفوۃ اللہ۔

س: لوائے الحمد پر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا اسم مبارک کیا لکھا ہوا ہے؟

ج: خیرۃ اللہ۔

س: عام ملائکہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو کیا کہتے ہیں؟

ج: عبدالمجید۔

س: انبیائے علیہم السلام کے نزدیک حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا اسم مبارک کیا ہے؟

ج: عبدالوہاب۔

س: شیاطین کے نزدیک حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا اسم مبارک کیا ہے؟

ج: عبدالقہار۔

س: جنات کے نزدیک حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا اسم مبارک کیا ہے؟

ج: عبدالرحیم۔

س: پہاڑوں کی مخلوق کے نزدیک حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا اسم مبارک کیا ہے؟

ج: عبدالخالق۔

س: جنگلات کی مخلوق کے نزدیک حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا اسم مبارک کیا ہے؟

ج: عبدالقادر۔

س: سمندروں کی مخلوق کے نزدیک حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا اسم مبارک کیا ہے؟

ج: عبدالقدوس۔

س: زمین کے کیڑے مکوڑوں کے نزدیک حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا اسم مبارک کیا ہے؟

ج: عبدالغیاث۔

س: وحوش کے نزدیک حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا اسم مبارک کیا ہے؟

ج: عبدالرزاق۔

س: پرندوں کے نزدیک حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا اسم مبارک کیا ہے؟

ج: عبدالغفار۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ولادت مبارک سے حضرت آدم علیہ السلام تک کتنا عرصہ ہے؟

ج: چھ ہزار سات سو پچاس سال۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ولادت مبارک سے حضرت نوح علیہ السلام کے زمانہ تک کتنی مدت ہے؟

ج: چار ہزار چار سو ننانوے سال۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ولادت مبارک سے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے زمانہ تک کتنی مدت ہے؟

ج: تین ہزار ستر سال۔

س: موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ولادت مبارک تک کتنا عرصہ گزر چکا تھا؟

ج: دو ہزار تین سو سال۔

س: حضرت داؤد علیہ السلام کے زمانہ سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ولادت مبارک تک کتنا عرصہ گزر چکا تھا؟

ج: ایک ہزار آٹھ سو سال۔

س: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے زمانہ سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ولادت مبارک تک کتنا عرصہ گزر چکا تھا؟

ج: چھ سو سال۔

س: من وسلویٰ کس نبی کی امت پر اتارا گیا تھا؟

ج: حضرت موسیٰ علیہ السلام۔

س: کوہِ جودی کس ملک میں واقع ہے؟

ج: ترکی میں۔

س: فجر کی نماز سب سے پہلے کس نبی نے پڑھی تھی؟

ج: حضرت آدم علیہ السلام نے۔

س: حضرت اسحاق علیہ السلام کی زوجہ مطہرہ کا اسم مبارک کیا تھا؟

ج: محترمہ ربقہ سلام اللہ علیہا۔

س: حضرت مریم علیہ السلام کس رسول کی والدہ محترمہ تھیں؟

ج: حضرت عیسیٰ علیہ السلام۔

س: کون سے نبی "صابر" مشہور ہیں؟

ج: حضرت یعقوب علیہ السلام۔

س: کس رسول کی زبان مبارک میں لکنت تھی؟

ج: حضرت موسیٰ علیہ السلام۔

س: صاحب الحوت کس پیغمبر کا لقب ہے؟

ج: حضرت یونس علیہ السلام۔

س: حضرت یحییٰ علیہ السلام اور حضرت موسیٰ علیہ السلام میں کون سی قدر مشترک تھی؟

ج: دونوں کو بچپن میں نبوت عطا ہوئی۔

س: حواری کس پیغمبر کے ساتھیوں کو کہتے ہیں؟

ج: حضرت عیسیٰ علیہ السلام۔

س: حضرت عیسیٰ علیہ السلام ایمان لانے والوں کی تعداد کتنی تھی؟

ج: بارہ۔

س: عصر کی نماز سب سے پہلے کس پیغمبر نے ادا کی تھی؟

ج: حضرت یونس علیہ السلام۔

س: ہیبرن بادشاہ کون تھا؟

ج: اس بادشاہ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو قید کیا تھا۔

س: صادق اور امین کن کا لقب ہے؟

ج: حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کا۔

س: حضرت موسیٰ علیہ السلام اور حضرت ہارون علیہ السلام کا آپس میں رشتہ کیا تھا؟

ج: دونوں بھائی تھے۔

س: حضرت موسیٰ علیہ السلام کا وصال کس مقام پہ ہوا تھا؟

ج: کوہ عباریم پہ۔

س: حضرت یحییٰ علیہ السلام کس ملک میں مدفون ہیں؟

ج: شام (دمشق)

س: حضرت یعقوب علیہ السلام کے والدِ محترم کا اسمِ مبارک بتائیں؟

ج: حضرت اسحاق علیہ السلام۔

س: اسرائیل کس پیغمبر کا نام ہے؟

ج: حضرت یعقوب علیہ السلام۔

س: حضرت یعقوب علیہ السلام کا وصال کس ملک میں ہوا تھا؟

ج: مصر۔

س: حضرت سلیمان علیہ السلام کے اس بیٹے کا نام بتائیں جن کو حضرت سلیمان کے وصال کے بعد اقتدار ملا؟

ج: رحبعام۔

س: نمرود نے کس پیغمبر سے مناظرے کی گستاخی کی؟

ج: حضرت ابراہیم علیہ السلام۔

س: حضرت نوح علیہ السلام کو کتنی عمر مبارک میں نبوت ملی؟

ج: چالیس سال کی عمر مبارک میں۔

س: قرآنِ پاک میں سب سے پہلے کس پیغمبر کا ذکر اور نام آیا ہے؟

ج: حضرت آدم علیہ السلام۔

س: صابی کس پیغمبر کی قوم کو کہتے ہیں؟

ج: حضرت ابراہیم علیہ السلام۔

س: ظہر کی نماز سب سے پہلے کس نبی نے پڑھی؟

ج: حضرت ابراہیم علیہ السلام۔

س: شہر بدر کر دینے کی دھمکی کس نبی کی قوم نے اپنے نبی کو دی تھی؟

ج: حضرت لوط علیہ السلام۔

س: حضرت یوسف علیہ السلام کی کون سی صفت سب سے زیادہ مشہور ہے؟

ج: حسن۔

س: کس پیغمبر کی والدہ محترمہ کے نام مبارک پر قرآن پاک کی ایک سورۃ ہے؟

ج: حضرت عیسیٰ علیہ السلام۔

س: آسناتھ اور زلیخا کس پیغمبر کی ازواجِ مطہرات کا اسم مبارک ہے؟

ج: حضرت یوسف علیہ السلام۔

س: فرعون مصر کی بیٹی کا نکاح کس پیغمبر سے ہوا تھا؟

ج: حضرت سلیمان علیہ السلام۔

س: تمام جانوروں اور پرندوں کی زبان پر کس پیغمبر کو ملکہ حاصل تھا؟

ج: حضرت سلیمان علیہ السلام۔

س: سب سے پہلے کس نبی پر صحیفے نازل ہوئے؟

ج: حضرت شیث علیہ السلام۔

س: مغرب کی نماز سب سے پہلے کس پیغمبر نے پڑھی تھی؟

ج: حضرت موسیٰ علیہ السلام۔

س: حضرت موسیٰ علیہ السلام کی پرورش کس کے گھر میں ہوئی تھی؟

ج: فرعون کے گھر۔

س: حضرت موسیٰ علیہ السلام کا اسم مبارک کس نے تجویز کیا تھا؟

ج: فرعون کی بیوی حضرت بی بی آسیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے۔

س: حضرت موسیٰ علیہ السلام کی والدہ محترمہ کا اسم مبارک کیا تھا؟

ج: یوکبد۔

س: حضرت اسحاق علیہ السلام کی والدہ محترمہ کا نام مبارک کیا تھا؟

ج: بی بی سارہ سلام اللہ علیہا۔

س: دورِ فطرت کس دور کو کہتے ہیں؟

ج: دو نبیوں کے درمیانی وقفے کو۔

س: حضرت زکریا علیہ السلام کا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ساتھ کیا رشتہ تھا؟

ج: حضرت زکریا علیہ السلام حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی والدہ محترمہ حضرت مریم

سلام اللہ علیہا کے خالو تھے۔

س: کس پیغمبر کے عہد میں قوم ثمود پر عذاب نازل ہوا تھا؟

ج: حضرت صالح علیہ السلام۔

س: اُمّ العرب کن کا لقب ہے؟

ج: حضرت بی بی ہاجرہ سلام اللہ علیہا۔

س: کس پیغمبر کے زمانے میں قوم عاد پر عذاب الٰہی نازل ہوا؟

ج: حضرت ہود علیہ السلام۔

س: حضرت موسیٰ علیہ السلام کی غیر موجودگی میں آپ کی قوم نے کس کی پوجا شروع کر دی؟

ج: بچھڑے کی۔

س: یہ بچھڑا کس دھات سے بنا ہوا تھا؟

ج: سونے سے۔

س: حضرت ادریس علیہ السلام کا اسم مبارک کن سورتوں میں آیا ہے؟

ج: سورۃ انبیاء اور سورۃ مریم۔

س: "آدم" (علیہ السلام) کے لغوی معنی کیا ہیں؟

ج: مٹیالا رنگ۔

س: مہمان نوازی میں کون سے پیغمبر سب سے زیادہ مشہور ہیں؟

ج: حضرت ابراہیم علیہ السلام۔

س: "شیث" (علیہ السلام) کے لغوی معنی کیا ہیں؟

ج: خدائی عطیہ۔

س: "لوط" (علیہ السلام) کے لغوی معنی کیا ہیں؟

ج : پائیدار۔ مضبوط۔

س : "نوح" (علیہ السلام) کے لغوی معنی کیا ہیں ؟

ج : گریہ وزاری کرنے والا۔

س : معراج شریف کی رات حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی کتنے نبیوں سے ملاقات ہوئی۔

ج : آٹھ۔

س : کس پیغمبر کو بچپن میں کنویں میں ڈال دیا گیا تھا؟

ج : حضرت یوسف علیہ السلام۔

س : مردوں کو زندہ کر دینے کا معجزہ کس نبی کو عطا ہوا تھا؟

ج : حضرت عیسیٰ علیہ السلام۔

س : خنوک (خنوخ) کس پیغمبر کا اسم مبارک ہے ؟

ج : حضرت ادریس علیہ السلام۔

س : کس پیغمبر کے پاس اونٹنی تھی اور وہ اس کی وجہ سے جلانے جلتے ہیں؟

ج : حضرت صالح علیہ السلام۔

س : حضرت یوسف علیہ السلام کس بادشاہ کی قید میں رہے ؟

ج : عزیز مصر۔

س : حضرت موسیٰ علیہ السلام کس پہاڑ کے نزدیک راستہ بھول گئے تھے ؟

ج : کوہ طور کے نزدیک۔

س : حضرت موسیٰ علیہ السلام کو روشنی کی تجلی کس وادی میں نظر آئی تھی ؟

ج : طویٰ کی مقدس وادی میں۔

س : فرعون اپنے لشکر کے ساتھ کس جگہ غرق ہوا تھا؟

ج : بحر قلزم میں۔

س : حضرت موسیٰ علیہ السلام بحر قلزم کو عبور کر کے کس علاقے میں داخل ہوئے تھے ؟

ج : وادیٔ سینا میں۔

س : اس مقام پر اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ساتھیوں کے لیے پانی کا کیا انتظام فرمایا تھا؟

ج : اللہ تعالیٰ نے پتھر سے بارہ چشمے جاری فرما دیے تھے۔

س : اس مقام پر حضرت موسیٰ علیہ السلام کی امت نے کیا چیزیں کھانے کی خواہش کی ؟

ج : ترکاری، ککڑی، لہسن، مسور کی دال اور پیاز۔

س : حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم کو کس ملک کے حکمرانوں کے ساتھ جہاد کرنے کا حکم دیا تھا؟

ج : فلسطین۔

س : حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قوم نے کیا جواب دیا تھا؟

ج : "تو اور تیرا رب دونوں جاؤ اور ان سے لڑو ہم تو یہیں بیٹھے ہیں"۔

س : حضرت آدم علیہ السلام کی معراج کیا تھی ؟

ج : بہشت حضرت آدم علیہ السلام کی معراج تھی۔

س : حضرت ادریس علیہ السلام کو معراج کہاں ہوئی ؟

ج : حضرت ادریس علیہ السلام کو چوتھے یا چھٹے آسمان پر رکھا۔

س : حضرت ابراہیم علیہ السلام کی معراج کہاں تک تھی ؟

ج : آپ کی معراج آسمانِ دنیا تک تھی۔

س: حضرت موسیٰ علیہ السلام کو معراج کہاں پر ہوئی؟

ج: کوہِ طور پر۔

س: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی معراج کہاں تک تھی؟

ج: چوتھے آسمان تک۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی معراج کہاں تک تھی؟

ج: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا معراج قاب قوسین اَو ادنیٰ تک تھا۔

س: عشاء کی نماز سب سے پہلے کس پیغمبر نے پڑھی تھی؟

ج: حضرت عیسیٰ علیہ السلام۔

صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم

س: صحابی کسے کہتے ہیں؟

ج: جس نے ایمان کی حالت میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا دیدار کیا ہو اپنی ظاہری آنکھوں کے ساتھ حیاتِ نبوی میں۔

س: اس صحابیٔ رسول کا نام بتایئے جو ہر وقت حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھی رہے حتیٰ کہ انہیں یہ شرف حاصل ہوا کہ قبر میں بھی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھی ہیں؟

ج: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: کس صحابی کے بارے میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا "میری امت میں مجھ پر سب سے بڑھ کر احسان کرنے والے ہیں، ان کے احسانات اللہ تعالیٰ اتارے گا"؟

ج: حضرت ابوبکر صدیق رضؓ۔

س: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قبل از اسلام اسم مبارک کیا تھا؟

ج: عبدالکعبہ۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے آپ کا اسم مبارک کیا رکھا تھا؟

ج: عبداللہ۔

س: صدیق کسے کہتے ہیں؟

ج: جو حضرت مخبر صادق علیہ السلام کی خبر پا کر اللہ کریم اور رسول رحیم پر ایمان لے آتا ہے۔

س: سب صدیقوں میں افضل مقام کن کا ہے؟

ج: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کس قبیلے سے تعلق رکھتے تھے؟

ج: بنی تیم بن مرہ بن کعب سے۔

س: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عشرہ مبشرہ میں سے کن پانچ صحابہ کو ایمان کی دولت سے سرفراز کیا؟

ج: حضرت عثمان بن عفان، زبیر بن العوام، حضرت طلحہ بن عبید اللہ، حضرت سعد بن ابی وقاص اور حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ علیہم اجمعین۔

س: سب سے پہلے معراج شریف کے واقعہ کی تصدیق کس نے کی؟

ج: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی والدہ محترمہ کی کنیت کیا ہے؟

ج: اُم الخیر۔

س: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے والد کا نام کیا تھا؟

ج: ابوقحافہ عثمان بن عامر۔

س: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا پیشہ کیا تھا؟

ج: کپڑے کی تجارت۔

س: سجاح نامی عورت نے کس خلیفہ کے عہد میں نبوت کا دعویٰ کیا تھا؟

ج: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی وصال کے وقت عمر کتنی تھی؟

ج: ۶۳ برس۔

س: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کس جگہ دفن کیا گیا؟

ج: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے روضہ مبارک کے پاس۔

س: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا وصال کس تاریخ کو ہوا؟

ج: ۲۲ جمادی الآخر ۱۳ھ میں۔

س: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے عہد خلافت میں پہلی مسجد کہاں بنوائی؟

ج: مکہ معظمہ میں۔

س: حجۃ الوداع کے موقع پر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے امیر حج کسے مقرر کیا تھا؟

ج: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو۔

س: زکوٰۃ سے منحرف ہونے کا فتنہ کس خلیفہ کے دور میں پیدا ہوا تھا؟

ج: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دور میں۔

س: حضرت زبیر بن العوام رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کیا رشتہ تھا؟

ج: حضرت زبیر بن العوام رضی اللہ تعالیٰ عنہ داماد تھے۔

س: شرابی کے لیے ۸۰ درے کی سزا کس خلیفہ نے مقرر کی تھی؟

ج: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی والدہ محترمہ کا نام کیا تھا؟

ج: سلمیٰ بنت صخر بن عامر۔

س: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا لقب کیا تھا؟

ج: عتیق۔

س: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کتنی شادیاں کی تھیں؟

ج: چار۔

س: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ازواجِ مطہرات کے نام کیا ہیں؟

ج: ۱۔ قتیلہ بنت عبدالعزیٰ۔ ۲۔ ام رومان بنت عامر بن عویمر۔
۳۔ حبیبہ بنت خارجہ۔ ۴۔ اسماء بنت عمیس۔

س: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے عمر میں کتنے چھوٹے تھے؟

ج: دو سال چند ماہ۔

س: جنگِ بدر میں کفار قیدیوں کی رہائی کے لیے سفارش کس نے کی تھی؟

ج: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بیعت کی مخالفت مرتے دم تک کس شخصیت نے کی؟

ج: حضرت سعد بن عبادہ۔

س: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے خلافت کے بعد پہلا کام کیا جاری کیا؟

ج: حضرت اسامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو شام کی مہم پر سالار لشکر بنا کر بھیجا۔

س: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی پہلی جنگ کن کے ساتھ ہوئی؟

ج: منکرینِ زکوٰۃ کے ساتھ۔

س: قرآن مجید کو ترتیب سے جمع کرنے کی ابتداء کس نے کی تھی؟

ج: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے۔

س: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کس نے غسل دیا؟

ج: حضرت اسماء بنت عمیس اور بیٹے حضرت عبدالرحمن رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے۔

س: نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟

ج: حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے۔

س: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ولادت واقعہ فیل کے کتنے عرصہ بعد ہوئی تھی؟

ج: دو سال چار ماہ بعد۔

س: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی مدت خلافت کتنی ہے؟

ج: دو سال تین ماہ۔

س: حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کنیت کیا ہے؟

ج: ابوحفص۔

س: حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا لقب کیا ہے؟

ج: فاروق اعظم۔

س: حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے والد کا نام کیا ہے؟

ج: خطاب بن نفیل بن عبدالعزیٰ۔

س: حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی والدہ محترمہ کا نام کیا تھا؟

ج: حنتمہ بنت ہشام بن مغیرہ۔

س: حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ واقعہ فیل کے کتنے عرصہ بعد پیدا ہوئے؟

ج: تیرہ سال بعد۔

س: حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بعثت کے کتنے عرصہ بعد اسلام قبول کیا تھا؟

ج: بعثت کے چھٹے سال۔

س: حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کب خلیفہ بنے؟

ج: ہجرت کے تیرہ سال بعد ۲۲ جمادی الآخر سہ شنبہ کے روز۔

س: حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کتنی مدت خلیفہ رہے؟

ج: دس سال آٹھ ماہ۔

س: حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کتنی عمر میں اسلام قبول کیا؟

ج: ۳۰ سال کی عمر میں۔

س: حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کتنی احادیث مروی ہیں؟

ج: ۵۳۶۔

س: ابوجہل کا حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کیا رشتہ تھا؟

ج: حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ماموں تھا۔

س: کس صحابی نے دریائے نیل کے نام خط لکھا تھا؟

ج: حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ نے۔

س: حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو شہید کس نے کیا تھا؟

ج: ابولولوہ۔

س: حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کس جگہ دفن کیا گیا؟

ج: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے روضۂ مبارک میں۔

س: حضرت عمرؓ کب شہید ہوئے؟

ج: ۲۶ ذی الحجہ ۲۳ھ کو بروز چہار شنبہ۔

س: بوقت شہادت کتنی عمر تھی؟

ج: تقریباً انسٹھ سال۔

س: حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟

ج: حضرت صہیبؓ نے۔

س: ہجری کیلنڈر کس نے جاری کیا؟

ج: حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے۔

س: سب سے پہلے بیت المال کس نے قائم کیا؟

ج: حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے۔

س: سب سے پہلے تراویح کی نماز باجماعت کس خلیفہ نے جاری فرمائی؟

ج: حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے۔

س: شرابی کی سزا ۸۰ کوڑے کس خلیفہ نے مقرر فرمائی؟

ج: حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے۔

س: نماز جنازہ میں چار تکبیریں پڑھنے کا حکم کس نے دیا؟

ج: حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے۔

س: پولیس کا محکمہ کس نے قائم کیا؟

ج: حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے۔

س: سب سے زیادہ فتوحات کس کے زمانہ میں ہوئیں؟

ج: حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے۔

س: ترکہ اور ورثے کی مقررہ تقسیم کا نفاذ کس نے فرمایا؟

ج: حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے۔

س: اپنے عہد خلافت میں کس خلیفہ نے گھوڑوں پر زکوٰۃ کی وصولی کی ابتدا کی؟
ج: حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے۔
س: دُرّہ کس نے ایجاد کیا؟
ج: حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے۔
س: سب سے پہلے شہروں میں قاضی کس خلیفہ نے مقرر فرمائے؟
ج: حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے۔
س: کوفہ، بصرہ، جزیرہ اور موصل کے شہر کس نے آباد کیے؟
ج: حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے۔
س: مسجد نبوی کی توسیع کس خلیفہ کے عہد میں ہوئی؟
ج: حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے۔
س: امیرالمومنین کے لقب کا آغاز کب ہوا؟
ج: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے خلیفہ بننے کے بعد۔
س: جنات نے کس خلیفہ کی شان میں منقبت پڑھی تھی؟
ج: حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
س: حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے والد کا نام کیا ہے؟
ج: عفان بن ابو العاص بن امیہ بن عبدالشمس۔
س: حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کنیت کیا تھی؟
ج: ابوعمر۔ ابو عبداللہ اور ابو یعلیٰ۔
س: حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کتنی مرتبہ ہجرت کی؟
ج: دو مرتبہ۔ ہجرت حبشہ اور ہجرت مدینہ۔
س: حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شادی کن سے ہوئی؟

ج: حضرت رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور حضرت ام کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے۔
س: حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا لقب کیا ہے؟
ج: ذوالنورین۔
س: یہ لقب کس وجہ سے پڑا؟
ج: آپ کو یہ شرف حاصل تھا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی دو بیٹیاں یکے بعد دیگرے آپ کے نکاح میں آئی تھیں۔
س: حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کتنی احادیث مروی ہیں؟
ج: ۱۴۶۔
س: حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی والدہ کا نام کیا تھا؟
ج: اروی بنت کریز بن ربیعہ بن حبیب۔
س: حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نانی کا کیا نام تھا؟
ج: ام حکیم البیضا بنت عبدالمطلب بن ہاشم۔
س: قبول اسلام پر آپ کے کس چچا نے آپ پر سختی کی؟
ج: حکم بن ابی العاص۔
س: مسلمانوں میں سب سے پہلے بیوی بچوں کے ساتھ حبشہ کی جانب ہجرت کس نے کی؟
ج: حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے۔
س: اس صحابی کا نام بتایئے جن سے فرشتے بھی حیا کرتے تھے؟
ج: حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ
س: حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کتنی مدت خلافت کی؟

ج: بارہ دن کم بارہ سال۔

س: حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کب خلیفہ منتخب ہوئے؟

ج: ماہِ محرم ۲۴ھ۔

س: حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کتنی عمر میں شہادت پائی؟

ج: ۸۲ سال کی عمر میں۔

س: حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت کب ہوئی؟

ج: ماہ ذی الحجہ ۳۵ھ بروز جمعہ۔

س: حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کس جگہ دفن کیا گیا؟

ج: جنت البقیع میں۔

س: حضرت عثمانؓ کی نمازِ جنازہ کس نے پڑھائی تھی؟

ج: حضرت زبیرؓ نے۔

س: سب سے پہلے کس خلیفہ نے لوگوں کے لیے جاگیریں مقرر فرمائیں؟

ج: حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے۔

س: سب سے پہلے کس خلیفہ نے جانوروں کے لیے چراگاہیں قائم کیں؟

ج: حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے۔

س: جمعہ کے روز اذانِ اوّل دینے کا حکم سب سے پہلے کس نے دیا؟

ج: حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے۔

س: موذنوں کی تنخواہیں مقرر کرنے کی ابتداء کس نے کی؟

ج: حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے۔

س: اس خلیفہ کا نام بتائیے جو اپنی والدہ کی حیات میں خلیفہ منتخب ہوئے؟

ج: حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: خود تشخیصی زکوٰۃ کا نظام کس خلیفہ نے جاری کیا تھا؟

ج: حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے والد کا نام کیا تھا؟

ج: ابو طالب عبد مناف بن عبد المطلب۔

س: حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کنیت کیا تھی؟

ج: ابوالحسن۔ ابوتراب۔

س: بنی ہاشم میں سب سے پہلے خلیفہ کون تھے؟

ج: حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا لقب کیا ہے؟

ج: مرتضیٰ۔ اسد اللہ۔

س: حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کتنی عمر میں ایمان لائے؟

ج: تقریباً دس سال کی عمر میں۔

س: جنگِ احد میں حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کتنے زخم آئے تھے؟

ج: سولہ۔

س: حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کتنی احادیث مروی ہیں؟

ج: ۱۸۶۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کن کے بارے میں فرمایا تھا کہ "تم دنیا اور آخرت میں میرے بھائی ہو"؟

ج: حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: حضرت علیؓ کی والدہ محترمہ کا نام کیا تھا؟

ج: فاطمہ بنت اسد بن ہاشم رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: علم کا دروازہ کس صحابی کو کہتے ہیں؟

ج: حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو۔

س: حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خارجیوں کے ساتھ جنگ کب ہوئی؟

ج: ۳۸ھ میں۔

س: حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کس تاریخ کو شہید ہوئے؟

ج: ۲۱ رمضان المبارک ۴۰ھ میں۔

س: حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے قاتل کا نام کیا تھا؟

ج: ابن ملجم لعین۔

س: حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو غسل کس نے دیا تھا؟

ج: حضرت حسن رض، حضرت حسین رض اور حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین۔

س: حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی تھی؟

ج: امام حسن رض نے۔

س: حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مزار مبارک کہاں ہے؟

ج: نجف اشرف (عراق)

س: شہادت کے وقت حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی عمر مبارک کتنی تھی؟

ج: ۶۳ سال۔

س: عربی زبان کے اصول و قواعد سب سے پہلے کس نے مرتب کیے تھے؟

ج: حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے۔

س: حضرت امام حسن رض کی ولادت کب ہوئی تھی؟

ج: نصف ماہِ رمضان المبارک ۳ھ میں۔

س: حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کتنے حج ادا فرمائے تھے؟

ج: پچیس (بغیر سواری کے پیدل)

س: حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کتنی شادیاں یکے بعد دیگرے کی تھیں؟

ج: نوے۔

س: حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ کتنی مدت تک خلیفہ رہے؟

ج: چھ ماہ۔

س: حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو آپ کی کس بیوی نے زہر دیا تھا؟

ج: جعدہ بنت اشعث بن قیس۔

س: حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت کب ہوئی؟

ج: ربیع الاول ۵۰ھ۔

س: حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کتنی عمر پائی؟

ج: تقریباً ۴۸ سال۔

س: حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کس جگہ دفن کیا گیا ہے؟

ج: جنت البقیع میں۔

س: حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کنیت کیا تھی؟

ج: ابو محمدؐ۔

س: حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا لقب کیا تھا؟

ج: تقی۔

س: حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ولادت کس شہر میں ہوئی تھی؟

ج: مدینہ منورہ میں۔

س: امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کنیت کیا ہے؟

ج: ابوعبداللہ۔

س: امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا لقب کیا ہے؟

ج: شہید۔

س: امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ولادت کب ہوئی تھی؟

ج: ہجرت کے چوتھے سال چار شعبان بروز سہ شنبہ۔

س: حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کتنی عمر میں شہادت پائی؟

ج: ۵۷ سال ۵ ماہ

س: امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت کب ہوئی؟

ج: ۱۰ محرم الحرام ۶۱ھ کربلا کے میدان میں۔

س: امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مزار مبارک کہاں ہے؟

ج: کربلا میں۔

س: حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے والد کا نام کیا ہے؟

ج: ابوسفیان صخر بن حرب بن امیہ بن عبدالشمس۔

س: حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کتنی احادیث مروی ہیں؟

ج: ۱۶۳۔

س: حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کب خلیفہ ہوئے؟

ج: ماہ ربیع الآخر یا جمادی الاول ۴۱ھ میں۔

س: حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کب وصال فرمایا؟

ج: ماہ رجب ۶۰ھ میں۔

س: حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کس جگہ دفن کیا گیا تھا؟

ج: دمشق۔

س: سب سے پہلے بیٹھ کر خطبہ دینے کی ابتداء کس نے کی؟

ج: حضرت امیر معاویہؓ۔

س: عید کی نماز سے قبل خطبہ دینے کی ابتداء کس نے کی؟

ج: حضرت امیر معاویہؓ۔

س: عید میں اذان دینے کی ابتداء کس نے کی؟

ج: حضرت امیر معاویہؓ۔

س: سب سے پہلے خواجہ سرا رکھنے کی ابتداء کس نے کی؟

ج: حضرت امیر معاویہؓ۔

س: لفظ صحابہ کا خطاب کس صحابی کو ملا تھا؟

ج: حضرت ابوہریرہؓ کو۔

س: ابوہریرہ کے معنی کیا ہیں؟

ج: بلی کا باپ۔

س: خطاب ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کس نے دیا تھا؟

ج: حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے۔

س: جنگ یرموک کس خلیفہ کے عہد میں لڑی گئی تھی؟

ج: حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: مکران کس خلیفہ کے دور میں فتح ہوا؟

ج: حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دور میں۔

س: کس صحابی نے مکران فتح کیا تھا؟

ج: حضرت عبداللہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے۔

س: نقیبِ اسلام کن خلیفہ کو کہتے ہیں؟

ج: حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو۔

س: حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر ابو لولو فیروز نے کس وقت حملہ کیا تھا؟

ج: نمازِ فجر کے دوران۔

س: جنگِ یرموک کن صحابی کی قیادت میں لڑی گئی تھی؟

ج: حضرت اسامہ بن زیدؓ۔

س: عشرہ مبشرہ سے کیا مراد ہے؟

ج: دس صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین جن کو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ان کی زندگی میں ہی جنتی ہونے کی بشارت دے دی تھی۔

س: عشرہ مبشرہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے اسمِ مبارک بتائیے!

ج: حضرت ابوبکر صدیقؓ، حضرت عمر فاروقؓ، حضرت عثمان غنیؓ، حضرت علیؓ، حضرت ابوعبیدہ بن الجراحؓ، حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ، حضرت سعد بن ابی وقاصؓ، حضرت زبیر بن العوامؓ، حضرت سعید بن زیدؓ، حضرت طلحہ بن عبیداللہ رضی اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین۔

س: حضرت سعید بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کنیت کیا تھی؟

ج: ابوالاعور۔

س: طلحۃ الجواد۔ طلحۃ الخیر۔ طلحۃ الفیاض کس صحابی کے القاب تھے؟

ج: حضرت زبیر بن العوامؓ۔

س: ابو اسحاق کن صحابی کی کنیت تھی؟

ج: حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: حضرت زبیر بن العوام رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے کیا رشتہ تھا؟

ج: حضرت زبیر بن العوام رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے پھوپھی زاد بھائی تھے۔

س: حضرت عمار یاسر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کس جنگ میں شہید ہوئے تھے؟

ج: جنگِ صفین۔

س: حضرت سلمان [illegible] رضی اللہ تعالیٰ عنہ کس جگہ کے رہنے والے تھے؟

ج: ایران کے شہر اصفہان کی ایک بستی جی کے۔

س: حضرت سلمان فارسیؓ کے [illegible] نام کیا تھا؟

ج: [illegible]

س: کس صحابی کے بارے میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا تھا کہ یہ میرے اہل بیت میں سے ہے؟

ج: حضرت سلمان فارسیؓ۔

س: حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا وصال کب ہوا؟

ج: [illegible]ھ میں۔

س: حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا وصال کس شہر میں ہوا تھا؟

ج: مدائن۔

س: لشکرِ اسلام میں سے سب سے پہلا تیر کس صحابی نے کافروں پر [illegible] تھا؟

ج: حضرت سعد بن ابی وقاصؓ۔

س: ان صحابہ کرام کا اسم مبارک بتلایئے جو کسی وجہ سے غزوۂ بدر میں عملی
پر شریک نہیں تھے مگر ۳۱۳ کی فہرست میں ان کا نام آتا ہے؟

ج: حضرت عثمان بن عفان، حضرت طلحہ، حضرت سعید، حضرت عاصم بن عدی
العجلان، حضرت حاطب بن حاطب، حضرت حارث بن الصمّہ، حضرت
خوات بن جبیر اور حضرت ابو لبابہ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین۔

س: جنگِ بدر میں کس صحابی نے عتبہ کو واصلِ جہنم کیا تھا؟

ج: حضرت حمزہؓ نے۔

س: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا اصل اسم مبارک کیا تھا؟

ج: حضرت عمیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا وصال کب ہوا؟

ج: ۵۷ھ یا ۵۹ھ میں۔

س: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی والدہ محترمہ کا اسم مبا
کیا تھا؟

ج: ام الفضل۔

س: ام الفضل کا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے کیا رشتہ تھا؟

ج: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زوجہ مطہرہ میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی
ہمشیرہ تھیں اس بناء پر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی سالی محترمہ تھیں۔

س: صحابہ کرام بہت سے قرآن مجید کی تفسیر کس صحابی نے بیان کی ہے؟

ج: حضرت عبداللہ ابن عباسؓ نے۔

س: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا وصال کب ہوا؟

ج: ۶۴ھ میں۔

س: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کنیت کیا تھی؟

ج: عبدالرحمٰن۔

س: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا وصال کب ہوا؟

ج: ۷۳ھ میں۔

س: حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کتنے غزوات
میں شرکت کی؟

ج: انیس غزوات۔

س: حضرت جابر بن عبداللہ انصاریؓ کا وصال کب ہوا؟

ج: ۷۴ھ میں۔

س: جنگِ بدر میں کس صحابی نے ولید کو جہنم واصل کیا تھا؟

ج: حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: جنگِ بدر میں کس صحابی نے شیبہ کو جہنم رسید کیا تھا؟

ج: حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا اسلام سے قبل کیا نام تھا؟

ج: عبد عمرو۔

س: جنگِ بدر میں کس صحابی کو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ایک چھڑی عنایت
کی تھی جو تلوار سے زیادہ کام کرتی تھی؟

ج: حضرت ابو دجانہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور سلمہ بن اسلم رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے کون سے چچا جو اس وقت تک مسلمان نہیں
ہوئے تھے۔ جنگِ بدر میں مسلمانوں کے ہاتھ قیدی ہوئے تھے؟

ج: حضرت عباسؓ۔

س: حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کس صحابی نے گرفتار کیا تھا؟

ج: حضرت ابو الیسیر کعب بن عمرو انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے۔

س: غزوہ قینقاع میں مسلمانوں کا جھنڈا کس صحابی کے ہاتھ میں تھا؟

ج: حضرت حمزہ رضؓ۔

س: کس صحابی کو ملائکہ نے غسل دیا تھا؟

ج: حضرت حنظلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو۔

س: حضرت حنظلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کس غزوہ میں شہید ہوئے تھے؟

ج: غزوۂ احد۔

س: کس صحابی کے بارے میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا تھا کہ "چالیس مردوں سے میدانِ جنگ میں اچھا ہے"؟

ج: حضرت ابو طلحہ رضؓ۔

س: حضرت عبداللہ بن عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کیا رشتہ تھا؟

ج: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے نواسے تھے۔

س: کس صحابی نے غزوہ احزاب میں خندق کھودنے کا مشورہ دیا تھا؟

ج: حضرت سلمان فارسیؓ۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اپنی غیر موجودگی میں مدینہ میں کس صحابی کو عام اپنا خلیفہ بناتے تھے؟

ج: حضرت عبداللہ ابن مکتوم رضؓ کو۔

س: صلح حدیبیہ کا معاہدہ تحریر کرنے کے لیے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام صحابی کو طلب کیا تھا؟

ج: حضرت اوس بن خولی انصاری رضؓ کو۔

س: قریش کے اصرار پر صلح حدیبیہ کے معاہدہ کی کتابت کس نے کی؟

ج: حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے۔

س: جنگِ صفین کن دو صحابہ کرام کے درمیان پیش آئی تھی؟

ج: حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے۔

س: حضرت زبیر بن العوام رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی والدہ محترمہ کا نام کیا تھا؟

ج: حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بہنوئی کا نام بتائیے؟

ج: حضرت سعید بن زید رضؓ۔

س: ذوالجناحین کا خطاب کس صحابی کو ملا تھا؟

ج: حضرت جعفر طیار رضؓ کو۔

س: الطیب المطیب کن صحابی کا نام تھا؟

ج: حضرت عمار بن یاسر رضؓ۔

س: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے القاب بتائیے؟

ج: صاحب المطہرہ۔ صاحب النعل۔ صاحب الوسادۃ۔

س: حضرت جعفر طیار رضی اللہ تعالیٰ عنہ کس لڑائی میں شہید ہوئے تھے؟

ج: موتہ۔

س: امیر المومنین فی الحدیث کن صحابی کو خطاب ملا تھا؟

ج: حضرت عبداللہ بن عباس رضؓ کو۔

س: بحر العلم کن صحابی کو خطاب ملا تھا؟

ج: حضرت عبداللہ بن عباس رضؓ۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے حضرت ابو سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نماز جنازہ میں کتنی تکبیریں پڑھی تھیں؟

ج: نو۔

س: انصار میں سے غزوۂ بدر میں سب سے پہلے شہادت کا رتبہ کس کو ملا؟

ج: حارث رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن سراقہ۔

س: حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی والدہ کا نام بتلایئے؟

ج: ہالہ بنت وہیب۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے حضرت عبدالرحمن بن عوفؓ کی امامت میں کب نماز ادا فرمائی تھی؟

ج: غزوۂ تبوک میں۔

س: حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی جائے ولادت بتایئے؟

ج: خانہ کعبہ۔

س: حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی والدہ کا نام بتایئے؟

ج: نتیلہ عمریہ۔

س: کون سے دو صحابی ایک ہی قبر میں برابر برابر مدفون ہیں؟

ج: حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت عبداللہ بن جحش رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: بادشاہ نجاشی کے ہاتھ پر۔

ج: سیف الاسلام کن صحابی کو کہتے ہیں؟

س: حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن ابی وقاص۔

س: "خیر" کا لقب کن صحابی کو عطا ہوا تھا؟

ج: حضرت طلحہؓ۔

س: غزوات کے موقع پر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا خیمہ کون سے صحابی نصب کیا کرتے تھے؟

ج: حضرت ابو رافعؓ۔

س: حضرت ابو عبیدہ بن الجراح رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا لقب کیا ہے؟

ج: امین الامت۔

س: امام الامت کن خلیفہ کا لقب ہے؟

ج: حضرت ابوبکر صدیقؓ۔

س: ڈاک کا محکمہ کس خلیفہ کے عہد میں بنایا گیا؟

ج: حضرت عمرؓ۔

س: حضرت ابو عبیدہ بن الجراح رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کن خلیفہ کے عہد میں وصال فرمایا؟

ج: حضرت عمر فاروقؓ۔

س: حضرت ابو رافع رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کن خلیفہ کے عہد میں وصال فرمایا؟

ج: حضرت علیؓ۔

س: پہلا بحری بیڑا کس خلیفہ کے عہد میں بنایا گیا؟

ج: حضرت عثمانؓ۔

س: نماز کے لیے اذان کی تجویز کس صحابی نے پیش کی تھی؟

ج: حضرت عمرؓ۔

س: حضرت بلالؓ کس خلیفہ کے عہد میں وصال کر گئے تھے؟

ج: حضرت عمرؓ۔

س: حضرت خالد بن ولیدؓ کا وصال کن خلیفہ کے عہد میں ہوا تھا؟

ج: حضرت عمرؓ۔

س: حضرت سلمان فارسیؓ کا وصال کن خلیفہ کے عہد میں ہوا تھا؟

ج: حضرت علیؓ۔

س: حضرت عائشہؓ کا وصال کن صحابی کے عہدِ خلافت میں ہوا تھا؟

ج: حضرت امیر معاویہؓ۔

س: حضرت ابو ہریرہؓ کا وصال کب اور کن صحابی کے عہدِ خلافت میں ہوا تھا؟

ج: ۵۹ھ میں۔ حضرت امیر معاویہؓ کے دور میں۔

س: حضرت ابو ایوب انصاریؓ کا وصال کن صحابی کے عہدِ خلافت میں ہوا؟

ج: حضرت امیر معاویہؓ۔

س: حضرت حسان بن ثابتؓ کا وصال کن صحابی کے عہدِ خلافت میں ہوا؟

ج: حضرت امیر معاویہؓ۔

س: حضرت اسامہ بن زیدؓ کا وصال کن صحابی کے عہدِ خلافت میں ہوا؟

ج: حضرت امیر معاویہؓ۔

ازواجِ مطہرات علیہ الصلوٰۃ والسلام

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ازواجِ مطہرات کی تعداد کتنی ہے؟

ج: گیارہ۔

س: حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی کنیت کیا ہے؟

ج: اُمِ ہند۔

س: حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے والد کا نام کیا تھا؟

ج: خویلد بن اسد بن عبد العزیٰ۔

س: حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی والدہ کا نام کیا تھا؟

ج: فاطمہ بنت زاہدہ بن الاصم۔

س: حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی والدہ کس قبیلہ سے تعلق رکھتی تھیں؟

ج: بنی عامر بن لوی۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی پہلی زوجۂ مطہرہ کا نام بتائیں؟

ج: حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی آپ سے نکاح کے وقت عمر مبارک کتنی تھی؟

ج: ۲۵ سال۔

س: حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی بوقت نکاح کتنی عمر تھی؟

ج: ۴۰ سال۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے نکاح کے وقت حق مہر کیا مقرر ہوا تھا؟

ج: ۲۰ اُونٹنیاں۔

س: ازواجِ مطہرات رضی اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین میں سے سب سے اُونچا رتبہ کن کا ہے؟

ج: حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا وصال کب ہوا تھا؟

ج: ۱۰ ماہِ رمضان کو اعلانِ نبوت کے دس سال بعد۔

س: بوقتِ انتقال حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی عمر مبارک کتنی تھی؟

ج: ۶۵ سال۔

س: حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا مزار مبارک کہاں ہے؟

ج: حجون میں (مکہ معظمہ)

س: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی کنیت کیا ہے؟

ج: ام عبداللہ۔

س: حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا لقب بتائیے؟

ج: طاہرہ۔

س: حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی پہلی شادی کن سے ہوئی تھی؟

ج: ابو ہالہ بن نباش تیمی۔

س: حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی دوسری شادی کن سے ہوئی تھی؟

ج: عتیق بن عابد مخزومی سے۔

س: حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی تیسری شادی کن سے ہوئی؟

ج: حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام سے۔

س: حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی تھی؟

ج: اس وقت تک نماز جنازہ شروع نہیں ہوئی تھی۔

س: حضرت سودہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی کنیت بتلائیے؟

ج: ام الاسود۔

س: حضرت سودہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے والد کا نام بتائیے؟

ج: زمعہ بن قیس عبد الشمس بن عبدود بن نضر بن مالک۔

س: حضرت سودہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی والدہ کا نام بتائیے؟

ج: شموس بنت قیس بن عمرو۔

س: حضرت سودہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کس قبیلے سے تعلق رکھتی تھیں؟

ج: عامر قریش۔

س: حضرت سودہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی بوقت نکاح عمر کتنی تھی؟

ج: ۵۰ سال۔

س: حضرت سودہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا پہلا نکاح کن کے ساتھ ہوا تھا؟

ج: سکران بن عمرو۔

س: حضرت سودہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے نکاح کب ہوا تھا؟

ج: رمضان میں نبوت کے دسویں سال۔

س: حضرت سودہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا حق مہر کیا مقرر ہوا تھا؟

ج: چار سو درہم۔

س: کس زوجہ مطہرہ نے اپنی باری حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے لیے چھوڑ دی تھی؟

ج: حضرت سودہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: نکاح کے فوراً بعد کس زوجہ مطہرہ کو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے طلاق دینے کا ارادہ کیا تھا؟

ج: حضرت سودہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی کون سی زوجہ مطہرہ آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ہم عمر تھیں؟

ج: حضرت سودہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: حضرت سودہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا وصال کب ہوا تھا؟

ج: ۲۲ھ میں۔

س: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا لقب کیا تھا؟

ج: حمیرا، صدیقہ۔

س: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے والد محترم کا نام بتائیے؟

ج: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی والدہ محترمہ کا نام بتائیے؟

ج: زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کس قبیلے سے تعلق رکھتی تھیں؟

ج: بنی تمیم۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اس زوجہ مطہرہ کا نام بتائیے جو بیوہ اور مطلقہ نہیں تھیں بلکہ کنواری تھیں اور یہ صرف ایک زوجہ مطہرہ کو فضیلت حاصل ہے؟

ج: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی کس زوجہ مطہرہ کی طہارت و برائت پر آیت کریمہ نازل ہوئی تھی؟

ج: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: بوقت وصال حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کس زوجہ مطہرہ کے حجرہ مبارک میں تھے؟

ج: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کس زوجہ مطہرہ کے حجرہ مبارک میں مدفون ہیں؟

ج: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی سب سے کم عمر زوجہ مطہرہ کا نام بتائیے؟

ج: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: کس زوجہ مطہرہ کی باری کے دن لوگ ہدیے اور تحائف حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو بھیجا کرتے تھے؟

ج: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا بوقت نکاح حق مہر کیا مقرر ہوا تھا؟

ج: ۵۰۰ درہم۔

س: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا وصال کب ہوا تھا؟

ج: سہ شنبہ شب ۱۷ رمضان المبارک ۵۸ھ۔

س: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی بوقتِ وصال عمر کتنی تھی؟

ج: ۶۶ سال۔

س: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا مزار مبارک کہاں ہے؟

ج: جنت البقیع (مدینہ منورہ)

س: حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے والدِ محترم کا نام بتلایئے؟

ج: حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی والدہ محترمہ کا نام بتایئے؟

ج: زینب بنت مظعون بن حبیب۔

س: حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی ولادت کب ہوئی تھی؟

ج: بعثت نبوی سے پانچ برس پہلے۔

س: حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا پہلا نکاح کن سے ہوا تھا؟

ج: خنیس بن حذافہ رضؓ۔

س: خنیس بن حذافہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کس غزوہ میں شہید ہوئے تھے؟

ج: غزوۂ بدر۔

س: حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے کب نکاح ہوا تھا؟

ج: ہجرتِ مدینہ کے دو یا تین سال بعد۔

س: حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا وصال کب ہوا تھا؟

ج: شعبان ۴۵ھ میں۔

س: حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نام کیا تھا؟

ج: ہند بنت ابی امیہ سہیل بن المغیرہ۔

س: حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کس قبیلے سے تعلق رکھتی تھیں؟

ج: بنی مخزوم۔

س: حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا پہلا نکاح کن سے ہوا تھا؟

ج: حضرت عبداللہ بن الاسد (ابو سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

س: حضرت ابو سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا وصال کب ہوا تھا؟

ج: جمادی الثانی ۴ھ۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے نکاح کب ہوا تھا؟

ج: ماہِ شوال ۴ھ۔

س: ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا حق مہر کیا مقرر ہوا تھا؟

ج: دس درہم۔

س: صلح حدیبیہ اور غزوہ خیبر کے موقع پر کون سی زوجہ مطہرہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ تھیں؟

ج: حضرت ام سلمہ رضؓ۔

س: فتح مکہ کے موقعہ پر حضرت ام میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے علاوہ کون سی زوجہ مطہرہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ تھیں؟

ج: حضرت ام سلمیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زوجہ مطہرہ کا سب سے آخر میں وصال ہوا تھا؟

ج: حضرت ام سلمہ رضؓ۔

س: حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا وصال کب ہوا؟

ج: ۵۹ھ میں۔

س: بوقت وصال حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی عمر کتنی تھی؟

ج: ۸۴ سال۔

س: حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کہاں مدفون ہیں؟

ج: جنت البقیع۔

س: حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی تھی؟

ج: حضرت ابو ہریرہؓ نے۔

س: حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا لقب کیا تھا؟

ج: ام المساکین۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نکاح کب ہوا تھا؟

ج: شروع رمضان المبارک ۳ھ میں۔

س: حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا حق مہر کیا تھا؟

ج: بارہ اوقیہ۔

س: حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا وصال کب ہوا؟

ج: ربیع الاول ۴ھ

س: حضرت زینب بنت حجش رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی کنیت بتائیے؟

ج: ام الحکم۔

س: حضرت زینب بنت حجش رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی والدہ کا نام بتائیے؟

ج: امیمہ بنت عبدالمطلب۔

س: حضرت زینب بنت حجش رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا پہلا نکاح کن سے ہوا تھا؟

ج: حضرت زید بن حارث رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے۔

س: حضرت زید بن حارث رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت زینب بنت حجشؓ کو کب طلاق دی تھی؟

ج: ذی القعدہ ۵ھ۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے حضرت زینب بنت حجش رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نکاح کب ہوا تھا؟

ج: ذی القعدہ ۵ھ۔

س: بوقت نکاح حضرت زینب بنت حجش رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی عمر کتنی تھی؟

ج: ۳۸ سال۔

س: حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا کتنی عمر میں وصال ہوا تھا؟

ج: ۵۳ سال۔

س: حضرت زینب بنت حجش رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا وصال کب ہوا تھا؟

ج: ۲۰ھ میں۔

س: حضرت زینب بنت حجش رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی تھی؟

ج: حضرت عمر فاروقؓ۔

س: حضرت زینب بنت حجش رضی اللہ تعالیٰ عنہا کہاں مدفون ہیں؟

ج: جنت البقیع۔

س: حضرت جویریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے والد کا نام بتلائیے؟

ج: حارث بن ابی ضرار بن حبیب بن عابد بن مالک۔

س: حضرت جویریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا تعلق کس قبیلے سے تھا؟

ج: بنو مصطلق۔

س: حضرت جویریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے والد کا اپنے قبیلے میں کیا مقام تھا؟

ج: اپنے قبیلے کے سردار تھے۔

س: حضرت جویریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا پہلا نکاح کس سے ہوا تھا؟

ج: مسافع بن صفوان۔

س: حضرت جویریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا اصل نام کیا تھا؟

ج: برّہ

س: حضرت جویریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نام کس ہستی نے تبدیل کر کے "جویریہ" رکھا تھا؟

ج: حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے۔

س: حضرت جویریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کس غزوہ میں قیدی ہو … آئی تھیں؟

ج: غزوہ مریسیع۔

س: حضرت جویریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا قیدی کی حیثیت سے کن کے … میں آئی تھیں؟

ج: حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ۔

س: حضرت جویریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا فدیہ کس نے ادا کیا تھا؟

ج: حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے۔

س: حضرت جویریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے کب نکاح ہوا تھا؟

ج: ماہ شعبان ۵ھ میں۔

س: حضرت جویریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا وصال کس جگہ ہوا تھا؟

ج: مدینہ منورہ۔

س: حضرت جویریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا وصال کب ہوا؟

ج: ربیع الاول ۵۰ھ۔

س: بوقتِ وصال حضرت جویریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی عمر کتنی تھی؟

ج: ۶۵ سال۔

س: حضرت جویریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کہاں مدفون ہیں؟

ج: جنت البقیع۔

س: حضرت ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے والد کا نام بتلائیے؟

ج: ابوسفیان رضی اللہ عنہ

س: حضرت ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی والدہ کا نام بتلائیے؟

ج: صفیہ بنت ابی العاص بن امیہ بن عبدالشمس۔

س: حضرت ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کیا رشتہ تھا؟

ج: حضرت ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی والدہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی پھوپھی تھیں۔

س: حضرت ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا پہلا نکاح کس سے ہوا تھا؟

ج: عبداللہ بن جحش۔
س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو کس جگہ نکاح کا پیغام بھیجا تھا؟
ج: حبشہ۔
س: نکاح کی تقریب کس نے منعقد کی تھی؟
ج: بادشاہ نجاشی۔
س: حضرت ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا حق مہر کیا مقرر ہوا تھا؟
ج: چار سو دینار۔ ایک روایت میں چار ہزار درہم۔
س: حق مہر کی رقم حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی طرف سے کس نے ادا کی تھی؟
ج: بادشاہ نجاشی نے۔
س: بوقت نکاح حضرت ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی عمر کتنی تھی؟
ج: ۳۵ سال۔
س: حضرت ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا وصال کب ہوا تھا؟
ج: ۴۴ھ میں۔
س: بوقت وصال حضرت ام حبیبہ رضہ کی عمر کتنی تھی؟
ج: ۷۳ سال۔
س: حضرت ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کہاں مدفون ہیں؟
ج: جنت البقیع۔
س: حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے والد کا نام بتائیں؟
ج: حیی بن اخطب بن شعبہ۔
س: حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی والدہ کا نام بتائیے؟

ج: ضرہ بنت سموال۔
س: حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا اصل نام کیا تھا؟
ج: زینب۔
س: حضرت صفیہ رضہ کی پہلی شادی کن کے ساتھ ہوئی تھی؟
ج: سلام بن مشکم القرظی۔
س: حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی دوسری شادی کس کے ساتھ ہوئی تھی؟
ج: کنانہ بن ابی الحقیق۔
س: حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کس جنگ میں قید ہو کر آئی تھیں؟
ج: جنگ خیبر۔
س: حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کب اسلام قبول کیا؟
ج: جنگ خیبر کے بعد۔
س: اسلام سے پہلے آپ کس مذہب پر تھیں؟
ج: یہودی مذہب۔
س: حضرت صفیہ رضہ قیدی کی حیثیت سے کن کے حصہ میں آئی تھیں؟
ج: حضرت دحیہ کلبی رضہ۔
س: حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا فدیہ کس نے ادا کیا تھا؟
ج: حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے۔
س: حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا انتقال کب ہوا تھا؟
ج: ۵۰ھ میں۔
س: بوقت وصال حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی عمر کتنی تھی؟
ج: ۶۰ سال۔

س: حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے والد کا نام بتائیں؟
ج: حارث بن حزن بن بجیر۔
س: حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی والدہ کا نام بتائیں؟
ج: ہند بنت عوف بن زہیر۔
س: حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا پہلا نکاح کن سے ہوا تھا؟
ج: مسعود بن عمرو بن عمیر ثقفی۔
س: حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا دوسرا نکاح کس سے ہوا تھا؟
ج: ابو رہم بن عبد العزیٰ۔
س: حضرت میمونہؓ کا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے نکاح کب ہوا تھا؟
ج: ۷ھ میں۔
س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی آخری زوجہ مطہرہ کا نام بتائیں؟
ج: حضرت میمونہؓ۔
س: حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا وصال کب ہوا؟
ج: ۵۱ھ میں۔

بناتِ رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی سب سے بڑی صاحبزادی کا نام بتائیں؟
ج: حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔
س: حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نکاح کن سے ہوا تھا؟
ج: حضرت ابو العاص ابن الربیع رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
س: حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی ولادت کب ہوئی تھی؟
ج: بعثت نبوی سے دس سال قبل۔
س: حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا وصال کب ہوا تھا؟
ج: ۸ھ میں۔
س: حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو غسل کس نے دیا تھا؟
ج: حضرت سودہ بنت زمعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے۔
س: حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی تھی؟
ج: حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام۔
س: حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو قبر میں کس نے اتارا تھا؟
ج: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اور حضرت ابو العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے۔

س: حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی کتنی اولاد تھی؟

ج: دو۔ بیٹا علی اور بیٹی امامہ۔

س: حضرت امامہ کی شادی کن سے ہوئی تھی؟

ج: حضرت علیؓ سے۔

س: حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت کے بعد کن سے نکاح ہوا؟

ج: جناب مغیرہؓ سے۔

س: حضرت رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی شادی کس کے ساتھ ہوئی تھی؟

ج: ابولہب کے بیٹے عتبہ سے۔

س: یہ شادی کب ہوئی تھی؟

ج: بعثت رسول سے قبل۔

س: کس کے کہنے پر عتبہ نے حضرت رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو طلاق دی تھی؟

ج: ابولہب کے کہنے پر۔

س: حضرت رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی دوسری شادی کن سے ہوئی تھی؟

ج: حضرت عثمان غنیؓ سے۔

س: حضرت رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہاں ہجرت کی تھی؟

ج: حبشہ۔

س: حضرت رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی کتنی اولاد تھی؟

ج: صرف ایک بیٹا عبداللہ۔

س: عبداللہ کہاں پیدا ہوئے تھے؟

ج: حبشہ میں۔

س: عبداللہ کا کتنی عمر میں وصال ہوا تھا؟

ج: چھ سال کی عمر میں۔

س: حضرت رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا وصال کب ہوا تھا؟

ج: ہجرت مدینہ کے دوسرے سال۔

س: حضرت رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کہاں مدفون ہیں؟

ج: جنت البقیع میں۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام حضرت رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے جنازہ میں کیوں شریک نہیں ہوئے تھے؟

ج: اس دن غزوۂ بدر میں شریک تھے۔

س: حضرت ام کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نام کیا تھا؟

ج: آمنہ۔

س: حضرت ام کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی شادی کن سے ہوئی تھی؟

ج: حضرت رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے وصال کے بعد حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے۔

س: حضرت ام کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کب نکاح ہوا؟

ج: ربیع الاول ۳ھ۔

س: حضرت ام کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کتنی اولاد تھی؟

ج: ایک بچہ تھا جس کا وصال دو سال کی عمر میں ہو گیا تھا۔

س: حضرت ام کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا وصال کب ہوا تھا؟

ج: ماہِ شعبان ہجرتِ مدینہ کے نویں سال۔

س: حضرت ام کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی تھی؟

ج: حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام۔

س: حضرت ام کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو قبر میں کس نے اتارا تھا؟

ج: حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ فضل بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی ولادت کب ہوئی تھی؟

ج: نبوت سے ایک سال قبل۔

س: حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا لقب بتلائیے؟

ج: زہرا۔ طاہرہ۔ راضیہ۔ مرضیہ اور بتول۔

س: حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی کنیت بتلائیے؟

ج: ام محمد۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی سب سے چھوٹی اولاد کا نام بتائیں؟

ج: حضرت فاطمہؓ۔

س: حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کب نکاح ہوا تھا؟

ج: رمضان المبارک ۲ھ۔

س: بوقتِ نکاح حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی عمر کتنی تھی؟

ج: پندرہ سال ساڑھے پانچ ماہ۔

س: حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا حق مہر کیا تھا؟

ج: ۴۸۰ درہم۔

س: حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حق مہر کی رقم کیسے ادا کی تھی؟

ج: اپنی زرہ کو بیچ کر۔

س: زرہ کس نے اور کتنی قیمت میں خریدی تھی؟

ج: حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ۴۸۰ درہم میں۔

س: حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو جہیز میں کیا ملا تھا؟

ج: ایک پلنگ۔ ایک بستر۔ ایک چادر۔ دو چکیاں اور ایک مشک۔

س: حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی کتنی اولاد تھی؟

ج: پانچ۔ حضرت امام حسن۔ امام حسین۔ محسن رضی اللہ عنہ اجمعین۔ زینب اور ام کلثوم رضی اللہ عنہا اجمعین۔

س: آپ کی صاحبزادی حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نکاح کن سے ہوا تھا؟

ج: حضرت عبداللہ جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے۔

س: آپؓ کی صاحبزادی ام کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نکاح کن سے ہوا تھا؟

ج: حضرت عمر فاروقؓ سے۔

س: کس ہستی کے بارے میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا تھا کہ "اہلِ جنت کی سردار ہوں گی؟

ج: حضرت فاطمہؓ۔

س: حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا وصال کب ہوا تھا؟

ج: سہ شنبہ کی شب ماہِ رمضان ۱۱ھ میں۔

س: بوقتِ وصال حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی تھی؟

ج: حضرت علیؓ۔

س: حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو کس جگہ دفن کیا گیا؟

ج: جنت البقیع ۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اپنی اولاد میں سے سب سے محبوب / پیاری ہستی کا نام بتایئے ؟

ج: حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا ۔

تابعین رضی اللہ تعالیٰ عنہم

س: تابعی کسے کہتے ہیں ؟

ج: جس نے ایمان کی آنکھوں کے ساتھ صحابیٔ رسول کی زیارت کی ہو۔

س: حضرت اویس قرنی رضی اللہ عنہ کون تھے ؟

ج: تابعی ۔

س: حضرت اویس قرنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا اصل نام کیا تھا ؟

ج: حضرت سہیل یمنی رضؓ ۔

س: حضرت اویس قرنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کس قبیلے سے تعلق رکھتے تھے ؟

ج: نجد کے قبیلہ قرن سے۔

س: حضرت اویس قرنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا پیشہ کیا تھا ؟

ج: شتربانی۔

س: حضرت اویس قرنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کس وادی میں شتربانی کا کام کرتے تھے ؟

ج: وادیٔ عرنہ ۔

س: حضرت اویس قرنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کس جنگ میں شامل ہوئے تھے ؟

ج: جنگِ صفین۔

س: حضرت اویس قرنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کس جنگ میں شہید ہوئے تھے؟

ج: جنگ صفین۔

س: جنگِ صفین میں کس کی قیادت میں حضرت اویس قرنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ لڑے؟

ج: حضرت علیؓ۔

س: کس ہستی کے بارے میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا تھا کہ "ان کی شفاعت میری امت کے لیے قبیلہ ربیعہ اور قبیلہ مضر کی بکریوں کے بالوں کے برابر ہوگی"؟

ج: حضرت اویس قرنیؓ۔

س: حضرت ہرم بن حیانؓ کون تھے؟

ج: تابعی تھے۔

س: حضرت ہرم بن حیان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کن کے شوقِ زیارت میں مکہ معظمہ کوفہ اور بصرہ کے شہروں میں پھرتے رہے؟

ج: حضرت اویس قرنیؓ کے۔

س: حضرت حسن بصری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کون تھے؟

ج: تابعی تھے۔

س: حضرت حسن بصری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کنیت بتائیے؟

ج: ابو محمد۔ ابو سعید۔

س: حضرت سعید بن المسیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کون تھے؟

ج: تابعی تھے۔

س: آپ کس فن میں ماہر تھے؟

ج: فقہ میں۔

س: آپ کس علوم میں یدِطولیٰ رکھتے تھے؟

ج: توحید و حقائق تفسیر۔ شعر و لغت۔

س: حضرت حسن بصری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہاں کے رہنے والے تھے؟

ج: بصرہ۔ عراق۔

س: حضرت امام زین العابدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کون تھے؟

ج: تابعی تھے۔

س: حضرت امام زین العابدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کنیت بتائیے؟

ج: ابو محمد۔ ابوالحسن۔ ابوبکر۔

س: حضرت امام زین العابدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا لقب بتائیے؟

ج: سجاد زین العابدین

س: حضرت امام زین العابدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا اصل نام کیا تھا؟

ج: علی۔

س: حضرت امام زین العابدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے والد محترم کا نام بتائیے؟

ج: حضرت امام حسین علیہ السلام۔

س: حضرت امام زین العابدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ولادت کہاں ہوئی تھی؟

ج: مدینہ منورہ۔

س: حضرت امام زین العابدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی والدہ محترمہ کا نام بتائیے؟

ج: بی بی شہر بانو۔

س: حضرت امام زین العابدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ولادت کب ہوئی تھی؟

ج: مختلف روایات کے مطابق ۳۱ھ یا ۳۶ھ یا ۳۸ھ میں

س: حضرت امام زین العابدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا وصال کب ہوا تھا؟

ج: شب ۱۰ محرم ۹۴ھ یا ۹۵ھ میں۔

س: حضرت امام زین العابدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہاں مدفون ہیں؟

ج: جنت البقیع۔

س: حضرت امام محمد باقر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کون تھے؟

ج: تابعی تھے۔

س: حضرت امام محمد باقر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کنیت بتائیے؟

ج: ابو جعفر۔

س: حضرت امام محمد باقر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا لقب بتائیے؟

ج: باقر۔

س: حضرت امام محمد باقر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا اصل نام کیا تھا؟

ج: محمد۔

س: حضرت امام محمد باقر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے والدِ محترم کا نام بتائیں

ج: حضرت امام زین العابدین رضؓ۔

س: حضرت امام محمد باقر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی والدہ محترمہ کا نام کیا؟

ج: بی بی فاطمہ بنت امام حسن بن حضرت علیؓ۔

س: حضرت امام محمد باقر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ولادت کب ہوئی تھی؟

ج: ماہ صفر میں امام حسین علیہ السلام کی شہادت سے تین سال قبل۔

س: حضرت امام محمد باقر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا وصال کب ہوا؟

ج: ۱۱۷ھ میں۔

س: حضرت امام محمد باقر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہاں مدفون ہیں؟

ج: جنت البقیع۔

س: حضرت حسن بصری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا پیشہ کیا تھا؟

ج: جوہری۔

س: حضرت حسن بصری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کتنے صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کو دیکھا تھا؟

ج: تقریباً ایک سو تیس۔

س: حضرت حسن بصری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ولادت کب ہوئی تھی؟

ج: ۲۱ھ میں۔

س: حضرت حسن بصری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا وصال کب ہوا تھا؟

ج: ۵ رجب ۱۱۰ھ۔

س: حضرت حسن بصری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہاں مدفون ہیں؟

ج: بصرہ۔

س: حضرت قاسم بن محمد بن ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کون تھے؟

ج: تابعی تھے۔

س: حضرت قاسم بن محمد بن ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا وصال کب ہوا تھا؟

ج: ۱۰۷ھ۔

س: امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کون تھے؟

ج: تابعی تھے۔

س: امام اعظم ابو حنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کتنے صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین کی زیارت کی تھی؟

ج: سات۔

س: ان میں سے چار کا نام بتائیں؟

ج: حضرت جابر بن عبداللہ۔ حضرت انس بن مالک۔ حضرت عبداللہ بن انس حضرت عبداللہ بن اوفی رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین۔

س: امام اعظم ابو حنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کنیت بتائیے؟

ج: ابو حنیفہ۔

س: امام ابو حنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا لقب بتائیں؟

ج: امام اعظم۔

س: امام ابو حنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا اصل نام کیا تھا؟

ج: نعمان بن ثابت

س: امام ابو حنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ولادت کب ہوئی تھی؟

ج: ۸۰ھ میں۔

س: بوقت وصال امام ابو حنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی عمر کتنی تھی؟

ج: ۷۰ سال۔

س: امام ابو حنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہاں مدفون ہیں؟

ج: بغداد شریف۔

س: ان تابعی کا نام بتائیں جو ایک ملک کے بادشاہ بھی تھے؟

ج: حبشہ کے بادشاہ نجاشی۔

س: کس تابعی کی نماز جنازہ غائبانہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے پڑھائی؟

ج: نجاشی۔

س: حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کس کے ہاتھ پر اسلام قبول کیا تھا؟

ج: نجاشی۔

س: ہجرت حبشہ کے بعد نجاشی کے سامنے کس صحابی نے تقریر کی تھی؟

ج: حضرت جعفر بن طیار رض۔

س: شاہ حبشہ نجاشی کے سامنے حضرت جعفر طیار رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کس سورۃ کی تلاوت کی تھی؟

ج: سورۂ مریم کی چند آیات کی تلاوت کی تھی۔

س: نجاشی نے تلاوت سن کر کیا کہا تھا؟

ج: نجاشی کی آنکھوں میں آنسو آ گئے تھے اور اس نے قریش مکہ سے کہا کہ اللہ کی قسم! یہ سچا کلام ہے اور انجیل میں بھی حضرت مریم علیہ السلام کے بارے میں اسی طرح ہے جس طرح قرآن پاک میں ہے۔ میں مسلمانوں کو حبشہ سے نہیں نکالوں گا۔ تم لوگ واپس مکہ چلے جاؤ۔ اور مسلمان حبشہ میں جہاں رہنا چاہیں رہ سکتے ہیں۔

س: حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کون تھے؟

ج: تابعی تھے۔

س: حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ولادت کب ہوئی تھی؟

ج: ۱۷ ربیع الاول ۸۰ھ میں۔

س: حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کنیت کیا تھی؟

ج: ابو اسماعیل۔ ابو عبداللہ۔

س: حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا لقب کیا تھا؟

ج: صادق۔

س: حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا اصل اسم مبارک کیا تھا؟

ج: جعفر۔

س: حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے والدِ محترم کا نام بتائیں؟

ج: حضرت محمد بن علی بن حسین بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔

س: حضرت امام جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی والدہ محترمہ کا نام بتائیں؟

ج: بی بی فروہ بنت القاسم بن محمد بن ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ۔

س: حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا وصال کب ہوا تھا؟

ج: ۱۵ رجب المرجب ۱۴۸ھ۔

س: حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہاں مدفون ہیں؟

ج: جنت البقیع (مدینہ منورہ)

تبع تابعین رحمۃ اللہ علیہم اجمعین

س: تبع تابعین سے کیا مراد ہے؟

ج: جس نے ایمان کی آنکھوں سے کسی تابعی کی زیارت کی ہو؟

س: حضرت ابراہیم ادہم رحمۃ اللہ علیہ کون تھے؟

ج: تبع تابعین میں سے تھے۔

س: حضرت ابراہیم ادہم رحمۃ اللہ علیہ کس شہر کے حاکم تھے؟

ج: بلخ۔

س: حضرت ابراہیم ادہم رحمۃ اللہ علیہ کی کنیت بتائیے؟

ج: ابواسحاق۔

س: حضرت ابراہیم ادہم رحمۃ اللہ علیہ کا مزار کہاں ہے؟

ج: بلخ۔

س: حضرت ذوالنون مصری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کون تھے؟

ج: تبع تابعین میں سے تھے۔

س: حضرت ذوالنون مصری رحمۃ اللہ علیہ کی کنیت بتائیں؟

ج: ابوالفیض۔

س: حضرت ذوالنون مصری رحمۃ اللہ علیہ کا اصل نام بتائیے؟

ج: ثوبان۔

س: حضرت ذوالنون مصری رحمۃ اللہ علیہ کے والدِ محترم کا نام بتائیں؟

ج: ابراہیم مصری۔

س: حضرت فضیل بن عیاض رحمۃ اللہ علیہ کون تھے؟

ج: تبع تابعین میں سے تھے۔

س: حضرت فضیل بن عیاض رحمۃ اللہ علیہ کی کنیت کیا تھی؟

ج: ابوعلی۔

س: حضرت فضیل بن عیاض رحمۃ اللہ علیہ کا توبہ کرنے سے پہلے کیا پیشہ تھا؟

ج: راہزنی۔

س: قرآن پاک کی اس آیت کا ترجمہ سنائیں جسے سن کر فضیل بن عیاض رحمۃ اللہ نے راہزنی سے توبہ کرلی تھی؟

ج: "کیا ایمان والوں کے لیے وہ وقت نہیں آیا کہ ان کے دل اللہ کے ذکر یاد سے خشوع و خضوع حاصل کریں"

س: حضرت عبداللہ بن مبارکؒ کون تھے؟

ج: تبع تابعین میں سے تھے۔

س: حضرت حبیب عجمی رحمۃ اللہ علیہ کون تھے؟

ج: تبع تابعین میں سے تھے۔

س: حضرت مالک بن دینار رحمۃ اللہ علیہ کون تھے؟

ج: تبع تابعین میں سے تھے۔

س: حضرت بشر حافی رحمۃ اللہ علیہ کون تھے؟

ج: تبع تابعین میں سے تھے۔

س: حضرت بشر حافی رحمۃ اللہ علیہ کے والد محترم کا نام بتائیں؟

ج: حضرت حارث رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: حافی کا مطلب کیا ہے؟

ج: ننگے پاؤں۔

س: آپ کو حافی کیوں کہتے تھے؟

ج: آپ نے جوتی پہننا ترک کر دیا تھا اور ننگے پاؤں رہتے تھے۔

س: حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ کون تھے؟

ج: تبع تابعین میں سے تھے۔

س: حضرت داؤد طائی رحمۃ اللہ علیہ کون تھے؟

ج: تبع تابعین میں سے تھے۔

س: حضرت داؤد طائی رحمۃ اللہ علیہ کے والد محترم کا نام بتائیں؟

ج: نصر طائی۔

س: حضرت داؤد طائی رحمۃ اللہ علیہ کی کنیت کیا تھی؟

ج: ابوسلیمان۔

س: حضرت داؤد طائی رحمۃ اللہ علیہ کے استاد محترم کا نام بتائیں؟

ج: حضرت امام اعظم ابوحنیفہؒ۔

س: حضرت سری سقطی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کون تھے؟

ج: تبع تابعین میں سے تھے۔

س: حضرت سری سقطی رحمۃ اللہ علیہ کے والد محترم کا نام بتائیں؟

ج: مغلس السقطی۔

س: حضرت سری سقطی رحمۃ اللہ علیہ کی کنیت کیا تھی؟

ج : ابوالحسن ۔

س : حضرت سری سقطی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کا حضرت جنید بغدادی رحمتہ اللہ علیہ سے کیا رشتہ تھا؟

ج : آپ حضرت جنید بغدادی رحمتہ اللہ علیہ کے ماموں تھے۔

س : حضرت سری سقطی رحمتہ اللہ علیہ کا پیشہ کیا تھا؟

ج : بغداد میں کباڑی کا کام کرتے تھے۔

س : حضرت سری سقطی رحمتہ اللہ علیہ کس کے مرید تھے؟

ج : حضرت معروف کرخیؒ ۔

س : حضرت امام موسیٰ کاظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کون تھے؟

ج : آپ ساتویں امام ہیں اور تبع تابعین میں سے تھے۔

س : امام موسیٰ کاظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ولادت کب ہوئی تھی؟

ج : ۷ صفر المظفر ۱۲۸ھ ۔

س : امام موسیٰ کاظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کنیت بتائیں؟

ج : ابوابراہیم ۔ ابوالحسن

س : امام موسیٰ کاظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا لقب بتائیں؟

ج : کاظم ۔

س : امام موسیٰ کاظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے والد محترم کا نام بتائیں؟

ج : حضرت امام جعفر صادق رضؓ

س : حضرت امام موسیٰ کاظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی والدہ محترمہ کا نام بتائیں؟

ج : حمیدہ بربریہ ۔

س : حضرت امام موسیٰ کاظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی پیدائش کس مقام پر ہوئی تھی؟

ج : مقام ابواء

س : امام موسیٰ کاظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا وصال کس مقام پہ ہوا تھا؟

ج : ہارون الرشید کے قید خانہ میں ۔

س : امام موسیٰ کاظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مزار کہاں واقع ہے؟

ج : بغداد شریف (عراق)

اولیائے کرام رحمۃ اللہ علیہم اجمعین

س: غوثِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی والدہ محترمہ کا نام بتائیں؟

ج: امۃ الجبار فاطمہ بنت شیخ عبداللہ صومعی۔

س: غوثِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ولادت کب ہوئی تھی؟

ج: یکم رمضان کی پہلی شب ۴۷۰ھ۔

س: فتوح الغیب اور غنیۃ الطالبین کس کی تصانیف ہیں؟

ج: غوثِ اعظمؓ۔

س: حضرت داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ کے والد محترم کا نام بتائیں؟

ج: سید عثمان۔

س: حضرت داتا گنج بخش رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا عرس کس تاریخ کو منا
ہے؟

ج: ۱۹۔ ۲۰ صفر المظفر۔

س: خواجہ معین الدین چشتی رحمۃ اللہ علیہ کے والد محترم کا نام بتائیں؟

ج: غیاث الدین۔

س: حضرت شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے والد کا نام بتا

ج: مولانا سیف الدین۔

س: حضرت شاہ عنایت قادری رحمۃ اللہ علیہ کس خاندان سے تعلق رکھتے تھے؟

ج: ارائیں۔

س: پیر وارث شاہ اور بابا بلھے شاہ رحمۃ اللہ علیہ اجمعین کے مُرشد کا نام بتائیں؟

ج: حضرت شاہ عنایت قادریؒ۔

س: حضرت شاہ عنایت قادری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا وصال کس بادشاہ کے عہد میں ہوا تھا؟

ج: محمد شاہ رنگیلا۔

س: حضرت شاہ محمد غوث رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کس شہر میں پیدا ہوئے تھے؟

ج: پشاور۔

س: حضرت شاہ محمد غوث رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے والدِ محترم کا نام بتائیں؟

ج: سید حسن پشاوری۔

س: مولانا جلال الدین رومی رحمۃ اللہ علیہ کا اصل نام بتائیں؟

ج: محمد بن بہاؤالدین محمد

س: مولانا جلال الدین رومی رحمۃ اللہ علیہ کا مزار مبارک کہاں ہے؟

ج: قونیہ۔

س: شیخ بہاؤالدین زکریا ملتانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے والد محترم کا نام بتائیں؟

ج: وجیہہ الدین۔

س: شیخ رکن الدین ملتانی رحمۃ اللہ علیہ کے والدِ محترم کا نام بتائیں؟

ج: شیخ صدرالدین محمد بن شیخ بہاؤالدین زکریا ملتانیؒ۔

س: پیر مہر علی شاہ رحمتہ اللہ علیہ گولڑہ شریف کے والد محترم کا نام بتا

ج: سید نظیر الدین شاہ رحمتہ اللہ علیہ۔

س: پیر مہر علی شاہ رحمتہ اللہ علیہ کو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زیار
جگہ ہوئی تھی؟

ج: مدینہ منورہ کے راستے میں وادیٔ حمرا کے مقام پر۔

س: پیر مہر علی شاہ رحمتہ اللہ علیہ کا مقبرہ کتنے عرصہ میں تیار ہوا تھا؟

ج: بیس سال میں۔

س: مقبرہ کی تیاری میں اتنا عرصہ کیوں صرف ہوا؟

ج: اس لیے کہ اس کی ایک ایک اینٹ پر پورا قرآن پاک ختم کیا گیا

س: خواجہ قطب الدین بختیار کاکی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کے والد م
بتائیں؟

ج: سید موسیٰ۔

س: بابا فرید الدین گنج شکر رحمتہ اللہ علیہ کے مرشد کا نام بتائیں؟

ج: خواجہ قطب الدین بختیار کاکی رحمتہ اللہ علیہ۔

س: خواجہ قطب الدین بختیار کاکی رحمتہ اللہ علیہ کی نماز جنازہ کس نے
پڑھائی؟

ج: سلطان شمس الدین التمشؒ۔

س: نماز جنازہ کے لیے خواجہ صاحب نے کیا وصیت کی تھی؟

ج: میرے جنازہ کی نماز وہ شخص پڑھائے کہ جس نے کبھی حرام نہ
جس سے سنت عصر اور تکبیر اولیٰ کبھی فوت نہ ہوئی ہو۔

س: "دلیل العارفین" کس کی تصنیف ہے؟

ج: خواجہ قطب الدین بختیار کاکیؒ۔

س: حضرت طاہر بندگیؒ لاہور کے کس محلہ میں رہتے تھے؟

ج: پھونڈ منڈی کے محلہ شیخ اسحاق۔

س: حضرت طاہر بندگی رحمتہ اللہ علیہ کا مزار مبارک کہاں ہے؟

ج: میانی صاحب لاہور۔

س: شیخ نظام الدین اولیاء رحمتہ اللہ علیہ کا اصل نام بتائیں؟

ج: محمد بن احمد بن دانیال۔

س: حضرت نظام الدین اولیاء رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کی نماز جنازہ کس نے
پڑھائی تھی؟

ج: شیخ رکن الدین ملتانیؒ۔

س: حضرت گھوڑے شاہ رحمتہ اللہ علیہ کا اصل نام بتلایئے؟

ج: حضرت سید بہاؤالدینؒ۔

س: حضرت گھوڑے شاہ رحمتہ اللہ علیہ کے والد محترم کا نام بتائیں؟

ج: سید شاہ محمد۔

س: اس ولی اللہ کا نام بتائیں جن کا انتقال پانچ سال کی عمر میں ہو گیا تھا؟

ج: حضرت گھوڑے شاہؒ۔

س: حضرت گھوڑے شاہ رحمتہ اللہ علیہ کا وصال کس بادشاہ کے عہد میں
ہوا تھا؟

ج: مغل بادشاہ اکبر کے عہد میں۔

س: حضرت بابا فرید گنج شکر رحمتہ اللہ علیہ کے والد محترم کا نام بتائیں؟

ج: مولانا کمال الدین۔

س: حضرت بابا فرید الدین گنج شکر رحمتہ اللہ علیہ کی والدہ کا نام بتائیں؟

ج: قاسمہ خاتون۔

س: کس بادشاہ کی بیٹی سے بابا فرید گنج شکر رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ نے شا[دی] کی تھی؟

ج: سلطان غیاث الدین بلبن۔

س: بابا فرید شکر گنج رحمتہ اللہ علیہ کی اس زوجہ محترمہ کا نام بتائیں جو ایک باد[شاہ] کی بیٹی تھیں؟

ج: بی بی ہذیرہ۔

س: حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمتہ اللہ علیہ کے والد محترم کا نام بتا[ئیں]

ج: حضرت شاہ عبدالرحیم۔

س: حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمتہ اللہ علیہ کا اصل نام کیا تھا؟

ج: احمد۔

س: "انفاس العارفین" کس کی تصنیف ہے؟

ج: حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ۔

س: حضرت موج دریا بخاری رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کا اصل نام بتائیں؟

ج: حضرت میراں محمد شاہؒ۔

س: حضرت موج دریا بخاری رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کے والد محترم کا نام بتائیں؟

ج: سید صفی الدین۔

س: کس بادشاہ نے آپ کو جاگیر نذر کی تھی؟

ج: مغل بادشاہ اکبر۔

س: شیخ سعدی رحمتہ اللہ علیہ کا اصل نام کیا تھا؟

ج: مصلح الدین۔

س: شیخ سعدی رحمتہ اللہ علیہ کے والد محترم کا نام بتائیں؟

ج: عبداللہ۔

س: شیخ سعدی رحمتہ اللہ علیہ کا مزار کہاں واقع ہے؟

ج: ایران کے شہر شیراز میں۔

س: حضرت مادھو لال حسین رحمتہ اللہ علیہ کا اصل نام بتائیں؟

ج: حضرت شیخ حسین قادریؒ۔

س: حضرت مادھو لال حسین رحمتہ اللہ علیہ کے والد کا نام بتائیں؟

ج: شیخ عثمان۔

س: حضرت سید مٹھا رحمتہ اللہ علیہ کا اصل نام بتائیں؟

ج: سید ابی غفار۔

س: حضرت سید مٹھا رحمتہ اللہ علیہ کے والد محترم کا نام بتائیں؟

ج: سید جمال الدین۔

س: آپ کا نام سید مٹھا کیوں مشہور ہوا تھا؟

ج: اس لیے کہ آپ بڑے شیریں زبان تھے۔

س: درس وڈا میاں کن بزرگ سے منسوب ہے؟

ج: حضرت میاں وڈاؒ۔

س: حضرت میاں وڈا رحمتہ اللہ علیہ کا اصل نام کیا تھا؟

ج: شیخ محمد اسماعیلؒ۔

س: حضرت میاں وڈا رحمتہ اللہ علیہ کے والد محترم کا نام بتائیں؟

ج : فتح اللہ۔

س : حضرت میاں وڈا رحمۃ اللہ علیہ کس قوم سے تعلق رکھتے تھے؟

ج : کھوکھر۔

س : حضرت میاں میر رحمۃ اللہ علیہ کا اصل نام بتائیں؟

ج : محمد میرؒ۔

س : حضرت میاں میر رحمۃ اللہ علیہ کے والد محترم کا نام کیا تھا؟

ج : قاضی سائیں دتہ۔

س : حضرت میاں میر رحمۃ اللہ علیہ کی والدہ محترمہ کا نام کیا تھا؟

ج : بی بی فاطمہ۔

س : داراشکوہ کی بیوی نادرہ بیگم کا مقبرہ کہاں واقع ہے؟

ج : حضرت میاں میرؒ کی خانقاہ کی چار دیواری کے درمیان۔

س : حضرت بو علی قلندرؒ کا اصل نام کیا تھا؟

ج : شرف الدین۔

س : حضرت بو علی قلندرؒ کے والد محترم کا نام بتائیں؟

ج : حضرت شیخ فخر الدین۔

س : حضرت بو علی قلندرؒ کی والدہ محترمہ کا نام کیا تھا؟

ج : بی بی حافظ جمال۔

س : حضرت خواجہ باقی باللہؒ کا مزار کہاں ہے؟

ج : دہلی بھارت۔

س : حضرت خواجہ باقی باللہؒ کے والد محترم کا نام بتائیں؟

ج : قاضی عبدالسلام۔

س : حضرت خواجہ باقی باللہؒ کا اصل نام کیا تھا؟

ج : سید رضی الدین۔

س : حضرت مجدد الف ثانیؒ کے مرشد کا نام بتائیں؟

ج : حضرت خواجہ باقی باللہؒ

س : امام غزالیؒ کا اصل نام کیا تھا؟

ج : حضرت امام محمد بن محمد۔

س : امام غزالیؒ کی کنیت بتائیے؟

ج : ابو حامد۔

س : امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کا لقب کیا تھا؟

ج : زین الدین۔

س : امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کا مزار کہاں ہے؟

ج : [illegible]

س : احیاء العلوم اور کیمیائے سعادت کے مصنف کا نام بتائیں؟

ج : امام محمد غزالیؒ

س : مولانا عبدالرحمٰن جامی رحمۃ اللہ علیہ کا لقب بتائیں؟

ج : نور الدین، عماد الدین۔

س : مولانا عبدالرحمٰن جامی رحمۃ اللہ علیہ کے والد محترم کا نام بتائیں؟

ج : احمد بن دشتی۔

س : نفحات الانس اور شواہد النبوہ کس کی تصانیف ہیں؟

ج : مولانا عبدالرحمٰن جامیؒ

س : مولانا عبدالرحمٰن جامیؒ کا مزار کہاں واقع ہے؟

ج: ہرات (افغانستان)

س: اکبر بادشاہ کے "دین الٰہی" کی مخالفت کن بزرگوں نے کی تھی؟

ج: حضرت خواجہ باقی باللہ رحمتہ اللہ علیہ اور حضرت مجدد الف ثانیؒ۔

س: حضرت مادھولال حسین رحمتہ اللہ علیہ کے عرس پر کون سا میلہ لگتا ہے؟

ج: میلہ چراغاں۔

س: "فاضل بریلوی" کس ہستی کا لقب ہے؟

ج: امام احمد رضا خان بریلویؒ

س: شاہ ابو المعالی رحمتہ اللہ علیہ کا اصل نام کیا تھا؟

ج: حضرت خیر الدین۔

س: شاہ ابو المعالی رحمتہ اللہ علیہ کے والد محترم کا نام بتائیں؟

ج: سید رحمت اللہ۔

س: شاہ ابو المعالی رحمتہ اللہ علیہ کا مزار کہاں ہے؟

ج: گوالمنڈی لاہور۔

س: کس بادشاہ کے عہد میں شاہ ابو المعالی رحمتہ اللہ علیہ کا وصال ہوا تھا؟

ج: شہنشاہ جہانگیر۔

س: گورنمنٹ کالج لاہور کے اندر کس بزرگ کا مزار واقع ہے؟

ج: حضرت شیخ موسیٰ لوھر قادریؒ۔

س: حضرت نجم الدین کبریٰ رحمتہ اللہ علیہ کا اصل نام کیا تھا؟

ج: احمد بن عمر الخیوقی۔

س: حضرت نجم الدین کبریٰؒ کی کنیت کیا تھی؟

ج: ابو الجناب۔

س: ہائیکورٹ لاہور کے نزدیک کس بزرگ کا مزار ہے؟

ج: حضرت شاہ چراغؒ

س: حضرت شاہ چراغؒ کا اصل نام بتائیں؟

ج: سید عبدالرزاقؒ۔

س: کس بادشاہ کے عہد میں حضرت شاہ چراغ رحمتہ اللہ علیہ کا وصال ہوا تھا؟

ج: شاہجہان۔

س: کس بزرگ کی دعا سے جہانگیر بادشاہ پیدا ہوا تھا؟

ج: حضرت شیخ سلیمؒ۔

س: حضرت شیخ سلیمؒ کے والد محترم کا نام بتائیں؟

ج: شیخ بہاؤالدین۔

س: شیخ سلیم رحمتہ اللہ علیہ کا مزار کہاں واقع ہے؟

ج: فتح پور (بھارت)

س: شیخ سلیم رحمتہ اللہ علیہ کا مقبرہ کس بادشاہ نے تعمیر کروایا تھا؟

ج: اکبر بادشاہ۔

س: حضرت سید محمود گیسو دراز رحمتہ اللہ علیہ کا اصل نام کیا تھا؟

ج: سید محمد۔

س: حضرت سید محمود گیسو دراز رحمتہ اللہ علیہ کے والد محترم کا نام کیا تھا؟

ج: سید یوسف حسینیؒ۔

س: سید یوسف حسینیؒ کس نام سے مشہور ہیں؟

ج: راجو قتالؒ۔

س: حضرت خواجہ غلام فرید رحمتہ اللہ علیہ کس وجہ سے زیادہ مشہور ہیں؟

ج: کافیوں کی وجہ سے۔

س: حضرت خواجہ غلام فرید رحمتہ اللہ علیہ کا مزار کہاں واقع ہے؟

ج: مٹھن کوٹ (ڈیرہ غازی خان)

س: حضرت خواجہ غلام فرید رحمتہ اللہ علیہ کا کلام کس زبان میں ہے؟

ج: سرائیکی۔

س: حضرت خواجہ غلام فرید رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کا وصال کس بیماری کی وجہ سے ہوا تھا؟

ج: شوگر۔

س: شیخ فریدالدین عطار رحمتہ اللہ علیہ کی کون سی کتاب زیادہ مشہور ہے؟

ج: تذکرۃ الاولیاء۔

س: حضرت مخدوم جہانیاں جہاں گشت، رحمتہ اللہ علیہ کا اصل نام بتائیں؟

ج: سید جلال بخاریؒ۔

س: باغ جناح میں کس بزرگ کا مزار ہے؟

ج: حضرت پیر ترت مراد شاہؒ۔

س: تکیہ املی والا انارکلی لاہور میں کس بزرگ کا مزار ہے؟

ج: حضرت سید عبدالوہاب قادریؒ۔

س: محلہ کوٹلی پیر عبدالرحمٰن کا نام کس بزرگ کے نام پر رکھا گیا ہے؟

ج: حضرت پیر عبدالرحمٰن قادریؒ۔

س: یہ کس بادشاہ کے دور میں گزرے ہیں؟

ج: اورنگزیب عالمگیر۔

س: بازار جج محمد لطیف اندرون بھاٹی گیٹ لاہور میں کس بزرگ کا مزار ہے

ج: حضرت شاہ رضا قادریؒ۔

س: بنک سکوائر نزد نیلا گنبد میں کس بزرگ کا مزار ہے؟

ج: حضرت محمد سعید قادری شطاریؒ۔

س: میو ہسپتال لاہور کے ہوسٹل کے اندر کس بزرگ کا مزار ہے؟

ج: حضرت پیر سید بلاق شاہ قادریؒ۔

س: لاہور میں ماموں بھانجا کے کنویں کے نزدیک کس بزرگ کا مزار ہے؟

ج: حضرت شاہ حسین گیلانیؒ۔

س: کوچہ فقیر خانہ اندرون بھاٹی گیٹ لاہور کس بزرگ کا مزار ہے؟

ج: حضرت فقیر غلام محی الدین قادریؒ

س: تکیہ لہری شاہ اچھرہ کس بزرگ کا مزار ہے؟

ج: جمعہ شاہؒ

س: پیر چھٹانکی شاہ کا اصل نام بتائیے؟

ج: محمد باقر۔

س: پیر چھٹانکی شاہ کا مزار کہاں واقع ہے؟

ج: کوچہ پیر چھٹانکی مصری شاہ لاہور۔

س: حضرت سید محمد معصوم شاہ گیلانی رحمتہ اللہ علیہ کی کتنی دفعہ نماز جنازہ پڑھی گئی تھی؟

ج: تین۔

س: مسجد شہید گنج لاہور کے ساتھ کن بزرگوں کے مزارات ہیں؟

ج: حضرت شاہ کاکو چشتی رحمتہ اللہ علیہ اور حضرت شیخ اسحاق کاکو چشتی رحمہ

س: مسجد بیگم شاہی لاہور کے احاطہ میں کس بزرگ کا مزار ہے؟

ج: حضرت غلام قادر چشتی بھیروی رح

س: مسجد وزیر خان کے صحن میں کس بزرگ کا مزار ہے؟

ج: حضرت سید اسحاق گازرونی رح

س: مسجد وزیر خان کے دروازے کے سامنے کس بزرگ کا مزار ہے؟

ج: حضرت سید صوف سہروردی رح

س: شاہی قلعہ لاہور کے اندر تہہ خانہ میں کس بزرگ کا مزار ہے؟

ج: حضرت سید عثمان المعروف شاہ بھولا سہروردی رح

س: بائی دیوی ہسپتال لاہور کے سامنے کس بزرگ کا مزار ہے؟

ج: حضرت شیخ حسن رح

س: نیلا گنبد انارکلی لاہور میں کس بزرگ کا مزار واقع ہے؟

ج: حضرت شاہ عبدالرزاق مکی سہروردی رح

س: یکی دروازہ لاہور کس بزرگ کے نام سے مشہور ہے؟

ج: حضرت پیر ذکی رح۔

س: چوک رنگ محل بیرون سوہا بازار لاہور میں کس بزرگ کا مزار ہے؟

ج: شیخ ایاز رح۔

س: حضرت شیخ ہندی رح کا مزار کہاں واقع ہے؟

ج: حضرت داتا گنج بخش رح کے مزار کے پاس خواتین کے احاطہ میں۔

معلومات اسلامی

س: پُل صراط کہاں واقع ہے؟

ج: جہنم کے اوپر۔

س: مرتد کسے کہتے ہیں؟

ج: دینِ اسلام قبول کر لینے کے بعد جو شخص دین اسلام سے پھر جائے۔

س: جنت کی سب سے بڑی نعمت کیا ہے؟

ج: اللہ کا دیدار۔

س: پانچ وقت کی نمازوں میں کتنی رکعتیں سنت مؤکدہ ہیں؟

ج: بارہ۔

س: پانچ وقت کی نمازوں میں کل کتنی رکعتیں پڑھی جاتی ہیں؟

ج: ۴۸۔

س: وتر کی نماز فرض ہے یا سنت؟

ج: واجب ہے۔

س: مکبر کسے کہتے ہیں؟

ج: تکبیر پڑھنے والے کو۔

س: نماز میں "قومہ" کسے کہتے ہیں؟

ج: رکوع کے بعد کھڑے ہونے کو کہتے ہیں۔

س: دونوں سجدوں کے درمیان بیٹھنے کو کیا کہتے ہیں؟

ج: جلسہ۔

س: فرشتوں کو معصوم کیوں کہا جاتا ہے؟

ج: اس لیے کہ اللہ تعالیٰ نے ان میں گناہ کرنے کی طاقت ہی نہیں رکھی۔

س: نامہ اعمال لکھنے والے فرشتوں کو کیا کہتے ہیں؟

ج: کراماً کاتبین۔

س: قبر میں سوال کرنے والے دو فرشتوں کے نام بتائیں؟

ج: منکر اور نکیر۔

س: کیا جنوں اور فرشتوں میں سے بھی کوئی نبی ہے؟

ج: نہیں۔ نبی صرف انسانوں میں سے ہوتے ہیں۔

س: سب سے پہلے نبی کا نام بتائیں؟

ج: حضرت آدم علیہ السلام۔

س: سب سے پہلے رسول کا نام بتائیں؟

ج: حضرت نوح علیہ السلام۔

س: حضرت عزرائیل علیہ السلام کی روح کون قبض کرے گا؟

ج: تمام جن وانس و فرشتوں کے مرنے کے بعد صرف حضرت عزرائیل علیہ السلام رہ جائیں گے تو اللہ تعالیٰ عزرائیل علیہ السلام سے فرمائے گا "مرجا" تو وہ مرجائیں گے۔

س: حشر کا میدان کس جگہ قائم ہوگا؟

ج: ملک شام کی سرزمین پر۔

س: وضو میں کتنے فرض ہوتے ہیں؟

ج: چار۔

س: وضو میں کتنی سنتیں ہیں؟

ج: سولہ۔

س: وضو میں مستحب کتنے ہیں؟

ج: پندرہ۔

س: خدا تعالیٰ کا ذاتی نام کیا ہے؟

ج: اللہ

س: کتب سماوی کسے کہتے ہیں؟

ج: چاروں آسمانی کتابیں اور صحیفے۔

س: تورات اور زبور کس زبان میں نازل ہوئیں؟

ج: عبرانی۔

س: انجیل کس زبان میں نازل ہوئی؟

ج: سریانی۔

س: جنت کا دروازہ سب سے پہلے کون کھولے گا؟

ج: حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام۔

س: پل صراط پر سب سے پہلے کس نبی کی امت گزرے گی؟

ج: حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام۔

س: ستر سے کیا مراد ہے؟

ج: جسم کا وہ حصہ چھپانا جس کا چھپانا فرض ہے۔

س: امام ابوحنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہاں پیدا ہوئے تھے؟

ج: کوفہ۔

س: امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کہاں پیدا ہوئے تھے؟

ج: عسقلان۔

س: امام مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہاں پیدا ہوئے تھے؟

ج: مدینہ منورہ۔

س: امام احمد بن حنبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہاں پیدا ہوئے تھے؟

ج: بغداد شریف۔

س: عورتوں پر نماز باجماعت واجب ہے یا نہیں؟

ج: نہیں۔

س: برزخ کسے کہتے ہیں؟

ج: دنیا اور آخرت کے درمیان ایک اور عالم ہے جسے برزخ کہتے ہیں۔

س: دجال کس قوم سے ہے؟

ج: قوم یہود۔

س: دجال اس وقت کہاں قید ہے؟

ج: اللہ تعالیٰ کے حکم کے مطابق دریائے طبرستان کے جزائر میں۔

س: دجال کی سواری کیا ہوگی؟

ج: گدھا۔

س: دجال کی پیشانی پر کیا لکھا ہوگا؟

ج: ک ف ر۔

س: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کہاں نزول فرمائیں گے؟

ج: دمشق کی جامع مسجد کے شرقی مینارہ پر۔

س: حضرت امام مہدی کا ظہور کتنی عمر میں ہوگا؟

ج: چالیس سال کی عمر میں۔

س: حضرت امام مہدی کی نماز جنازہ کون پڑھائے گا؟

ج: حضرت عیسیٰ علیہ السلام۔

س: یاجوج و ماجوج کن کی اولاد سے ہیں؟

ج: یافث بن نوح علیہ السلام کی اولاد سے۔

س: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کتنا عرصہ دنیا میں قیام فرمائیں گے؟

ج: چالیس سال۔

س: دابۃ الارض کیا ہے؟

ج: یہ ایک عجیب شکل کا جانور ہوگا جو قرب قیامت کوہِ صفا سے برآمد ہوکر تمام شہروں میں بہت تیزی سے پھرے گا۔

س: سب سے پہلے کس سلطان نے جشن عید میلاد النبی منایا تھا؟

ج: سلطان ابوسعید مظفر۔

س: دوزخ کے فرشتوں کی تعداد کتنی ہے؟

ج: انیس۔

س: کس نماز میں قرآن مجید کی تلاوت نہیں کی جاتی؟

ج: نماز جنازہ۔

س: بیعتِ رضوان کس درخت کے نیچے کی گئی تھی؟

ج: کیکر کے درخت۔

س: خانہ کعبہ کا طواف کہاں سے شروع ہوتا ہے؟

ج: حجرِ اسود سے۔

س: امام حسین علیہ السلام کی بہن بی بی زینب سلام اللہ علیہ کا مزار کہاں ہے؟

ج: قاہرہ (مصر)

س: غزوۂ خندق میں کھودی گئی خندق کی لمبائی چوڑائی اور گہرائی بتلائیے؟

ج: ساڑھے تین میل لمبی پندرہ فٹ چوڑی اور بیس فٹ گہری۔

س: کربلا کے میدان میں سب سے پہلے شہید کا نام بتائیں؟

ج: حضرت مسلم بن عوسجہؓ۔

س: مسجد نبوی میں سب سے پہلے کس صحابی نے چراغ روشن کیا تھا؟

ج: حضرت تمیم داریؓ۔

س: خانہ کعبہ میں حجر اسود کس رخ پر واقع ہے؟

ج: جنوب مشرقی رُخ پر۔

س: مسجد عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیت المقدس کے احاطہ میں تحریکِ پاکستان کی کون سی شخصیت دفن ہے؟

ج: مولانا محمد علی جوہر۔

س: اسلام کے ابتدائی دور میں کتنی نمازیں فرض تھیں؟

ج: دو۔ فجر اور عصر۔

س: جنگِ خیبر میں کتنے مسلمان شہید ہوئے تھے؟

ج: پندرہ۔

س: جنگ خیبر میں کتنے یہودی مارے گئے تھے؟

ج: ترانوے۔

س: خانہ کعبہ کی اونچائی کتنی ہے؟

ج: ۴۵ فٹ ۹ انچ۔

س: حرم شریف میں پنکھوں کی تعداد کتنی ہے؟

ج: آٹھ ہزار۔

س: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا وصال کب ہوا تھا؟

ج: ۵۷ھ

س: حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے عمر میں کتنے چھوٹے تھے؟

ج: چھ سال۔

س: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اور ابو سفیان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی عمروں میں کتنا فرق تھا؟

ج: ابو سفیان رضی اللہ تعالیٰ عنہ عمر میں دس سال بڑے تھے۔

س: حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی تھی؟

ج: ضحاک بن قیسؓ۔

س: کوفہ میں حضرت مسلم بن عقیل رضی اللہ تعالیٰ عنہ کس کے مکان میں پناہ گزین ہوئے تھے؟

ج: جناب ہانی بن عروہ۔

س: حضرت مسلم بن عقیل رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کب شہید کیا گیا؟

ج: ۳ ذوالحجہ بروز دوشنبہ ۶۰ھ۔

س: کوفہ جاتے ہوئے امام حسین علیہ السلام کو راستے میں کون سا شاعر ملا تھا؟

ج: مقام صفاح میں عرب کا مشہور شاعر فرزدق۔

س: حضرت امام حسین علیہ السلام کے لشکر کی طرف سے سب سے پہلا تیر کس

سے پکارا یا؟

ج: عمرو بن سعد نے۔

س: میدان کربلا میں حضرت امام حسین علیہ السلام کے جسم مبارک پر کتنے زخم لگے تھے؟

ج: ۵۴ زخم تیروں کے۔ ۳۳ زخم نیزوں کے اور ۳۴ زخم تلواروں کے۔

س: شمر لعین کے وار کرنے سے حضرت امام حسین علیہ السلام کا کون سا ہاتھ کٹ کر گر پڑا تھا؟

ج: بایاں ہاتھ۔

س: کس شخص کے نیزہ مارنے سے امام حسین علیہ السلام کی شہادت ہوئی تھی؟

ج: سنان بن انس نخعی۔

س: امام حسین علیہ السلام کی شہادت کے وقت مکہ میں کون حکمران تھے؟

ج: حضرت عبداللہ بن زبیرؓ۔

س: مکہ مکرمہ پر حملہ کے وقت یزیدی فوج کا سپہ سالار کون تھا؟

ج: حصین بن نمیر۔

س: کس تاریخ کو یزیدی فوج نے مکہ مکرمہ پر حملہ کیا؟

ج: ۲۷ محرم ۶۴ھ۔

س: یزیدی فوج کے سپہ سالار نے کس پہاڑ پر منجنیق نصب کر کے خانہ کعبہ پر سنگباری کی تھی؟

ج: کوہ ابوقبیس۔

س: اس حملہ سے خانہ کعبہ کو کیا نقصان پہنچا تھا؟

ج: پتھروں کے لگنے سے خانہ کعبہ کی دیواریں شکستہ ہو گئی تھیں اور چھت

گئی تھی۔

س: یزید نے کتنا عرصہ حکومت کی تھی؟

ج: تین سال آٹھ ماہ۔

س: یزید کی کتنی عمر میں موت ہوئی تھی؟

ج: ۳۸ سال۔

س: ہجرت مدینہ کے بعد مہاجرین میں سب سے پہلے کس صحابی کی پیدائش ہوئی تھی؟

ج: حضرت عبداللہ بن زبیرؓ۔

س: وہ سال بتائیے جب مسلمان ارکانِ حج مکہ معظمہ میں ادا نہ کر سکے تھے؟

ج: ماہ ذی الحج ۷۲ھ۔

س: ۷۲ھ کو مسلمان حج کیوں نہیں کر سکے تھے؟

ج: حجاج بن یوسف نے مکہ معظمہ پر حملہ کر دیا تھا اور مسلسل سنگباری کی وجہ سے لوگ ارکان حج ادا نہ کر سکے تھے۔

س: حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کس نے شہید کیا؟

ج: حجاج بن یوسف نے۔

س: حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کب شہید ہوئے؟

ج: سہ شنبہ جمادی الثانی ۷۳ھ

س: حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی لاش مبارک کے ساتھ حجاج نے کیا سلوک کیا تھا؟

ج: سر مبارک کاٹ کر خانہ کعبہ کی دیوار پر لٹکا دیا تھا اور بقیہ جسم مقام حجون میں دار پر لٹکا دیا تھا۔

س: حجاج بن یوسف نے خانہ کعبہ کے ساتھ کیا برتاؤ کیا تھا؟

ج: خانہ کعبہ کو ڈھا کر از سرِ نو تعمیر کیا۔

س: حجاج نے کس کے کہنے پر یہ تمام کارروائی کی تھی؟

ج: عبدالملک بن مروان۔

س: اس آخری صحابی کا نام بتائیے جنہوں نے ملکوں پر حکومت کی ان کے بعد کسی صحابی نے حکومت نہیں کی؟

ج: حضرت عبداللہ بن زبیرؓ۔

س: اس خلیفہ کا نام بتائیے جن کا دارالخلافہ مکہ معظمہ تھا نہ ان سے پہلے مکہ معظمہ دارالخلافہ بنا اور نہ ان کے بعد آج تک؟

ج: حضرت عبداللہ بن زبیرؓ۔

س: حضرت عبداللہ بن زبیرؓ کی والدہ محترمہ کا نام کیا تھا؟

ج: حضرت اسماء بنت صدیق اکبرؓ۔

س: حضرت عبداللہ بن عمرؓ کو کس نے مروایا تھا؟

ج: حجاج بن یوسف۔

س: کس کے عہد میں سب سے پہلے مسلمانوں نے اپنا سکّہ بنایا اور جاری کیا؟

ج: عبدالملک بن مروان۔

س: سب سے پہلے اسلامی سکے کا وزن بتائیں؟

ج: تقریباً پانچ ماشے۔

س: عبدالملک بن مروان کے عہد میں سکوں پر کیا لکھا ہوتا تھا؟

ج: قل ہو اللہ احد۔

س: محمد بن قاسم کا حجاج سے کیا رشتہ تھا؟

ج: محمد بن قاسم حجاج کا بھتیجا اور داماد تھا۔

س: کس کے عہد میں ازواجِ مطہرات کے حجروں کو بھی مسجد میں شامل کر کے مسجد نبویؐ کی توسیع ہوئی؟

ج: ولید بن عبدالملک۔

س: حجاج بن یوسف نے راجہ داہر کے مقابلے کے لیے کس کو سب سے پہلے بھیجا تھا؟

ج: عبداللہ اسلمی کو جو راجہ داہر سے مقابلہ میں شہید ہو گیا تھا۔

س: حجاج بن یوسف نے دوسری مرتبہ کس کو راجہ داہر سے مقابلہ کے لیے بھیجا تھا؟

ج: بدیل نامی سردار کو یہ بھی شہید ہو گیا تھا۔

س: تیسری دفعہ حجاج بن یوسف نے راجہ داہر سے مقابلے کے لیے کسے بھیجا تھا؟

ج: محمد بن قاسم کو۔

س: راجہ داہر سے مقابلہ کے وقت مسلمانوں کی فوج کی تعداد کتنی تھی؟

ج: چھ ہزار۔

س: حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کس نے شہید کیا تھا؟

ج: حجاج بن یوسف۔

س: حجاج بن یوسف کا انتقال کب ہوا تھا؟

ج: ۹۵ھ میں۔

س: طارق بن زیاد کون تھا؟

ج: موسیٰ بن نصیر کا آزاد کردہ غلام تھا اور اسلامی فوج کا سپہ سالار تھا۔

س: طارق بن زیاد نے اندلس پر کب حملہ کیا تھا؟

ج: ۲۰ رمضان المبارک ۹۲ھ کو

س: اس زمانے میں اسپین کا بادشاہ کون تھا؟

ج: لاڈرک۔

س: محمد بن قاسم کو کس نے قید خانہ میں ڈال کر مروا دیا تھا؟

ج: خلیفہ سلیمان بن عبدالملک نے۔

س: سلیمان بن عبدالملک نے محمد بن قاسم کو گرفتار کرنے کے لیے کسے بھیجا تھا؟

ج: یزید بن ابی کبشہ۔

س: محمد بن قاسم کس شہر کے قید خانہ میں مارا گیا تھا؟

ج: دمشق کے قید خانہ واسط میں۔

س: جس قید خانہ میں محمد بن قاسم کو قید کیا گیا تھا اس کا نگران کون تھا؟

ج: صالح بن عبدالرحمن

س: مشہور جرنیل موسیٰ بن نصیر کے ساتھ خلیفہ سلیمان بن عبدالملک نے سلوک کیا تھا؟

ج: قید میں ڈال کر بھاری تاوان اس کے ذمے لگا دیا تھا جو موسیٰ بن نـ استطاعت سے باہر تھا۔ تاوان کی ادائیگی کے لیے موسیٰ بن نصیر نے مانگا کر رقم پوری کی تھی۔

س: "خلیفہ صالح" کس خلیفہ کا خطاب ہے؟

ج: حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے خلیفہ ہونے کی پیش گوئی پیدائش [سے]

قبل ہی کس نے کی تھی؟

ج: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے۔

س: اس خلیفہ کا نام بتائیے جس نے اپنی ذاتی حفاظت کے لیے کوئی محافظ مقرر نہیں کیا تھا؟

ج: حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے بعد کیا ترکہ چھوڑا تھا؟

ج: ۲۱ دینار۔

س: کس خلیفہ کے انتقال پر مسلمانوں سے زیادہ یہودی اور عیسائی روئے تھے؟

ج: حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ۔

س: اس سب سے پہلے خلیفہ کا نام بتائیں جس نے اعلانیہ شراب استعمال کی؟

ج: یزید بن عبدالملک۔

س: حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو زہر کس نے دیا تھا؟

ج: بنو امیہ نے۔

س: بنو امیہ کے آخری خلیفہ کا نام بتائیے؟

ج: مروان بن محمد۔

س: خلافت بنو امیہ کا خاتمہ کب ہوا تھا؟

ج: ۲۸ ذوالحجہ ۱۳۲ھ بمطابق ۵ اگست ۷۵۰ء

س: خلیفہ ہارون الرشید کی کنیت کیا تھی؟

ج: ابوجعفر۔

س: خلیفہ مامون الرشید کس خلیفہ کا بیٹا تھا؟

ج: خلیفہ ہارون الرشید۔

س: خلیفہ مامون الرشید کا اصل نام کیا تھا؟

ج: عبداللہ۔

س: خلیفہ امین الرشید کے والد کا نام کیا تھا؟

ج: خلیفہ ہارون الرشید۔

س: خلیفہ امین الرشید کا اصل نام کیا تھا؟

ج: محمد۔

س: کس خلیفہ نے سب سے زیادہ حج کیے تھے؟

ج: خلیفہ ہارون الرشید۔

س: خلیفہ ہارون الرشید نے اپنے کس وزیر کو قتل کرا دیا تھا؟

ج: جعفر بن یحییٰ برمکی۔

س: خاندانِ عباسیہ کے پانچویں خلیفہ کا نام بتلایئے؟

ج: خلیفہ ہارون الرشید۔

س: ہارون الرشید کی قبر کہاں ہے؟

ج: طوس (ایران)

س: خلیفہ ہارون الرشید کا انتقال کتنی عمر میں ہوا تھا؟

ج: ۴۵ سال۔

س: خلیفہ ہارون الرشید کے درباری حکیم کا نام بتائیں؟

ج: حکیم جبرئیل۔

س: خلیفہ امین الرشید کا انتقال کس طرح ہوا تھا؟

ج: قتل ہو گیا تھا۔

س: خلیفہ امین الرشید کا قتل کتنی عمر میں ہوا تھا؟

ج: ۲۸ سال۔

س: خلیفہ مامون الرشید کی کنیت کیا تھی؟

ج: ابو العباس۔

س: امام علی رضا علیہ السلام کو کس خلیفہ نے اپنا ولیٔ عہد مقرر کیا تھا؟

ج: خلیفہ مامون الرشید۔

س: امام علی رضا علیہ السلام کی شادی کس خلیفہ کی بیٹی سے ہوئی تھی؟

ج: مامون الرشید۔

س: مامون الرشید کو خلافت سے کس نے معزول کیا تھا؟

ج: ابراہیم بن مہدی۔

س: امام علی رضا علیہ السلام کا انتقال کیسے ہوا تھا؟

ج: انگور کھانے سے۔

س: مامون الرشید کا انتقال کتنی عمر میں ہوا تھا؟

ج: ۴۸ سال۔

س: مامون الرشید کا انتقال کس مرض سے ہوا تھا؟

ج: بخار۔

س: خلیفہ معتصم باللہ کے والد کا نام بتائیں؟

ج: خلیفہ ہارون الرشید۔

س: اس خلیفہ کا نام بتائیں جو ان پڑھ تھا؟

ج: خلیفہ معتصم باللہ

س: خلیفہ واثق باللہ کا اصل نام کیا تھا؟

ج: ہارون۔

س: کس خلیفہ کی آنکھیں اس کے مرنے کے بعد ایک سوسمار نکال کر کھا گیا تھا؟

ج: خلیفہ واثق باللہ۔

س: کون سا عباسی خلیفہ توتلا تھا؟

ج: خلیفہ احمد مستعین باللہ

س: کس عباسی خلیفہ نے شافعی مذہب اختیار کیا تھا؟

ج: خلیفہ متوکل علی اللہ۔

س: کب کس شخص نے خانہ کعبہ کے اندر حاجیوں کو قتل کیا، حجرِ اسود کو گرز مار توڑ ڈالا اور خانہ کعبہ کا دروازہ توڑ ڈالا تھا؟

ج: ۳۱۸ھ میں ابو طاہر قرمطی نے۔

س: ابو طاہر قرمطی حجرِ اسود کو اکھاڑ کر کہاں لے گیا تھا؟

ج: بحرین۔

س: حجرِ اسود کتنا عرصہ قرامطہ کے قبضہ میں رہا تھا؟

ج: بیس سال تک۔

س: مکہ سے بحرین تک حجرِ اسود کو لے جاتے ہوئے کتنے اونٹ ہلاک ہو تھے؟

ج: چالیس اونٹ۔

س: واپسی پر مکہ معظمہ لاتے ہوئے کتنے اونٹوں سے کام لیا گیا تھا؟

ج: صرف ایک اونٹ اٹھا کر حجرِ اسود کو لے کر آگیا تھا۔

س: حجرِ اسود دوبارہ خانہ کعبہ میں کب نصب ہوا تھا؟

ج: ۳۳۹ھ میں۔

س: کس خلیفہ کو قالین میں لپیٹ کر ٹھوکریں مار مار کر ہلاک کیا گیا تھا؟

ج: خلیفہ مستعصم باللہ۔

س: خاندانِ عباسیہ کا آخری خلیفہ کون تھا؟

ج: خلیفہ مستعصم باللہ۔

س: کس خلیفہ کے عہد میں ہلاکو خان نے بغداد کی اینٹ سے اینٹ بجائی تھی؟

ج: خلیفہ مستعصم باللہ۔

س: خاندانِ عباسیہ میں کل کتنے خلیفہ ہوئے؟

ج: پچپن۔

س: ہسپانیہ مسلمانوں نے کب فتح کیا تھا؟

ج: ۹۲ھ۔

س: صوبہ سندھ سب سے پہلے کب خلافتِ اسلامیہ کی حدود میں شامل کیا گیا؟

ج: پہلی صدی ہجری میں۔

س: ہندوستان کا باقاعدہ سب سے پہلا مسلمان بادشاہ کون تھا؟

ج: قطب الدین ایبک۔

س: مشہور مسلمان جرنیل طارق بن زیاد کس قوم سے تعلق رکھتا تھا؟

ج: بربری قوم۔

س: طارق بن زیاد نے کتنی فوج کے ساتھ اندلس پر حملہ کیا تھا؟

ج: سات ہزار۔

س: موسیٰ بن نصیر نے طارق بن زیاد کو کتنی فوج بطور کمک اندلس بھیجی تھی؟

ج: پانچ ہزار۔

س: طارق بن زیاد کا لشکر کتنی کشتیوں میں سوار سمندر پار گیا تھا؟

ج: چار۔

س: جبل الطارق یا جبرالٹر کا پہلا نام کیا تھا؟

ج: لائنز رک یا قلعۃ الاسد۔

س: طارق بن زیاد کے مدمقابل عیسائی جرنیل کا نام بتائیں؟

ج: جنرل تدمیر۔

س: اندلس پر حملہ کرتے وقت طارق بن زیاد کے پاس سوار فوج کی تد
کتنی تھی؟

ج: تمام اسلامی فوج پیدل تھی اور سوار کوئی نہیں تھا۔

س: اندلس میں اسلامی حکومت کی ابتداء کب ہوئی تھی؟

ج: ۵ شوال ۹۲ھ

س: مشہور جرنیل موسیٰ بن نصیر کا انتقال کب اور کتنی عمر میں ہوا تھا؟

ج: ۹۷ھ میں ۷۸ برس کی عمر میں۔

س: خلیفہ سلیمان بن عبدالملک نے موسیٰ بن نصیر کو کس جرم میں قید کیا تھا

ج: مغربی ممالک کے خراج کی بقایا رقم موسیٰ بن نصیر کے ذمہ واجب الادا

س: اندلس کا پہلا مسلمان حکمران کون تھا؟

ج: عبدالعزیز بن موسیٰ بن نصیر۔

س: اندلس کے مسلمان حکمران عبدالعزیز بن موسیٰ بن نصیر نے کس عیسائی عورت
سے شادی کی تھی؟

ج: اندلس کے سابقہ شہنشاہ رزریق کی بیوہ ایجیلونا سے۔

س: مسلمانوں نے اندلس میں سب سے پہلا دارالحکومت کہاں بنایا؟

ج: اشبیلیہ۔

س: اندلس کے حکمران عبدالعزیز بن موسیٰ کو کب قتل کیا گیا؟

ج: ۹۸ھ میں۔

س: عبدالعزیز بن موسیٰ بن نصیر کی لاش کے ساتھ کیا سلوک ہوا تھا؟

ج: جسم اشبیلیہ میں دفن کر کے سر کاٹ کر خلیفہ کے پاس دمشق بھیج دیا
گیا تھا۔

س: اندلس کا دوسرا مسلمان حکمران کون تھا؟

ج: ایوب بن حبیب۔

س: مسلمانوں نے اشبیلیہ کے بعد کس شہر کو اپنا دارالسلطنت بنایا تھا؟

ج: قرطبہ۔

س: سب سے پہلے کس خلیفہ کے دور میں اندلس کی مردم شماری ہوئی؟

ج: حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ۔

س: اندلس کی مردم شماری کے وقت اندلس کا حکمران کون تھا؟

ج: سمح بن مالک خولانی۔

س: جامعہ مسجد قرطبہ کی بنیاد کس نے رکھی تھی؟

ج: امیر عبدالرحمٰن نے۔

س: جامعہ مسجد قرطبہ کی تعمیر میں اندلس کے کس حکمران نے مزدوروں کی طرح
کام کیا تھا؟

ج: امیر عبدالرحمٰن۔

س: جامعہ مسجد قرطبہ کی تکمیل کس حکمران کے دور میں ہوئی تھی؟

ج: ہشام بن عبدالرحمٰن۔

س: جامع مسجد قرطبہ کی تعمیر پر کل کتنی رقم صرف ہوئی تھی؟

ج: دولاکھ چالیس ہزار دینار۔

س: سب سے پہلے کس حکمران نے اندلس کے مدارس میں عربی زبان کو قرار دیا؟

ج: ہشام بن عبدالرحمٰن۔

س: اندلس کے حکمران ہشام بن عبدالرحمٰن نے کونسا مذہب اختیار کیا تھا؟

ج: مالکی۔

س: جامعہ مسجد قرطبہ کی دیکھ بھال کے لیے اندلس کے حکمرانوں نے ک رکھے تھے؟

ج: تین سو۔

س: کس مسلمان خلیفہ نے اندلس کی تاریخ خود لکھی تھی؟

ج: خلیفہ حکم ثانی۔

س: اندلس میں اموی حکومت کی ابتداء کب ہوئی تھی؟

ج: ۱۳۸ھ میں۔

س: اندلس کے پہلے اموی حکمران کا نام بتائیں؟

ج: عبدالرحمٰن اوّل۔

س: اندلس میں آخری اموی حکمران کون تھا؟

ج: ہشام بن محمد۔

س: اندلس میں اموی حکومت کا خاتمہ کب ہوا تھا؟

ج: ۴۲۸ھ میں۔

س: یوسف بن تاشقین کس ملک کا بادشاہ تھا؟

ج: مراکش۔

س: یوسف بن تاشقین امیرالمسلمین نے اندلس پر کب قبضہ کیا تھا؟

ج: ۴۸۵ھ۔

س: امیرالمسلمین یوسف بن تاشقین کا انتقال کب ہوا تھا؟

ج: محرم ۵۰۰ھ

س: قرطبہ کے بعد مسلمانوں نے اندلس کے کس شہر کو اپنا دارالحکومت بنایا؟

ج: غرناطہ۔

س: اندلس میں اسلامی حکومت کا خاتمہ کب ہوا تھا؟

ج: ۸۹۷ھ۔

س۔ بلجیم کے شاہ فرینکو چیس کا انتقال کب ہوا تھا؟

ج۔ اگست ۱۹۹۳ء میں

س۔ یہ بتائیے کہ دوسری مرتبہ پاکستان کی وزیراعظم منتخب ہونے پر بے نظیر بھٹو نے کب اپنے عہدے کا حلف اٹھایا؟

ج۔ ۱۹ اکتوبر ۱۹۹۳ء۔

س۔ مسٹر معین قریشی نے نگران وزیراعظم پاکستان کا عہدہ کب چھوڑا تھا؟

ج۔ ۱۹ اکتوبر ۱۹۹۳ء۔

س۔ آزاد کشمیر کا کل رقبہ کتنا ہے؟

ج۔ تیرہ ہزار دو سو ستانوے مربع کلومیٹر۔

س۔ دنیا میں سب سے زیادہ کون سا کھیل کھیلا جاتا ہے؟

ج۔ فٹ بال۔

س۔ دنیا میں سب سے زیادہ تعلیم یافتہ ملک کون سا ہے؟

ج۔ سویڈن۔

س۔ دنیا کی سب سے بڑی گھنٹی کس ملک میں ہے؟

ج۔ روس (ماسکو)۔

س۔ نو نومبر ۱۹۹۳ء کو پاکستان کی تاریخ میں آتشزدگی کا بہت بڑا واقعہ پیش آیا تھا بتائیے کیا واقعہ تھا؟

ج۔ اسلام آباد میں قومی اسمبلی کی مکمل عمارت جل کر تباہ ہو گئی۔

س۔ یہ بتائیے کہ پاکستان کے آٹھویں صدر کا انتخاب کب ہوا تھا؟

ج۔ ۱۳ نومبر ۱۹۹۳ء۔

س ۱۹۷۳ء کے آئین کے تحت پاکستان کے تیسرے منتخب صدر

کا نام بتائیں؟

ج۔ سردار فاروق احمد لغاری۔

س۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ ۱۹۹۳ء کے صدارتی انتخاب میں کن دو سیاسی جماعتوں کے منتخب ارکان نے انتخاب میں حصّہ نہیں لیا تھا؟

ج۔ اسلامک فرنٹ اور فنکشنل لیگ۔

س۔ ۱۹۹۳ء کے صدارتی انتخاب میں سردار فاروق احمد لغاری کے مدمقابل کون امیدوار تھے؟

ج۔ وسیم سجاد۔

س۔ ۱۹۹۳ء کے صدارتی انتخاب میں سردار فاروق احمد لغاری کو کل کتنے ووٹ ملے تھے؟

ج۔ ۲۷۴۔

س۔ ۱۹۹۳ء کے صدارتی انتخاب میں وسیم سجاد کو کل کتنے ووٹ ملے تھے؟

ج۔ ۱۶۸۔

س۔ جلدی سے بتایئے کہ ۱۹۹۳ء کے صدارتی انتخاب میں سردار فاروق احمد لغاری کتنے ووٹوں کی برتری سے جیتے تھے؟

ج۔ ۱۰۶۔

س۔ پاکستان کے صدر سردار فاروق احمد لغاری کب اور کہاں پیدا ہوئے تھے؟

ج۔ ۲ مئی ۱۹۴۰ء کو ڈیرہ غازی خان میں۔

س۔ ۱۹۹۳ء کے صدارتی انتخاب میں کامیابی کے بعد سردار فاروق احمد لغاری نے صدر پاکستان کے عہدے کا حلف کب اٹھایا تھا؟

۱۴ نومبر ۱۹۹۳ء

کیا آپ جانتے ہیں کہ ۱۹۹۳ء کے صدارتی انتخاب میں سردار فاروق احمد لغاری اور وسیم سجاد کو ملنے والے ووٹوں میں سے کتنے مسترد قرار دیئے گئے تھے؟

۔ دو۔ دو (چار)

۔ کیا آپ پاکستان کے آٹھویں صدر کا نام جانتے ہیں؟

سردار فاروق احمد لغاری۔

۔ ۱۹۷۳ء کے آئین کے تحت پاکستان کے دوسرے صدر کا نام بتائیں؟

۔ غلام اسحاق خان۔

۔ یہ بتایئے ۱۹۹۳ء کے صدارتی انتخاب میں اسلام آباد کی پارلیمنٹ میں سردار فاروق احمد لغاری کو کتنے ووٹ ملے تھے؟

۔ ۱۷۰۔

۔ یہ بتایئے کہ ۱۹۹۳ء کے صدارتی انتخاب میں اسلام آباد کی پارلیمنٹ میں وسیم سجاد کو ووٹ ملے تھے؟

۔ ۱۰۸۔

۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ ۱۹۹۳ء کے صدارتی انتخاب میں سردار فاروق احمد لغاری کو پنجاب اسمبلی سے کتنے ووٹ ملے تھے؟

۔ ۲۴۔

۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ ۱۹۹۳ء کے صدارتی انتخاب میں وسیم سجاد کو پنجاب اسمبلی سے کتنے ووٹ ملے تھے؟

ج ۔ ۱۷ ۔

س ۔ یہ بتایئے کہ ۱۹۹۳ء کے صدارتی انتخاب میں سردار فاروق احمد لغاری کو سندھ اسمبلی سے کتنے ووٹ ملے تھے ؟

ج ۔ ۳۹ ۔

س ۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ ۱۹۹۳ء کے صدارتی انتخاب میں وسیم سجاد کو سندھ اسمبلی سے کتنے ووٹ ملے تھے ؟

ج ۔ صرف ایک ۔

س ۔ یہ بتایئے کہ ۱۹۹۳ء کے صدارتی انتخاب میں سردار فاروق احمد لغاری کو سرحد اسمبلی سے کتنے ووٹ ملے تھے ؟

ج ۔ ۲۰ ۔

س کیا آپ جانتے ہیں کہ ۱۹۹۳ء کے صدارتی انتخاب میں وسیم سجاد کو سرحد اسمبلی سے کتنے ووٹ ملے تھے ؟

ج ۔ ۲۱ ۔

س ۔ یہ بتایئے کہ ۱۹۹۳ء کے صدارتی انتخاب میں سردار فاروق احمد لغاری کو بلوچستان اسمبلی سے کتنے ووٹ ملے تھے ؟

ج ۔ ۲۱ ۔

س ۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ ۱۹۹۳ء کے صدارتی انتخاب میں وسیم سجاد کو بلوچستان اسمبلی سے کتنے ووٹ ملے تھے ؟

ج ۔ ۲۱ ۔

س ۔ پاکستان کے آٹھویں صدر سردار فاروق احمد لغاری کا تعلق کس سیاسی جماعت سے ہے ؟

ج :۔ پاکستان پیپلز پارٹی۔

س :۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ 1993ء کے صدارتی انتخاب میں حصہ لینے والے امیدوار وسیم سجاد کا تعلق کس سیاسی جماعت سے تھا؟

ج :۔ پاکستان مسلم لیگ (نواز شریف)

س :۔ اسلامی مالیاتی نظام اپنے ملک میں رائج کرنے والا دنیا کا پہلا ملک کون سا ہے؟

ج :۔ ملائیشیا

س :۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ ملائیشیا نے کب اپنے ملک میں مکمل طور پر اسلامی مالیاتی نظام رائج کیا تھا؟

ج :۔ جنوری 1994ء میں

س :۔ تین جنوری 1994ء کو جنوبی سائبیریا میں ایک روسی مسافر طیارہ گر کر تباہ ہو گیا تھا یہ بتایئے کہ یہ طیارہ کس مقام پر گرا تھا؟

ج :۔ ارکوسک کے مقام پر

س :۔ تین جنوری 1994ء کو روس کا ایک مسافر بردار طیارہ جنوبی سائبیریا میں ارکوسک کے مقام پر گر کر تباہ ہو گیا تھا یہ بتایئے کہ اس حادثہ میں کتنا جانی نقصان ہوا تھا؟

ج :۔ 111 مسافروں اور عملے کے 9 افراد سمیت کل 120 افراد

س :۔ مشہور جرمن سکالر ڈاکٹر این میری شمل نے کب یہ وصیت

کی تھی کہ میرا جہاں بھی انتقال ہو مجھے پاکستان میں ٹھٹھہ کے مشہور قبرستان مکلی میں دفن کیا جائے؟

ج :- چار جنوری 1994ء

س :- دنیا کا تیسرا ایٹمی ہتھیار رکھنے والا ملک کونسا ہے؟

ج :- یوکرائن

س :- اسرائیل اور پی ایل او میں معاہدہ کرانے والے ناروے کے وزیر خارجہ جان جارجین ہولٹ کب اور کیسے انتقال کر گئے تھے؟

ج :- 13 جنوری 1944 کو نیند کے عالم میں

س :- ٹیلی ویژن کے معروف امریکی اداکار ٹیلی سوالس (کوجیک) کا انتقال کب اور کس مرض سے ہوا تھا؟

ج :- 23 جنوری 1994ء کو 70 سال کی عمر میں مثانہ کے کینسر سے

س :- بنگلہ دیش کی اس معروف ادیبہ کا نام بتائیں جس نے اپنی کتاب میں قرآن پاک کی آیات پر تنقید کی تھی؟

ج :- تسلیمہ نسرین

س :- کیا آپ رسوائے زمانہ بنگلہ دیش کی ادیبہ تسلیمہ نسرین کی اس کتاب کا نام جانتے ہیں جس کی اشاعت کے بعد بنگلہ دیش میں مسلمانوں نے زبردست مظاہرے کیے؟

ج :- لجا (شرم - حیا)

س :- رسوائے زمانہ ادیبہ تسلیمہ نسرین کی کتاب "لجا" کب منظر عام پر آئی تھی؟

ج :- 1993ء میں

س :- جاپان نے اپنا پہلا کمرشل راکٹ ایچ ٹو کب اور کس مقام سے خلا میں چھوڑا تھا؟

ج :- 4 فروری 1994ء کو اپنے مغربی جزیرے تاینگا شیما سے

س :- دنیا کے بلند ترین میناروں والی مسجد کہاں پر واقع ہے؟

ج :- کاسابلانکا میں ساحل سمندر پر

س :- دنیا میں بلند ترین میناروں والی مسجد کا افتتاح کب اور کس نے کیا تھا؟

ج :- اگست 1993ء میں مراکش کے شاہ حسن ثانی نے

س :- دنیا میں بلند ترین میناروں والی مسجد کاسابلانکا میں واقع ہے یہ بتائیے کہ اس کے میناروں کی بلندی کتنی ہے؟

ج :- سات سو فٹ

س :- کاسابلانکا میں واقع دنیا کی بلند ترین میناروں والی مسجد میں کتنے نمازیوں کی گنجائش ہے؟

ج :- مسجد کے ہال میں 25 ہزار اور صحن میں 80 ہزار نمازیوں کی گنجائش ہے

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ کاسابلانکا میں واقع دنیا کی بلند ترین میناروں والی مسجد کو نمازیوں کے لئے کب کھولا گیا تھا؟

ج :- 4 فروری 1994ء کو

س :- یہ بتایئے کہ پیرو کے سابق صدر اور دنیا کے مشہور مصنف لوئس البرٹو سانچز کا انتقال کب ہوا تھا؟

ج :- 8 فروری 1994ء میں

س :- کامن ویلتھ گیمز میں گلی ڈنڈا اور کبڈی کا کھیل کس سال شامل کیے گئے؟

ج :- سال 1994ء میں

س :- بھارتی سائنسدانوں نے لداخ کی تجربہ گاہ میں بھارت کی سب سے بڑی دور بین نصب کی یہ بتایئے کہ یہ دور بین کب نصب کی گئی تھی؟

ج :- 26 فروری 1994ء کو

س :- لداخ کی تجربہ گاہ میں نصب بھارت کی سب سے بڑی دور بین کتنی لاگت سے تعمیر کی گئی تھی؟

ج :- پچاس کروڑ روپے کی لاگت سے

س :- یہ بتایئے کہ متحدہ عرب امارات میں چودہواں ہفتہ شجر کاری کب منایا گیا تھا؟

ج :- 21 مارچ سے 27 مارچ 1994ء

س :- 17 ویں سرمائی اولمپکس کب اور کہاں منعقد ہوئے تھے؟

ج :- 1994 ناروے کے شہر للی ھیمر میں

س :- 1998ء کے سرمائی اولمپکس کے میزبان ملک کا نام بتائیں

اور یہ بھی بتائیں کہ یہ کس شہر میں منعقد ہوں گے؟

ج :- جاپان کا شہر ناگانو

س :- پاکستان اور افریقہ کے کلچر پر بننے والی پہلی فلم کا نام بتائیں؟

ج :- افریقین اوڈیسی

س :- برطانیہ میں پہلی مرتبہ کب اور کتنی خواتین کو پادری کے عہدوں پر فائز کیا گیا؟

ج :- 13 مارچ 1994ء کو 32 خواتین

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ چین کے جنوبی صوبے گوانگ ڈی میں پہلی مرتبہ کب علاقائی فضائی کمپنی قائم کی گئی تھی؟

ج :- 28 مارچ 1994ء

س :- سکھوں کے جذبات مجروح کرنے والی کتاب "ہسٹری آف وارئرز" کے مصنف کا نام بتائیں؟

ج :- صادق حسین

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ "ہسٹری آف وارئرز" کتاب کی ضبطی کا حکم حکومت پاکستان نے کب جاری کیا تھا؟

ج :- 17 مارچ 1994ء

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ 1994ء کا شاہ فیصل فاؤنڈیشن انعام کن شخصیات کو دیا گیا تھا؟

ج :- علم زبان و ادب میں اعلیٰ کارکردگی پر ڈاکٹر عفیف' مہلہسن

کے شعبہ میں اعلیٰ کارکردگی پر ڈاکٹر فرینچ اینڈرسن اور سائنس کے شعبہ میں ڈاکٹر پارنل کو یہ تینوں شخصیات امریکی پروفیسر اور محقق ہیں

س :- بھارت میں پہلی شرعی عدالت کا قیام کب عمل میں آیا تھا؟

ج :- 29 مارچ 1994ء کو

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ بمبئی کی تاریخ میں پہلی مرتبہ کب اور کس خاتون نے میئر کا انتخاب جیتا تھا؟

ج :- 1955ء میں ایک خاتون سلوچنا نے۔

س :- سات اپریل 1994 کو وسطی افریقہ کے دو ممالک کے صدور کا طیارہ راکٹ سے تباہ کر دیا گیا تھا جس سے دونوں ممالک کے صدور ہلاک ہو گئے تھے دونوں ممالک اور جاں بحق ہونے والے صدور کے نام بتائیں؟

ج :- روانڈا کے صدر جیوونالی ہیریا رمنا اور برونڈی کے صدر نتاریا میرا یہ دونوں تنزانیہ کے دارلحکومت دارالسلام میں منعقدہ افریقی سربراہی کانفرنس میں شرکت کے بعد واپس وطن جا رہے تھے کہ ان کا طیارہ روانڈا کے دارالحکومت کیگالی میں تباہ کر دیا گیا

س :- یہ بتائیے کہ بمبئی کی تاریخ میں دوسری مرتبہ کب اور کس خاتون نے میئر کا انتخاب جیتا تھا؟

ج :- 2 اپریل 1994ء کو ایک وکیل نرملا سامنت نے۔

س :- 8 اپریل 1994ء کو جاپان کے ایک وزیر اعظم نے اپنے عہدے سے استعفیٰ دے دیا تھا اس جاپانی وزیر اعظم کا نام بتائیں؟

ج :- موری ہیرو ہو سوکاوا

س :- مارچ 1994ء میں سلطانیہ اسٹیٹ لائبریری بھوپال میں رکھا ہوا ایک عظیم مغل شہنشاہ کا وصیت نامہ غائب ہو گیا تھا مغل شہنشاہ کا نام بتائیں؟

ج :- ظہیر الدین بابر

س :- یمن کے سب سے پہلے صدر عبد اللہ سلول کا انتقال کب ہوا تھا؟

ج :- 6 مارچ 1994ء

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ نیٹو کی تاریخ میں زمین پر پہلا فضائی حملہ کب اور کس پر کیا گیا تھا؟

ج :- 11 اپریل 1994ء کو بوسنیا ہرزگووینا میں سرب فوج کے ٹھکانوں پر

س :- پاکستان نے تیسرا آسٹریلیشیا کپ کب اور کس کو ہرا کر جیتا تھا؟

ج :- 22 اپریل 1994 کو بھارت کو ہرا کر

س :- سابق امریکی صدر رچرڈ نکسن کا انتقال کب ہوا تھا؟

ج :- 23 اپریل 1994ء کو

س :- 26 اپریل 1994ء کو تائیوان کی سرکاری ائر لائن کا ایک مسافر طیارہ گر کر تباہ ہو گیا تھا جس سے طیارے میں سوار تمام افراد ہلاک ہو گئے تھے یہ بتایئے کہ اس جہاز میں کل کتنے افراد سوار تھے اور یہ کس ملک میں گر کر تباہ ہوا تھا؟

ج :- اس طیارہ میں 257 مسافر جن میں سے 158 جاپانی اور 99 غیر ملکی تھے جب کہ عملے کے پندرہ ارکان تھے - یہ طیارہ وسطی جاپان کے شہر نگویا کے ائرپورٹ پر اترتے وقت گر کر تباہ ہوا تھا

س :- اس پہلے ایشیائی ملک کا نام بتائیں جس نے چھ یورپین ملکوں کے بعد سب سے پہلے دنیا کی تیز رفتار ترین ریل گاڑی کا نظام خریدا؟

ج :- کوریا

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ جنوبی افریقہ میں سفید فاموں کی تین سو سالہ بالادستی کے بعد پہلی مرتبہ کب غیر نسلی بنیاد پر ووٹ ڈالے گئے تھے؟

ج :- 6 اپریل 1994ء کو

س :- کیا آپ جنوبی افریقہ کے پہلے سیاہ فام منتخب صدر کا نام جانتے ہیں؟

ج :- نیلسن منڈیلا

س :- یہ بتائیں کہ نیلسن منڈیلا نے جنوبی افریقہ کے صدر کی حیثیت سے اپنے عہدے کا حلف کب اٹھایا تھا؟

ج :- 10 مئی 1994ء کو

س :- جنوبی افریقہ کے پہلے سیاہ فام صدر نیلسن منڈیلا کی حلف برداری کی تقریب کس مقام پر ہوئی تھی؟

ج :- جنوبی افریقہ کے شہر پریٹوریا کی یونین بلڈنگ میں

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ جنوبی افریقہ کی موجودہ قومی اسمبلی کتنے ارکان پر مشتمل ہے؟

ج :- 400 ارکان

س :- امریکہ کی سابق خاتون اول جیکولین کینیڈی کا انتقال کب ہوا تھا؟

ج :- 20 مئی 1994ء کو 64 سال کی عمر میں

س :- دیوار برلن کے خالق ایرک ہونیکر کا انتقال کب ہوا تھا؟

ج :- 29 مئی 1994ء کو کو 81 سال کی عمر میں

س :- جنوبی افریقہ نے دولت مشترکہ سے کب خود ہی علیحدگی اختیار کر لی تھی؟

ج :- 1961ء کو

س :- کیا آپ جانتے ہی کہ جنوبی افریقہ کو باضابطہ طور پر دوبارہ کب دولت مشترکہ میں شامل کر لیا گیا تھا؟

ج :- 31 مئی 1994ء کو

س :- فروری 1994ء میں "انٹرنیشنل پسنجر ایسوسی ایشن" نے چین کی ایک ائر لائنز کو دنیا کی خطرناک ترین ائر لائن قرار دی تھا ائر لائن کا نام بتائیں؟

ج :- نارتھ ویسٹ ائر لائینز

س :- چھ جون 1994ء کو چین کی ایک ائر لائن کا طیارہ جس میں عملے کے تیرہ ارکان سمیت 146 مسافر سوار تھے اندرون ملک ژیان سے گوانگ ژاؤ جاتے ہوئے گر کر تباہ ہو گیا تھا جس سے تمام سوار ہلاک ہو گئے تھے ائر لائن کا نام بتائیں؟

ج :- نارتھ ویسٹ ائر لائنز

س :- دنیا کی کم عمر ترین پائلٹ کا نام بتائیں جس نے بارہ سال کی عمر میں اٹلانٹک عبور کرنے کا اعزاز حاصل کیا؟

ج :- وکی وین میٹروہ

س :- دنیا کی کم عمر ترین پائلٹ وکی وین نے بارہ سال کی عمر میں کب اٹلانٹک عبور کرنے کا اعزاز حاصل کیا تھا؟

ج :- جون 1994ء کو

س :- پندرھویں عالمی کپ فٹ بال ٹورنامنٹ کا افتتاح کب اور کس جگہ ہوا تھا؟

ج :- 17 جون 1994ء کو شکاگو میں

س :- ٹیسٹ کرکٹ کی تاریخ میں لٹل ماسٹر حنیف محمد کا 499 رنز کا عالمی ریکارڈ کب اور کس نے توڑا تھا؟

جون 1994ء میں ویسٹ انڈیز کے کھلاڑی برائن لارا نے برمنگھم میں کاونٹی چیمپئن شپ میچ کے دوران 501 رنز بنا کر

جاپان نے کب پہلی مرتبہ ایٹم بم بنانے کی اہلیت کا اعتراف کیا تھا؟

18 جون 1994ء کو

20 جون 1994ء کو ایران کے ایک مشہور شہر میں ایک مشہور مزار پر بم دھماکہ سے سو سے زائد افراد جاں بحق ہو گئے تھے شہر کا نام اور صاحب مزار کا نام بتائیں؟

مشہد مقدس میں امام رضا کا مزار

ممتاز روسی مصنف یوری ایم ناگی بن کا انتقال کب ہوا تھا؟

23 جون 1994ء کو 74 سال کی عمر میں

پاکستان کے کس ممتاز سرجن نے گردوں کی تبدیلی کے آپریشنوں کا عالمی ریکارڈ کب اور کتنے اپریشن کر کے کیا تھا؟

کرنل ڈاکٹر مختار حمید شاہ نے 1993ء میں گردوں کے 118 اپریشن کئے جو کہ ایک عالمی ریکارڈ ہے جب کہ آج تک کسی ایک ڈاکٹر نے ایک سال میں زیادہ سے زیادہ 25 اپریشن کئے ہیں

جنوبی افریقہ کو تیس سال کے بعد کب دوبارہ جنرل اسمبلی میں شامل کیا گیا تھا؟

24 جون 1994ء کو

ورلڈ کپ فٹ بال کی تاریخ کا 1500 واں گول کب اور

کس کھلاڑی نے کیا تھا؟

ج :- جون 1994ء کو ارجنٹائن اور نائجیریا کے مابین ہونے والے میچ میں ارجنٹائن کے کھلاڑی کلاڈیو کینگیا نے

س :- 24 جون 1994ء کو سری لنکا کے ایک صدر نے پارلیمنٹ توڑ دی تھی صدر کا نام بتائیں؟

ج :- وجے تنگا

س :- 25 جون 1994ء کو جاپان کے ایک وزیراعظم نے صرف 2 ماہ ہی وزارت عظمیٰ پر فائز رہنے کے بعد استعفیٰ دے دیا تھا وزیر اعظم کا نام بتائیں؟

ج :- سوتو موناتا

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ میرا ڈونا نے ورلڈ کپ فٹ بال کے 21 میچ کھیلنے کا ریکارڈ کب برابر کیا تھا؟

ج :- 26 جون 1994ء کو نائجیریا کے خلاف کھیل کر

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ میرا ڈونا نے ورلڈ کپ فٹ بال کے 21 میچ کھیلنے کا عالمی ریکارڈ کن کھلاڑیوں کا قائم کردہ ریکارڈ برابر کیا تھا؟

ج :- مغربی جرمنی کے یوری سیلر کا ریکارڈ 1958 سے 1970 تک کی شرکت اور پولینڈ کے ولد سلازموڈا کے ریکارڈ 1974ء سے 1986ء تک کی شرکت ۔

س :- جاپان کی سوشلسٹ پارٹی سے تعلق رکھنے والے مسٹر تومی

ایچی موراياما کب جاپان کے وزیر اعظم منتخب ہوئے تھے؟

ج :- 29 جون 1994ء کو

س :- 1994ء کے فٹ بال ورلڈ کپ ٹورنامنٹ میں کس ملک کے کس کھلاڑی نے معمر ترین کھلاڑی ہونے کا ریکارڈ قائم کیا تھا؟

ج :- کیمرون کے 42 سالہ کھلاڑی راجر ملا نے

س :- 29 جون 1994ء کو فٹ بال ورلڈ کپ ٹورنامنٹ میں کس ملک کے کھلاڑی نے روس کے خلاف واحد گول کر کے معمر ترین سکورر ہونے کا اعزاز حاصل کیا تھا؟

ج :- کیمرون کے کھلاڑی راجر ملا نے

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ ٹینس کی مشہور کھلاڑی مارٹینا نیوراٹیلوا نے آل انگلینڈ کلب میں اپنا 26[illegible] واں میچ کھیل کر ومبلڈن کا نیا ریکارڈ کب قائم کیا تھا؟

ج :- 30 جون 1994ء کو

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ ٹینس کی مشہور کھلاڑی مارٹینا نے 30 جون 1994ء کو کس سابق معروف کھلاڑی کا 265 میچ کھیلنے کا ریکارڈ توڑ دیا تھا؟

ج :- بلی جین کنگ

س :- 27 سالہ طویل جلا وطنی کے بعد یاسر عرفات کب آزاد فلسطین کے شہر غزہ میں داخل ہوئے تھے؟

ج :- یکم جولائی 1994ء کو

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ دولت مشترکہ کی پندرہویں کھیلیں کب اور کس شہر میں منعقد کی گئی تھیں؟

ج :- 18 اگست 1994ء کو کو کینیڈا کے شہر وکٹوریہ میں

س :- فلسطینی ریڈیو نے باقاعدہ طور پر اپنی نشریات کا آغاز کب کیا تھا؟

ج :- 3 جولائی 1994ء کو

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ 3 جولائی 1994ء کو ہفتے کی سہ پہر ریڈیو فلسطین سے پہلا اعلان کیا نشر کیا گیا تھا؟

ج :- "فلسطینی علاقے میں رہنے والے بہنوں اور بھائیو! یہ وائس آف فلسطین ہے"

س :- مشرقی یورپ کے مسلم اکثریتی ملک البانیہ کے آخری کیمونسٹ صدر کا نام بتائیں؟

ج :- رمیض علی (عمر 68 سال)

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ البانیہ کے آخری کیمونسٹ صدر رمیض علی کو انسانی حقوق پامال کرنے اور سرکاری خزانہ میں خورد برد کرنے کے جرم میں کب نو سال قید کی سزا کا حکم سنایا گیا تھا؟

ج :- 3 جولائی 1994ء کو

س :- 1958ء میں ادب کا نوبل انعام کس شخصیت کو دیا گیا تھا؟

ج :- فرانس کے کلاؤڈے سائمن

س :- یہ بتائیے کہ جاپان کی پہلی خاتون خلا باز چیا کی نیٹو مکائی کب خلا میں گئی تھی؟

ج :- 8 جولائی 1994ء

س :- 14 ویں ورلڈ کپ فٹ بال ٹورنامنٹ کے میزبان ملک کا نام بتائیں؟

ج :- اٹلی

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ صدر کم ال سنگ نے کتنا عرصہ تک شمالی کوریا پر حکمرانی کی تھی؟

ج :- 46 برس

س :- 46 برس تک شمالی کوریا پر حکمرانی کرنے والے صدر کم ال سنگ کا انتقال کب ہوا تھا؟

ج :- 9 جولائی 1994ء کو 82 سال کی عمر میں

س :- 10 جولائی 1994ء کو نیپال کے وزیر اعظم نے اپنے عہدہ سے استعفیٰ دے دیا تھا وزیر اعظم کا نام بتائیں؟

ج :- گرجا پرشاد کوئرالا

س :- 1986ء میں ادب پر نوبل انعام کس شخصیت کو دیا گیا تھا؟

ج :- نائجیریا کے وول سوئنکا کو

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ فٹ بال ورلڈ کپ ٹورنامنٹ برازیل نے چوتھی مرتبہ کس ملک کو اور کب شکست دے کر اعزاز جیتا تھا؟

ج :- 17 جولائی 1994ء کو اٹلی کو دو کے مقابلے میں تین گول سے شکست دے کر۔

س :- 1994ء کے فٹ بال ورلڈ کپ میں حصہ لینے والی اس واحد ٹیم کا نام بتائیں جو ایک بھی گول کرنے میں کامیاب نہ ہو سکی؟

ج :- یونان کی ٹیم

س :- روانڈا میں صدر پاسکہ بمنگو نے کب اپنے عہدہ کا حلف اٹھایا تھا؟

ج :- 19 جولائی 1994ء کو

س :- دنیا میں ٹیسٹ ٹیوب کے ذریعہ پیدا کی جانے والی پہلی شارک کب پیدا ہوئی تھی؟

ج :- جولائی 1994ء کو

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ دنیا میں ٹیسٹ ٹیوب کے ذریعہ پیدا کی جانے والی پہلی شارک کا نام کیا رکھا گیا تھا؟

ج :- لکی

س :- 1987ء میں ادب پر نوبل انعام کس شخصیت کو دیا گیا تھا؟

ج :- امریکہ کے جوزف براڈسکی کو

س :- 23 جولائی 1994ء کو گیمبیا میں فوج نے کس صدر کی حکومت کا تختہ الٹ دیا تھا؟

ج :- صدر داؤد جوارا

س :- سپین کی مشہور شاعرہ اور ناول نگار روساچا چیل کا انتقال

کب ہوا تھا؟

ج :- 30 جولائی 1994ء کو

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ جنوبی افریقہ کی آزادی کے لئے لڑنے والی تنظیم "ساؤتھ افریقین فرنٹ لائن آرگنائزیشن" کو کب توڑ دیا گیا تھا؟

ج :- 31 جولائی 1994ء کو

س :- اردن کے شاہ حسین نے پہلی مرتبہ کب خود طیارہ چلاتے ہوئے اسرائیلی علاقے پر پرواز کی تھی؟

ج :- 3 اگست 1994ء کو

س :- جاپانی تاریخ کی سب سے بڑی ڈکیتی پانچ اگست 1994ء کو ہوئی تھی یہ بتائیے کہ اس ڈکیتی میں کتنی مالیت کی جاپانی کرنسی ڈاکو لوٹ کر لے گئے تھے؟

ج :- 54 لاکھ ڈالر مالیت کی جاپانی کرنسی ایک بنک سے لوٹی گئی

س :- مارچ 1987ء کو پاکستان کے مشہور موٹر سائیکلسٹ سلطان محمد گولڈن نے 269 فٹ لمبی موٹر سائیکل جمپ لگا کر عالمی ریکارڈ قائم کیا تھا یہ بتائیے کہ سلطان محمد گولڈن کا نام گینز بک آف ورلڈ ریکارڈ میں کب درج کیا گیا؟

ج :- اگست 1994ء کو

س :- کیا آپ اس چوتھے پاکستانی کا نام جانتے ہین کہ جس کا نام گینز بک آف ورلڈ ریکارڈ میں درج ہے؟

ج :- سلطان محمد گولڈن

س :- 1988ء میں ادب پر نوبل انعام کس شخصیت کو دیا گیا تھا؟

ج :- مصر کے نجیب محفوظ کو

س :- ڈومنی کن کے مسلسل ساتویں بار منتخب ہونے والے صدر کا نام بتائیں؟

ج :- جواکین بیلا گر

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ مسٹر جواکین بیلا گر کب ساتویں مرتبہ ڈومنی کن کے صدر منتخب ہوئے تھے؟

ج :- 14 اگست 1994ء کو

س :- کیا آپ جانتے ہین کہ 19 اگست 1994ء کو سری لنکا کی وزارت اعظمیٰ کا حلف کس خاتون شخصیت نے اٹھایا تھا؟

ج :- چندریکا کمارا تنگا

س :- یو ایس اوپن کی 108 سالہ تاریخ میں پہلی مرتبہ کب اور کس سپینش کھلاڑی نے اعزاز جیتا تھا؟

ج :- ستمبر 1994ء میں سپینش کھلاڑی سانچز نے

س :- ستمبر 1994ء آپ جانتے ہیں کہ جان شیر خان نے چھٹی مرتبہ عالمی اوپن سکواش کا اعزاز کب جیتا تھا؟

ج :- ستمبر 1994ء کو

س :- 1989ء میں ادب کا نوبل انعام کس شخصیت کو دیا گیا تھا؟

ج :- سپین کے کیمیلو جوزسیلا کو

س :- یہ بتائیے کہ جان شیر خان نے جہانگیر خان کا چھ مرتبہ عالمی اوپن سکواش جیتنے کا ریکارڈ کب برابر کیا تھا؟

ج :- ستمبر 1994ء کو

س :- ستمبر 1994ء میں بھارت میں ایک زبردست مہلک وبائی مرض پھیل گیا تھا جس سے ہزاروں لوگ ہلاک ہو گئے تھے وبا کا نام بتائیں؟

ج :- طاعون

س :- یہ بتائیے کہ بارہویں ایشن گیمز جاپان کے کس شہر میں ہوئے تھے؟

ج :- ہیروشیما

س :- جاپان کے شہر ہیروشیما میں ہونے والے بارہویں ایشین گیمز کا افتتاح کس شخصیت نے کیا تھا؟

ج :- جاپان کے شہنشاہ اکی ہیٹو نے

س :- بارہویں ایشین گیمز ہیروشیما کے کس مشہور اسٹیڈیم میں ہوئے تھے؟

ج :- بگ اسٹیڈیم

س :- بارہویں ایشین گیمز کا آغاز کب ہوا تھا؟

ج :- 2 اکتوبر 1994ء کو

س :- چار اکتوبر 1994ء کو چین کے ایک صوبہ یں ایک جھیل کا پل گر گیا تھا جس سے 160 مقامی سیاح جھیل میں ڈوب گئے

بتائیے یہ واقعہ چین کے کس صوبہ کے کس مقام پر پیش آیا تھا؟

ج :- صوبہ گوانگ ڈونگ میں گوانگ ژو سے تقریباً" ساٹھ کلو میٹر شمالی مشرق یں واقعی تفریح مقام "کانگ ہوا" جھیل کا پل

س :- 13 اکتوبر 1994ء کو ایران کا ایف 28 فوکر طیارہ تہران سے 330 کلو میٹر دور کارکس کے پہاڑی سلسلے میں گر کر تباہ ہو گیا تھا بتائیے اس حادثہ میں کل کتنے افراد ہلاک ہو گئے تھے؟

ج :- 59 مسافروں اور عملے کے سات افراد سمیت کل 66 افراد

س :- پندرہ اکتوبر 1994ء کو بھارت نے جنوبی بھارت میں مری ہری کوٹہ کے مقام پر قائم خلائی مرکز سے ایک انتہائی طاقتور راکٹ سے ایک سیارہ مدار میں پہنچایا تھا سیارے کا وزن اور لمبائی بتائیں؟

ج :- وزن 870 کلو اور لمبائی 132 فٹ (44 میٹر)

س :- اردن اور اسرائیل کے مابین امن معاہدہ سودے پر ابتدائی دستخط کب ہوئے تھے؟

ج :- 17 اکتوبر 1994ء کو

س :- مصر کے بعد اُس دوسرے عرب ملک کا نام بتائیں جس کا اسرائیل کے ساتھ باقاعدہ امن سمجھوتہ ہوا؟

ج :- اردن

س :- 1991ء میں ادب کا نوبل انعام کس شخصیت کو دیا گیا تھا؟

ج :- جنوبی افریقہ کے نادین گورڈیمار کو

س :- 1992ء میں ادب کا نوبل انعام کس شخصیت کو دیا گیا تھا؟

ج :- سینٹ لوسین کے ڈیرک والکوٹ کو

س :- 1993ء میں ادب کا نوبل انعام کس شخصیت کو دیا گیا تھا؟

ج :- امریکہ کے ٹونی موری سن کو

س :- 1994ء میں ادب کا نوبل انعام کس شخصیت کو دیا گیا تھا؟

ج :- جاپان کے کنزا بوروار کو

س :- نوبل امن انعام دینے کی تاریخ میں پہلی مرتبہ کب ایک ہی انعام تین شخصیات کو دینے کا اعلان کیا گیا؟

ج :- سال 1994ء میں

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ 1994ء میں نوبل انعام برائے امن کن تین شخصیات کو دیا گیا؟

ج :- فلسطین کے یاسر عرفات' اسرائیل کے وزیر اعظم اضحاق رابن اور وزیر خارجہ شمعون پیریز

س :- اکتوبر 1994ء میں بھارت کے صوبہ راجستھان میں کس مرض کے پھیلنے سے چار ہزار افراد ہلاک اور 78 ہزار سے زائد افراد سے متاثر ہوئے تھے؟

ج :- ملیریا

س :- اٹلی کے اس جمناسٹک کے ماہر کا نام بتائیں جس نے ستمبر 1994ء میں مسلسل 28 گھنٹے اور 42 منٹ سر کے بل کھڑے رہنے کا عالمی ریکارڈ قائم کیا؟

ج :- 30 سالہ مائیکل

س :- ورلڈ ہیوی ویٹ چمپئن باکسنگ کی تاریخ میں سب سے پہلے کس باکسر نے اور کب معمر ترین ورلڈ ہیوی ویٹ چمپئن کا اعزاز حاصل کیا تھا؟

ج :- جیری جو والکٹ 1951ء میں 37 سال کی عمر میں

س :- باکسنگ کی تاریخ میں سب سے زیادہ معمر ترین عالمی ہیوی ویٹ چمپئن کا اعزاز کس نے اور کب حاصل کیا تھا؟

ج :- جارج فورمین نے 5 نومبر 1994ء کو 45 سال کی عمر میں

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ 5 نومبر 1994ء کو امریکی ریاست نواوا کے شہر لاس ویگاس میں ہونے والے ایک بین الاقوامی مقابلہ میں جارج فورمین نے کس مشہور باکسر کو دسویں راؤنڈ میں ناک آؤٹ کر کے معمر ترین عالمی ہیوی ویٹ چمپئن کا اعزاز حاصل کیا تھا؟

ج :- امریکی ہیوی ویٹ چمپئن مائیکل موار کو

س :- کیا آپ سری لنکا کی پہلی خاتون صدر کا نام جانتے ہیں؟

ج :- مسز چندریکا کمارا تنگا

س :- سری لنکا کی پہلی خاتون صدر مسز چندریکا کمار تنگا نے کب صدر کے عہدہ کا حلف اٹھایا تھا؟

ج :- 12 نومبر 1994ء کو

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ ہلمٹ کوہل جرمنی کے 5 ویں بار

چانسلر کب منتخب ہوئے تھے؟

ج :- 15 نومبر 1994ء کو

س :- 1982ء سے 1994ء تک جرمنی کے مسلسل منتخب ہونے والے چانسلر کا نام بتائیں؟

ج :- ہلمٹ کوہل

س :- ٹینس کی تاریخ ساز کھلاڑی مارٹینا نے اپنا پہلا ومبلڈن ٹائٹل کب اور کتنی عمر میں جیتا تھا؟

ج :- 1978ء میں 21 سال کی عمر میں

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ ٹینس کی مشہور کھلاڑی مارٹینا نے دنیائے ٹینس کو خیرباد کہنے کا اعلان کب کیا تھا؟

ج :- 16 نومبر 1994ء کو

س :- آٹھواں ورلڈ کپ ہاکی ٹورنامنٹ کب اور کس شہر میں ہوا تھا؟

ج :- 23 نومبر 1994ء کو آسٹریلیا کے شہر سڈنی میں

س :- آٹھواں ورلڈ کپ ہاکی ٹورنامنٹ کس ملک نے اور کب جیتا تھا؟

ج :- پاکستان نے ہالینڈ کو ہرا کر 4 دسمبر 1994ء _

س :- تیرہ جنوری 1995ء کو پاکستان کے بین الاقوامی شہرت یافتہ سٹنٹ مین سلطان محمد خان گولڈن نے فیصل آباد میں کس چیز کا منفرد عالمی ریکارڈ قائم کیا تھا؟

ج :- 153 فٹ ریورس موٹر کار جمپ

س :- 20 جنوری 1995ء کو ایران کے ایک سابق وزیراعظم 88 سال کی عمر میں سوئیزرلینڈ کے کے ایک ہسپتال میں انتقال کر گئے۔ نام بتائیے؟

ج :- مہدی بازرگان

س :- امریکہ کے 35 ویں صدر جان ایف کینیڈی کی والدہ روز کینیڈی کب، کتنی عمر میں اور کس عارضہ سے انتقال کر گئیں؟

ج :- جنوری 1995ء میں 104 سال کی عمر میں نمونیہ سے

س :- کیا آپ برطانیہ کی پہلی لڑاکا پائلٹ خاتون کا نام جانتے ہیں؟

ج :- جون سالٹر

س :- یہ بتائیے کہ برطانیہ نے خواتین کو جیٹ لڑاکا طیارے اڑانے کی اجازت کب دی تھی؟

ج :- 1991ء میں

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ برطانیہ کی پہلی لڑاکا پائلٹ خاتون 26 سالہ فلائیٹ لیفٹیننٹ جان سالٹر نے کب یہ اعزاز حاصل کیا تھا؟

ج :- 11 فروری 1995ء کو

س :- جلدی سے بتائیے کہ ہمسایہ ملک ایران میں اسلامی انقلاب کی سولہویں سالگرہ کب منائی گئی تھی؟

ج :- فروری 1995ء میں

س :- یہ بتائیے کہ موٹوں کا دیس کس ملک کو کہا جاتا ہے؟

ج :- بحرالکاہل جنوبی کی ریاست ٹونگا جہاں کی اکثریت موٹاپے کا شکار ہے

س :- گنیز بک آف ورلڈ ریکارڈ کے مطابق اس بادشاہ کا نام بتائیں جو دنیا کا موٹا ترین بادشاہ تھا؟

ج :- ٹونگا کا بادشاہ طاؤفا آدھا ٹوپو چہارم

س :- امریکہ کے مشہور اتھلیٹ مائیکل جانسن نے کب چار سو میٹر کی انڈور ریس 44.97 سیکنڈ میں جیت کر نیا عالمی ریکارڈ قائم کیا تھا؟

ج :- فروری 1995ء میں

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ امریکی اتھلیٹ مائیکل جانسن سے پہلے امریکہ ہی کے ایک اتھلیٹ ڈینی ایوریٹ نے چار سو میٹر کی انڈور ریس میں کیا ریکارڈ قائم کیا تھا؟

ج :- انہوں نے 1992ء میں مقررہ فاصلہ 45.2 سیکنڈ میں طے کرکے عالمی ریکارڈ قائم کیا تھا جسے 1995ء میں مائیکل جانسن نے توڑ دیا۔

س :- یہ بتایئے کہ امریکہ کی کس عالمی چیمپئن خاتون سپیڈ سکیٹر نے فروری 1995ء میں پانچ سو میٹر کے خواتین کی ریس کا نیا عالمی ریکارڈ قائم کیا تھا؟

ج :- بونی بلیر

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ فروری 1995ء میں امریکہ کی عالمی چیمپئن خاتون سپیڈ سکیٹر بونی بلیر نے پانچ سو میٹر کی خواتین کی ریس کا فاصلہ کتنی مدت میں طے کرکے عالمی ریکارڈ قائم کیا تھا؟

ج :- 38.69 سیکنڈ میں

س :- امریکی ٹیلی ویژن سے پہلی بار مارچ 1995ء میں ایک ایسا پروگرام شروع کیا گیا جو صرف موٹے لوگوں کے بارے میں ہے پروگرام کا نام بتائیں؟

ج :- بگ پیپل نیوز

س :- امریکی ٹیلی ویژن کا مشہور پروگرام "بگ پیپل نیوز" کس شہر سے نشر کیا جاتا ہے؟

ج :- امریکی ریاست آئیووا کے شہر گرائمز سے

س :- 1995ء میں گینز بک آف ورلڈ ریکارڈ کے مطابق دنیا کے سب سے پست قد شخص کا نام اور قد بتائیں؟

ج :- بھارت کا گل محمد جس کا قد 22 انچ

س :- "دی اولڈ مین اینڈ دی گورمز" کس کی تصنیف ہے؟

ج :- برطانیہ کے شہزادہ چارلس کی

س :- کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ برطانیہ کے شہزادہ چارلس کی کس کتاب سے ماخوذ ایک فلم 1993ء میں برطانوی ٹیلی ویژن سے ٹیلی کاسٹ ہوئی تھی؟

ج :- دی اولڈ مین اینڈ دی گورمز

س :- 67 ویں آسکر فلم ایوارڈ کا اعلان کب اور کہاں ہوا تھا؟

ج :- 28 مارچ 1995ء کو لاس اینجلس میں

س :- یہ بتایئے کہ سال 1995ء میں بہترین اداکار کا آسکر ایوارڈ کس مشہور اداکار کو دیا گیا تھا؟

ج :- اداکار ٹوم ھانکز کو فلم فارسٹ گرمپ میں بہترین اداکاری کرنے پر

س :- کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ سال 1995ء میں بہترین اداکارہ کا آسکر ایوارڈ کس اداکارہ کو دیا گیا تھا؟

ج :- فلم بلیو سکائی میں بہترین کام کرنے پر اداکارہ جاسیکا لانج کو

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ سال 1995ء میں بہترین معاون اداکارہ آسکر ایوارڈ کس اداکار کو دیا گیا تھا؟

ج :- فلم ایڈورڈ میں بہترین کام کرنے پر اداکار مارٹن لانڈو کو

س :- یہ بتایئے کہ سال 1995ء میں بہترین معاون اداکار کا آسکر ایوارڈ کس اداکارہ کو ملا تھا؟

ج :- فلم بولٹز اوور براڈے میں بہترین کام پر اداکارہ ڈینی ویسٹ کو

س:- کیا آپ جانتے ہیں کہ سال 1995ء میں بہترین ڈاکومیٹری فلم کا آسکر ایوارڈ کس فلم کو دیا گیا تھا؟

ج:- فلم مایہ لائن کو

س:- یہ بتایئے کہ سال 1995ء میں بہترین ہدایت کاری کا آسکر ایوارڈ کس فلمی ہدایتکار کو دیا گیا تھا؟

ج:- فارسٹ گرمپ فلم کے ہدایت کار روبرٹ زمیکز

س:- چین کا معمر ترین شخص گوانگ لیفا کب اور کتنی عمر میں انتقال کر گیا تھا؟

ج:- 30 مارچ 1995ء کو 147 سال کی عمر میں

س:- کیا آپ جانتے ہیں کہ 25 مارچ 1995ء کو 1095 دن کی سزا کاٹنے کے بعد کس مشہور عالمی ہیوی ویٹ باکسنگ چیمپئن کو انڈیانا جیل سے رہا کیا گیا تھا؟

ج:- ملک عبدالعزیز کو (مائیک ٹائی سن سابقہ نام)

س:- تائیوان کی نیشنل یونیورسٹی کے ایک سائنسدان اوریجن یو ان نے ایک ایسا کمپیوٹر تیار کیا جو چینی زبان میں کسی تقریر کو سنتا اور پھر اسے چینی رسم الخط میں ٹائپ بھی کر دیتا ہے اس کمپیوٹر کا نام گولڈن منڈرین نمبر 3 رکھا گیا اس کمپیوٹر میں تیرہ ہزار چینی حروف موجود ہیں اور گیارہ سال کی محنت کے بعد تیار ہوا ہے یہ بتایئے کہ یہ کمپیوٹر کب تیار ہو کر مکمل ہوا تھا؟

ج:- مارچ 1995ء میں

س:- یہ بتایئے کہ 1995ء کے صدارتی انتخاب میں ترک قبرص کے کون سے رہنما کامیاب ہوئے تھے؟

ج:- رؤف وینکتاش

س:- جلدی سے بتایئے کہ 1995ء میں سنوکر کے عالمی چیمپئن کون تھے؟

ج:- پاکستان کے محمد یوسف

س:- کیا آپ جانتے ہیں کہ مصر کے فرعون توت کا اہرام کتنے فٹ بلند ہے؟

ج:- 482 فٹ بلند اور 876 مربع فٹ پر مشتمل ہے

س:- کیا آپ جانتے ہیں کہ مقبوضہ کشمیر میں حضرت نورالدین ولی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کی درگاہ کہاں پر واقع ہے؟

ج:- سری نگر سے چالیس کلومیٹر دور چرار شریف میں

س:- چرار شریف میں واقع حضرت نور الدین ولی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کی درگاہ کو اور مسجد کو بھارتی فوجیوں نے کب بمباری کر کے شہید کر دیا تھا؟

ج:- جمعرات 11 مئی 1995ء کو

س:- کیا آپ جانتے ہیں کہ ایتھوپیا کے کس کھلاڑی نے جون 1995ء میں دس ہزار میٹر کی ریس میں عالمی ریکارڈ قائم کیا تھا؟

ج:- گبر سیلاسی

س:- کیا آپ جانتے ہیں کہ جون 1995ء میں ایتھوپیا کے

کھلاڑی گبر سیلاسی نے دس ہزار میٹر کی ریس کا مقررہ فاصلہ کتنی مدت میں طے کرکے عالمی ریکارڈ قائم کیا تھا؟

ج :- 26 منٹ اور 43.53 سیکنڈ میں

س :- یہ بتائیے کہ جون 1995ء میں ایتھوپیا کے کھلاڑی گبر سیلاسی کے قائم کردہ عالمی ریکارڈ سے پہلے دس ہزار میٹر کی ریس میں عالمی ریکارڈ کس نے قائم کیا تھا؟

ج :- کینیا کے کھلاڑی ویلیم سیگائی نے 1994ء میں اوسلو میں 26 منٹ اور 52.23 سیکنڈ میں مقررہ فاصلہ طے کرکے قائم کیا تھا۔

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ دنیا کے پہلے کمپیوٹر کے موجد جان ایٹاناسوف کا انتقال کب ہوا تھا؟

ج :- 17 جون 1995ء کو 91 سال کی عمر میں

س :- پاکستان کے بین الاقوامی شہرت یافتہ کرکٹر عمران خان کی شادی کب اور کہاں ہوئی تھی؟

ج :- 20 جون 1995ء کو برطانیہ میں

س :- جولائی 1995ء میں امریکہ کے ایک کاشتکار نے جس کا نام بوبی ویکلے تھا کس چیز کی کاشت کرکے نیا ریکارڈ قائم کیا تھا؟

ج :- 280 پاؤنڈ وزنی تربوز پیدا کرکے

س :- یہ بتائیے کہ "میلانیورا" کیا ہے؟

ج :- یہ ایک 25 فٹ لمبا اور ایک انچ چوڑا زمینی کیڑا ہے جو

ماہرین حیوانات نے سال 1995ء میں دریافت کیا

س :- دنیا میں اپنی نوعیت کا سب سے پہلا ہسپتال ناروے میں قائم ہے جہاں پر مریضوں کا علاج نہیں ہوتا بتائیے کہ وہاں پر کن کا علاج کیا جاتا ہے؟

ج :- ایسے لوگوں کا علاج کیا جاتا ہے جو اپنے آپ کو مریض تصور کرتے ہیں۔

س :- یہ بتائیے کہ محمد علی کے بعد دوسرے مسلمان باکسنگ ہیوی ویٹ ورلڈ چیمپئن کا نام کیا ہے؟

ج :- ملک عبدالعزیز (سابقہ نام مائک ٹائی سن)

س :- امریکہ کے کسی شہر کے سب سے کم عمر منتخب میئر کا نام بتائیں؟

ج :- لوئی ویلڈز

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ امریکہ کے لوئی ویلڈز جنہیں امریکہ کے کسی شہر کا سب سے کم عمر میئر ہونے کا اعزاز حاصل ہے کب اور کس شہر کے میئر منتخب ہوئے؟

ج :- اگست 1995ء میں نوگلیز شہر

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ پہلی عالمی کانفرنس نسواں کب اور کس شہر میں منعقد ہوئی تھی؟

ج :- 1975ء میں میکسیکو میں

س :- یہ بتائیے کہ خواتین کی چوتھی عالمی کانفرنس کب اور کس

شہر میں منعقد ہوئی تھی؟

ج :- چار ستمبر 1995ء کو چین کے شہر بیجنگ میں

س :- پاکستان میں پہلی بار "یوم بحریہ" کب باقاعدہ طور پر بنایا گیا؟

ج :- آٹھ ستمبر 1995ء کو

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ فلسطینی پاسپورٹ پہلی مرتبہ کب جاری کیا گیا تھا؟

ج :- اپریل 1995ء

س :- پاکستان کا بائیسواں ریڈیو اسٹیشن کس شہر میں قائم کیا گیا تھا؟

ج :- لاڑکانہ میں

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ پاکستان کا صوبہ سندھ میں چوتھا ریڈیو اسٹیشن کس شہر میں قائم کیا گیا تھا؟

ج :- لاڑکانہ

س :- 18 ستمبر 1995ء کو انٹرنیشنل کانفرنس برائے صحت کس شہر میں منعقد ہوئی تھی؟

ج :- یوگنڈا کے دارالحکومت کمپالا میں

س :- ایشیائی ترقیاتی بنک کے 56 ویں ممبر ملک کا نام بتائیں؟

ج :- ازبکستان

س :- یہ بتایئے کہ ازبکستان کو ایشیائی ترقیاتی بنک نے کب اپنا

ممبر بنایا تھا؟

ج :- 13 ستمبر 1995ء کو

س :- خواتین کی چوتھی عالمی کانفرنس منعقدہ بیجنگ کی صدارت کس خاتون نے کی تھی؟

ج :- چین کی چن مهویا

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ بیجنگ میں ہونے والی چوتھی عالمی کانفرنس نسواں میں کتنے ملکوں کے وفود نے شرکت کی تھی؟

ج :- 107 ممالک کے دس ہزار وفود نے

س :- یہ بتایئے کہ بیجنگ میں ہونے والی چوتھی عالمی کانفرنس نسواں میں کتنی تعداد میں خاتون نمائندوں نے شرکت کی تھی؟

ج :- 45000 ہزار

س :- یہ بتایئے کہ خواتین کی چوتھی بین الاقوامی کانفرنس منعقدہ بیجنگ کب ختم ہوئی تھی اور کتنے دن جاری رہی؟

ج :- 15 ستمبر 1995ء کو گیارہ دن جاری رہنے کے بعد

س :- ایئر فرانس کے ایک کنکارڈ طیارے نے اگست 1995ء میں دنیا کے گرد چکر لگا کر ایک نیا عالمی ریکارڈ قائم کیا تھا یہ بتایئے کہ طیارے نے یہ فاصلہ کتنے وقت میں طے کیا تھا؟

ج :- اس طیارے نے نیویارک سے پرواز کے بعد 31 گھنٹے 27 منٹ اور 49 سیکنڈ میں دنیا کا چکر لگا کر واپس نیویارک پہنچ کر عالمی ریکارڈ قائم کیا

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ اس سے قبل کا قائم کردہ عالمی ریکارڈ کیا تھا؟

ج :- اس سے قبل کا ریکارڈ 32 گھنٹے 39 منٹ کا تھا جو کہ اکتوبر 1992ء میں قائم کیا گیا تھا اور جہاز پر 98 مسافر سوار تھے

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ دنیا کا پہلا ایٹمی دھماکہ کس ملک نے اور کب کیا تھا؟

ج :- امریکہ نے جولائی 1945ء میں نیو میکسیکو کے صحرا میں

س :- یہ بتائیے کہ چین نے اپنا پہلا ایٹمی دھماکہ کب کیا تھا؟

ج :- 1964ء میں

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ بھارت کے نوبل انعام یافتہ سائنسدان ڈاکٹر سبرانیم چندر شیکھر کب اور کہاں پیدا ہوئے تھے؟

ج :- 1910ء میں لاہور میں

س :- یہ بتائیے کہ بھارتی نژاد امریکی سائنسدان چندر شیکھر کو فزکس کا نوبل انعام کب دیا گیا تھا؟

ج :- 1983ء میں

س :- یہ بتائیے کہ نوبل انعام یافتہ سائنسدان چندر شیکھر کا انتقال کب ہوا تھا؟

ج :- ستمبر 1995ء میں شکاگو میں

س :- کیا آپ نشریاتی ادارہ سی این این کے بانی کا نام جانتے

ہیں؟

ج :- ٹیڈ ٹرنر

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ 15 جولائی 1995ء تک اقوام متحدہ کے رکن ممالک کے ذمہ کتنے بلین ڈالر کی رقم واجب الادا ہے؟

ج :- 2.65 بلین ڈالر

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ اقوام متحدہ کا سب سے زیادہ مقروض ملک کون سا ہے؟

ج :- امریکہ

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ جولائی 1995ء تک امریکہ کے ذمہ اقوام متحدہ کی کتنی رقم واجب الادا ہے؟

ج :- باقاعدہ بجٹ کی مد میں 527 ملین ڈالر جبکہ 650 ملین ڈالر امن اپریشنوں کی مد میں واجب الادا ہیں۔

س :- یہ بتائیے کہ بین الاقوامی قانون کمیشن کا سینتالیسواں اجلاس کب اور کہاں منعقد ہوا تھا؟

ج :- دو مئی سے بارہ مئی 1995ء تک جینوا میں

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ اقوام متحدہ کے زیراہتمام غیر سرکاری تنظیموں کی 48 ویں سالانہ کانفرنس کب اور کہاں منعقد ہوئی؟

ج :- 18 تا 29 ستمبر 1995ء کو نیویارک میں

س :- یہ بتائیے کہ ہانگ کانگ میں برطانوی حکومت کے زیر کنٹرول آخری انتخابات کب ہوئے تھے؟

ج :- ستمبر 1995ء میں

س :- پولینڈ کے پہلے غیر کیمونسٹ وزیراعظم کا نام بتائیں؟

ج :- مازوویکی

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ خواتین کی دوسری عالمی کانفرنس کب اور کس شہر میں منعقد ہوئی تھی؟

ج :- 1980ء میں ڈنمارک کے شہر کوپن ہیگن میں

س :- یہ بتائیے کہ خواتین کی تیسری عالمی کانفرنس کب اور کس شہر میں منعقد ہوئی تھی؟

ج :- 1985ء میں نیروبی میں

س :- دنیا میں کتابوں کی سب سے بڑی دکان کہاں پر واقع ہے؟

ج :- برطانیہ کے شہر لندن کے ڈبلیو اینڈ جی فوائل لمیٹڈ دنیا کی سب سے بڑی کتابوں کی دوکان ہے جہاں سب سے زیادہ کتابیں فروخت کے لیے موجود رہتی ہے اس دکان کے شیلف جن پر کتابیں رکھی ہیں دنیا میں سب سے زیادہ طویل سمجھے جاتے ہیں ان کی مجموعی لمبائی تقریباً" پچاس کلومیٹر بنتی ہے 1904ء میں لندن کے ایک نواحی علاقے واشنگٹن میں یہ ایک چھوٹی سی کتابوں کی دکان تھی جو کہ 119 - 113 چیئرنگ کراس روڈ پر منتقل ہو چکی ہے۔

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ دنیا کا سب سے بڑا گلوب کتنے وزن اور کتنے حجم میں تھا؟

ج :- دنیا کے سب سے بڑے ریوالونگ گلوب کا قطر دس میٹر اور وزن تیس ٹن ہے اس کو گلوب آف پیس کہا جاتا ہے اس گلوب کو ایک اطالوی باشندے نے 1982ء سے 1987ء کے دوران تیار کیا تھا

س :- کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ امریکی صدر کی رہائش گاہ کو وائٹ ہاؤس کیوں کہا جاتا ہے؟

ج :- 1812ء کی جنگ کے دوران اس عمارت کو زبردست نقصان پہنچا تھا عمارت کے بدنما داغوں اور دھبوں کو چھپانے کیلیئے اس پر سفید رنگ کر دیا گیا جس کی وجہ سے لوگ اسے وائٹ ہاؤس کہنے لگے تاہم اس بات کی تصدیق سرکاری طور 1902ء میں ہوئی تھی

س :- کیا آپ دنیا کے سب سے بڑے اور وزنی دروازے کے بارے میں جانتے ہیں؟

ج :- امریکہ کی ریاست فلوریڈا کی وہیکل اسمبلی کے چار دروازوں کو سب سے بڑے دروازے کہا جاتا ہے جن کی اونچائی 140 میٹر ہے جبکہ کیلی فورنیا کی لارنس لیور، مور نیشنل لیبارٹری کے لینز ٹارگٹ روم کا دروازہ سب سے وزنی ہے جس کا وزن 326.5 ٹن ہے اور یہ دروازہ 6.43 میٹر اونچا ہے۔

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ مشہور سائنسدان آئن اسٹائن کی آنکھیں چالیس سال تک کس آئی بنک میں محفوظ کر کے رکھی گئی تھیں؟

ج :- نیوجرسی کے ایک آئی بنک میں

س :- کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ آئن اسٹائن کی آنکھیں کس مشہور ڈاکٹر کی ملکیت ہیں؟

ج :- نیوجرسی کے ڈاکٹر ہنری ابرامز کی جو کہ 1955ء تک آئن شائن کے ذاتی معالج امراض چشم رہے

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ کب یہ انکشاف ہوا تھا کہ آئن شائن کی آنکھیں نیوجرسی کے ایک آئی بنک میں رکھی ہوئی ہیں؟

ج :- جولائی 1995ء میں

س :- کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ مشہور سائنسدان آئن شائن کا دماغ کس ڈاکٹر کے پاس دماغی تحقیق کیلئے موجود ہے؟

ج :- کیناس کے ایک اپارٹمنٹ میں ایک پیتھالوجسٹ ڈاکٹر تھامس ہاروے کے پاس

س :- یہ بتایئے کہ مشہور سائنسدان آئن شائن کو کہاں دفن کیا گیا تھا؟

ج :- ان کو دفن نہیں کیا گیا تھا بلکہ 18 اپریل 1955ء کو دوپہر کے وقت ان کی لاش کو جلا دیا گیا تھا اور راکھ موقع پر ہی بکھیر دی گئی تھی

س :- دنیا میں سب سے زیادہ تیل نکالنے والے چشمے کس اسلامی ملک میں ہیں؟

ج :- کویت

س :- سعودی عرب کا قومی دن کس تاریخ کو ہوتا ہے؟

ج :- 23 ستمبر

س :- دنیا بھر میں اپنی نوعیت کا پہلا "جوتوں کا میوزیم" کس شہر میں قائم کیا گیا ہے؟

ج :- کینیڈا کے شہر ٹورنٹو میں

س :- یہ بتایئے کہ کینیڈا کے شہر ٹورنٹو میں قائم "جوتوں کا میوزیم" کب عوام کے لیے باقاعدہ طور پر کھول دیا گیا تھا؟

ج :- چھ مئی 1995ء کو

س :- پاکستان میں پہلی مرتبہ کب شترمرغ کے انڈوں سے بچے پیدا ہوئے تھے؟

ج :- اگست 1995ء میں جلوسفاری پارک لاہور شتر مرغ کے چار انڈوں سے بچے پیدا ہوئے تھے

س :- برطانیہ کے اخبار "سن اور سٹار" نے سعودی عرب کے بادشاہ شاہ فہد کو "دل کا بادشاہ" کا خطاب دیا بتایئے کیوں؟

ج :- سال 1995ء میں شاہ فہد نے ایک چار سالہ بچی کے علاج کے لیے ڈیڑھ لاکھ پاؤنڈ یعنی تقریباً ستر لاکھ روپے عطیہ دیے تھے

س :- یہ بتائیے کہ امریکی سینٹ نے 21 ستمبر 1995ء کو کس سینیٹر کی طرف سے پیش کی جانے والی ترمیم جو کہ پریسلر قانون میں ترمیم کے بارے میں تھی منظور کی تھی؟

ج :- سینیٹر براؤن

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ 21 ستمبر 1995ء کو سینیٹر براؤن کی طرف سے پیش کی گئی پریسلر قانون میں ترمیم کتنے ووٹوں سے منظور کی گئی تھی؟

ج :- 45 کے مقابلے میں 55 ووٹوں سے

س :- مصر کے شہر قاہرہ میں منعقدہ غیر جانبدار مالک کے دوسرے اجلاس میں کتنے ممالک نے شرکت کی تھی؟

ج :- 47

س :- زمبیا کے شہر لوساکا میں منعقد ہونے والی غیر جانبدار ممالک کی تیسری کانفرنس میں کتنے ممالک نے شرکت کی تھی؟

ج :- 54

س :- یہ بتائیے کہ الجیریا کے شہر الجیئرز میں ہونے والی غیرجانبدار ممالک کی چوتھی کانفرنس میں کتنے ممالک نے شرکت کی تھی؟

ج :- 75

س :- سری لنکا کے شہر کولمبو میں ہونے والی غیرجانبدار ممالک کی پانچویں کانفرنس میں کتنے ممالک نے شرکت کی تھی؟

ج :- 86

س :- کیوبا کے شہر ہوانا میں منعقد ہونے والی غیرجانبدار ممالک کی چھٹی کانفرنس میں کتنے ممالک نے شرکت کی تھی؟

ج :- 94

س :- بھارت کے شہر دہلی میں منعقد ہونے والی غیرجانبدار ممالک کی ساتویں کانفرنس میں کتنے ممالک نے شرکت کی تھی؟

ج :- 101

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ غیر جانبدار تحریک کا اجلاس کتنی مدت کے بعد ہوتا ہے؟

ج :- ہر تین سال بعد

س :- یہ بتائیے کہ غیرجانبدار تحریک کا صدر کون سا ملک ہوتا ہے؟

ج :- جس ملک میں اس تحریک کے رکن ممالک کا اجلاس ہوتا ہے وہ ملک اگلے تین برس کے لیے اس کا صدر ہوتا ہے۔

س :- تنظیم اسلامی کانفرنس کا صدر دفتر کہاں واقع ہے؟

ج :- سعودی عرب کے شہر جدہ میں۔

س :- یہ بتائیے کہ عرب لیگ کا قیام کب عمل میں

ج :- 22 مارچ 1945ء

س :- 30 مارچ 1995ء کو کس ملک کا مسافر بردار طیارہ گر کر تباہ ہوگیا تھا جس میں 59 افراد ہلاک ہوگئے تھے؟

ج :- رومانیہ کا طیارہ جو کہ برسلز جا رہا تھا۔

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ پرتھوی میزائل کب بھارتی فوج کے حوالے کیے گئے تھے؟

ج :- 7 اپریل 1995ء کو

س :- یہ بتایئے کہ 1949ء میں برٹش اوپن سکواش چیمپئن شپ کس کھلاڑی نے جیتی تھی؟

ج :- مصر کے کھلاڑی ایم - اے کریم نے۔

س :- یہ بتایئے کہ 1950ء میں برٹش اوپن سکواش کا فاتح کون تھا؟

ج :- مصر کے کھلاڑی ایم - اے کریم

س :- یہ بتایئے کہ 1951ء اور 1952ء میں برٹش اوپن سکواش کا ٹائیٹل کس نے جیتا تھا؟

ج :- پاکستان کے ہاشم خان نے

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ 1952ء اور 1953ء میں برٹش اوپن سکواش کا فاتح کون تھا؟

ج :- پاکستان کے ہاشم خان

س :- یہ بتایئے کہ 1954ء ، 1955ء اور 1956ء میں برٹش اوپن سکواش کا فاتح کون تھا؟

ج :- پاکستان کے ہاشم خان

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ 1957ء میں برٹش اوپن سکواش کا ٹائیٹل کس نے جیتا تھا؟

ج :- پاکستان کے روشن خان نے۔

س :- یہ بتایئے کہ 1958 میں برٹش اوپن سکواش کا فاتح کون تھا؟

ج :- پاکستان کے ہاشم خان

س :- یہ بتایئے کہ 1959ء اور 1960ء میں برٹش اوپن سکواش کا فاتح کھلاڑی کون تھا؟

ج :- پاکستان کے اعظم خان

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ 1961ء اور 1962ء میں برٹش اوپن سکواش کا فاتح کون تھا؟

ج :- پاکستان کے اعظم خان

س :- یہ بتایئے کہ 1963 میں برٹش اوپن سکواش کا فاتح کون تھا؟

ج :- پاکستان کے محب اللہ خان سینئر

س :- یہ بتایئے کہ 1964 اور 1965 میں برٹش اوپن سکواش کا فاتح کون تھا؟

ج :- مصر کے کھلاڑی ابو طالب۔

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ 1966ء میں برٹش اوپن سکواش کا فاتح کون کھلاڑی تھا؟

ج :- مصر کے کھلاڑی ابوطالب۔

س :- یہ بتایئے کہ 1967ء اور 1968ء میں برٹش اوپن سکواش کا فاتح کون کھلاڑی تھا؟

ج :- آئرلینڈ کا جونا ہونیگٹن۔

س :- یہ بتایئے کہ 1969ء میں برٹش اوپن سکواش کا فاتح کون تھا؟

ج :- آسٹریلیا کے کھلاڑی جیف ہنٹ

س :- یہ بتائیے کہ 1970ء میں برٹش اوپن سکواش کا فاتح کون تھا؟

ج :- آئرلینڈ کے کھلاڑی جونا ہونیگٹن

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ 1974ء میں برٹش اوپن سکواش کا فاتح کون تھا؟

ج :- آسٹریلیا کے کھلاڑی جیف ہنٹ۔

س :- یہ بتائیے کہ 1975 میں برٹش اوپن سکواش کا فاتح کون تھا؟

ج :- پاکستان کے قمر الزمان۔

س :- یہ بتائیے کہ 1976ء سے 1981ء تک مسلسل چھ سال تک برٹش اوپن سکواش کا فاتح کون تھا؟

ج :- آسٹریلیا کے جیف ہنٹ۔

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ 1982ء سے 1991ء تک مسلسل دس برس تک برٹش اوپن سکواش کا فاتح کون تھا؟

ج :- پاکستان کے جہانگیر خان۔

س :- یہ بتائیے کہ 1992 اور 1996 تک لگاتار پانچ برس تک برٹش اوپن سکواش کا اعزاز کس نے جیتا؟

ج :- پاکستان کے جان شیر خان۔

س :- یہ بتائیے کہ امریکی صدر بل کلنٹن کو کب سینٹ میں زبردست شکست ہوئی تھی کہ بجٹ مسترد کر دیا گیا؟

ج :- 20 مئی 1995ء کو

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ 13 جون 1995ء کو پاکستان کا بجٹ کتنی مالیت کا پیش کیا گیا تھا؟

ج :- چار کھرب 31 ارب روپے۔

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ 21 جون 1995ء کو برطانیہ کے کس وزیراعظم نے حکمران کنزرویٹو پارٹی کی قیادت سے استعفیٰ دے دیا تھا؟

ج :- جان میجر

س :- سترہ جولائی 1995ء کو مڈغاسکر میں ایک طیارہ تباہ ہو گیا تھا اس طیارہ میں پاکستانی اور بھارتی ڈاکٹروں کی اکثریت سوار تھی بتائیے کتنے مسافر اس حادثہ میں ہلاک ہوگئے تھے؟

ج :- 34

س :- یہ بتائیے کہ 16 اگست 1995ء کو کس ملک نے زیر زمین ایٹمی دھماکہ کیا تھا؟

ج :- چین نے۔

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ چین نے اپنا پہلا ایٹمی دھماکہ کب کیا تھا؟

ج :- 1964ء میں۔

س :- یہ بتائیے کہ سال 1995ء تک امریکہ کتنے ایٹمی دھماکے کر چکا ہے؟

ج :- 950

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ روس سال 1995ء تک کتنے ایٹمی دھماکے کر چکا تھا؟

ج :- 600

س :- یہ بتایئے کہ فرانس سال 1995ء تک کتنے ایٹمی دھماکے کر چکا تھا؟

ج :- 200

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ برطانیہ سال 1995ء تک کتنے ایٹمی دھماکے کر چکا تھا؟

ج :- 60

س :- یہ بتایئے کہ مسٹر جیکولیس شیراک کب فرانس کے صدر منتخب ہوئے تھے؟

ج :- سات مئی 1995ء کو

س :- 28 اکتوبر 1995ء کو آذربائیجان میں ریل گاڑی میں آگ لگ گئی تھی بتایئے اس حادثہ میں کتنے مسافر زندہ جل گئے تھے؟

ج :- 300 مسافر

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ اسرائیلی وزیراعظم اسحاق رابن کو کب ہلاک کر دیا گیا تھا؟

ج :- 3 نومبر 1995ء کو

س :- 14 نومبر 1995ء کو کس ملک کے ویزے دنیا بھر میں بند کر دیئے گئے تھے؟

ج :- امریکہ

س :- یہ بتایئے کہ چین نے جدید ترین لڑاکا بمبار طیارہ F-10 کب تیار کیا تھا؟

ج :- سات دسمبر 1995ء کو

س :- 13 دسمبر 1995ء کو رومانیہ کی ایئرلائن کا ایک مسافر بردار طیارہ اٹلی میں ایک ہوائی اڈے پر اترتے ہوئے تباہ ہو گیا تھا بتایئے کہ اس میں سوار کتنے افراد ہلاک ہو گئے تھے؟

ج :- 41 افراد

س :- یہ بتایئے کہ پاکستان کی سپریم کورٹ نے کب یہ تاریخ ساز فیصلہ دیا تھا کہ سپریم کورٹ کی مستقل آسامیوں پر ایڈہاک جج مقرر نہیں کیے جاسکتے۔ سپریم کورٹ اور ہائی کورٹس کے مستقل چیف جسٹس صاحبان کی سفارش کے بغیر صدر انتظامیہ کی طرف سے اعلیٰ عدالتوں میں ہونے والی ججوں کی تقرری اور مستقلی غیر آئینی اور غیر موثر ہے؟

ج :- 20 مارچ 1996ء

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ 20 مارچ 1996ء کو پاکستان کی سپریم کورٹ نے جو تاریخ ساز فیصلہ سنایا یہ فل بنچ کون کون سے ججز پر مشتمل تھا؟

ج چیف جسٹس سجاد علی شاہ‘ مسٹر جسٹس اجمل میاں‘ مسٹر جسٹس فضل الٰہی خان‘ مسٹر جسٹس منظور حسین سیال اور مسٹر

جسٹس میر ہزار خان کھوسو۔

س :- یہ بتائیے کہ چھٹے عالمی کپ کرکٹ ٹورنامنٹ میں کتنے ملکوں کی ٹیموں نے حصہ لیا تھا؟

ج :- بارہ

س :- چھٹے عالمی کپ کرکٹ ٹورنامنٹ میں کن دو ملکوں کی ٹیموں کے مابین فائنل کھیلا گیا تھا؟

ج :- سری لنکا اور آسٹریلیا

س :- یہ بتائیے کہ چھٹے عالمی کپ کرکٹ ٹورنامنٹ کا فائنل کب اور کہاں پر کھیلا گیا تھا؟

ج :- سترہ مارچ 1996ء کو لاہور میں۔

س :- چھٹا عالمی کپ کرکٹ ٹورنامنٹ کس ملک نے جیتا تھا؟

ج :- سری لنکا نے آسٹریلیا کو سات وکٹوں سے ہرا کر

س :- سات اپریل 1996ء کو کرکٹ کی سنگر ٹرافی کا فائنل کن دو ملکوں کے مابین کھیلا گیا تھا؟

ج :- پاکستان اور سری لنکا

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ سات اپریل 1996ء کو کرکٹ کی سنگر ٹرافی کس ملک نے جیتی تھی؟

ج :- پاکستان نے سری لنکا کو 43 رنز سے ہرا کر

س :- فلسطین کی قومی کونسل نے کب بھاری اکثریت سے پی ایل او کے چارٹر میں تبدیلی کرکے اپنے منشور سے یہ شق نکال دی

کہ جس میں اسرائیل کو صفحہ ہستی سے مٹانے کا عہد کیا گیا تھا؟

ج :- اپریل 1996ء

س :- جنوبی افریقہ کی فوج نے اپنا قومی نشان جو کہ کیپ ٹاؤن قلعہ کی تصویر تھی جسے ڈچ حکمرانوں نے تعمیر کرایا تھا ختم کر دیا اور اس کی جگہ پر نو کونوں والا ستارہ نشان رکھ دیا بتائیے کب؟

ج :- 27 اپریل 1996ء

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ 19 اپریل 1996ء کو شارجہ کرکٹ کپ کا فائنل کن دو ملکوں کے مابین ہوا تھا؟

ج :- جنوبی افریقہ اور بھارت

س :- یہ بتائیے کہ 19 اپریل 1996ء کو شارجہ کرکٹ کپ کس نے جیتا تھا؟

ج :- جنوبی افریقہ نے بھارت کو 38 رنز سے ہرا کر۔

س :- پاکستان کے بین الاقوامی شہرت یافتہ کرکٹر عمران خان نے ”تحریک انصاف“ کے نام سے اپنی سیاسی جماعت قائم کرنے کا اعلان کب کیا تھا؟

ج :- 25 اپریل 1996ء

س :- مسٹر اٹل بہاری واجپائی نے بھارت کے وزیراعظم کی حیثیت سے کب حلف اٹھایا تھا؟

ج :- 16 مئی 1996ء

س :- بھارت کے وزیراعظم [illegible] بہاری واجپائی نے کب از خود

وزارت عظمیٰ سے استعفیٰ دے دیا تھا؟

ج:- 29 مئی 1996ء

س:- مسٹر ایچ ڈی دیو گوڈا نے بھارت کے وزیراعظم کی حیثیت سے کب حلف اٹھایا تھا؟

ج:- یکم جون 1996ء

س:- بھارت کے سابق وزیراعظم این سنجیو ریڈی کا انتقال کب ہوا تھا؟

ج:- 83 سال کی عمر میں یکم جون 1996ء کو۔